www.daily64news.com☆whatsapp.0305.6739105

دبئی، لاہور، اسلام آباد، بہاولپور، ملتان، کراچی میں سب سے زیادہ پڑھا جانیوالا

Online E.paper

روزنامہ

64 نیوز ملتان

چیف ایڈیٹر: حکیم محمد شفیق سدھو

ایڈیٹر، ڈاکٹر محمد یاسر مغل

لیگل ایڈوائزر، محمد، نوید سید (ایڈووکیٹ ہائیکورٹ)

ڈپٹی ایڈیٹر، محمد عقیل جٹ ایڈووکیٹ

جلد نمبر 1 | منگل 24 مارچ 2026، 11 چیت، 04 شوال 1447ء صفحات 5 قیمت 30 روپے | شمارہ نمبر 03

وزیراعظم کا بڑا فیصلہ

سرکاری گاڑیوں میں ہائی اوکٹین فیول کے استعمال پر پابندی عائد

سرکاری خرچ پر ہائی اوکٹین کے استعمال پر سخت پابندی ہے، اگر کسی محکمے میں اس کا استعمال ناگزیر ہو تو متعلقہ افسر کو اپنے ذاتی خرچ سے یہ ایندھن اپنی گاڑی میں ڈلوانا ہوگا

فیصلے کے حوالے سے تمام وفاقی محکموں، اتھارٹیز اور ذیلی اداروں کو فوری عملدرآمد کی ہدایت دی گئی ہے۔ اس اقدام کا بنیادی مقصد ملکی قومی وسائل کے انتہائی موثر، شفاف اور ذمہ دارانہ استعمال کو ہر صورت یقینی بنانا ہے

اسلام آباد (وائس آف ایشیا) وزیراعظم شہباز شریف نے سرکاری گاڑیوں میں ہائی اوکٹین فیول کے استعمال پر پابندی عائد کردی۔ ہائی اوکٹین فیول پر پیٹرولیم لیوی میں اضافے کے فیصلے کے تسلسل میں وزیر اعظم نے اہم فیصلہ کرتے ہوئے سرکاری گاڑیوں میں ہائی اوکٹین ایندھن کے استعمال پر پابندی عائد کردی ہے جو فوری طور پر نافذ العمل ہے۔ اس سلسلے میں جاری بیان میں بتایا گیا ہے کہ سرکاری خرچ پر ہائی اوکٹین کے استعمال پر سخت پابندی ہے، اگر کسی محکمے میں اس کا استعمال ناگزیر ہو تو متعلقہ افسر کو اپنے ذاتی خرچ سے یہ ایندھن اپنی گاڑی میں ڈلوانا ہوگا۔ فیصلے کے حوالے سے تمام وفاقی محکموں، اتھارٹیز اور ذیلی اداروں کو فوری عملدرآمد کی ہدایت دی گئی ہے۔ اس اقدام کا بنیادی مقصد ملکی قومی وسائل کے انتہائی موثر، شفاف اور ذمہ دارانہ استعمال کو ہر صورت یقینی بنانا ہے۔ یاد رہے کہ اس سے قبل سرکاری گاڑیوں کے ایندھن میں 50 فیصد کٹوتی اور 60 فیصد گاڑیوں کو گراؤنڈ کیا جا چکا ہے۔ ان اقدامات سے حاصل بچت کو عوام کو ریلیف فراہم کرنے اور سستا تیل مہیا کرنے پر خرچ کیا جائے گا۔ وزیراعظم نے کہا کہ کفایت شعاری

باقی صفحہ 3 بقیہ 18

ملک بھر میں آج 86 واں یوم پاکستان بھرپور جوش و جذبے کے ساتھ منایا گیا

ملک بھر میں پرچم کشائی کی تقریبات سادگی اور کفایت شعاری کے تحت منعقد کی جارہی ہیں

اسلام آباد (وائس آف ایشیا) آج پوری قوم 86 واں یوم پاکستان روایتی جوش و جذبے کیساتھ منا گئی، یوم پاکستان کے موقع پر آج ملک میں عام تعطیل ہے۔ یوم پاکستان کے موقع پر وفاقی دارالحکومت میں 31، صوبائی دارالحکومتوں میں 21 توپوں کی سلامی سے دن کا آغاز کیا گیا، مساجد میں وطن عزیز کی سلامتی اور ترقی و خوشحالی کی دعائیں کی گئیں۔ توپوں کی سلامی دینے کی تقریب میں موجود پاک فوج کے جوانوں نے نعرہ تکبیر بلند کیا، فضا اللہ اکبر اور پاکستان زندہ باد کے نعروں سے گونج اٹھی،

باقی صفحہ 3 بقیہ 17

یوم پاکستان آج 86ویں سالگرہ کے موقع پر مسلح افواج کی قوم کو مبارکباد

پاکستان کی مسلح افواج، ہر دم چوکس اور ثابت قدم رہتے ہوئے، اپنے مقدس سرحدوں کے دفاع، قومی خودمختاری کے تحفظ اور ہر قسم کی جارحیت اور دہشت گردی کے خلاف داخلی سلامتی برقرار رکھنے کے عزم کا اعادہ کرتی ہیں

مارچ 1940 ہماری تاریخ کا ایک اہم سنگِ میل ہے، وہ دن جب ہمارے اجتماعی وژن کو واضح شکل ملی اور ایک آزاد وطن کے قیام کی راہ ہموار ہوئی، عسکری قیادت کا پیغام

اسلام آباد (وائس آف ایشیا) پاکستان ڈے کی 86 ویں سالگرہ کے مبارک موقع پر چیف آف ڈیفنس فیلڈ مارشل سید عاصم منیر، چیف آف نیول اسٹاف ایڈمرل نوید اشرف، اور چیف آف ایئر اسٹاف ایئر چیف مارشل ظہیر احمد بابر سدھو نے پاکستان کی مسلح افواج کی جانب سے قوم کو دلی مبارکباد پیش کی ہے۔ 23 پاک فوج کے شعبہ تعلقات عامہ (آئی ایس پی آر) کے مطابق عسکری قیادت کا کہنا تھا کہ مارچ 1940 ہماری تاریخ کا ایک اہم سنگِ میل ہے، وہ دن جب ہمارے اجتماعی وژن کو واضح شکل ملی اور ایک آزاد وطن کے قیام کی راہ ہموار ہوئی۔ ایمان میں جڑے ہوئے، امید سے رہنمائی پانے والے اور ثابت قدمی سے مضبوط ہونے والے اس دن میں پاکستانی قوم کے غیر متزلزل عزم کی جھلک نظر آتی ہے۔ اللہ تعالیٰ کے فضل و کرم سے ہماری قوم جمہوریت کے پرچم تلے ترقی کی راہ پر گامزن ہے اور اسلام کے ابدی اصولوں کو برقرار رکھے ہوئے ہے۔ پختہ عزم اور خدائی رہنمائی کے ساتھ پاکستان اپنے جمہوری اداروں کو

باقی صفحہ 3 بقیہ 19

پنجاب میں پہلا اسکل سٹی قائم کرنے کا فیصلہ، مریم نواز نے منظوری دیدی

چاہتی ہوں ہر نوجوان بے مثال ہنرمند اور اپنے من میں یکتا ہو، یوتھ فورس کو ٹیکنیکل ایجوکیشن سے پنجاب کی حقیقی طاقت بنائیں گے وزیر اعلیٰ

پانی کا ضیاع روکنا قومی ذمہ داری قرار، عامر حبیب کی والدہ، شیری رحمٰن کی بیٹی کے انتقال پر اظہار افسوس عوام سے درخت لگانے کی اپیل

لاہور (وائس آف ایشیا) پنجاب میں پہلا کل منی قائم کرنے کا اصلی فیصلہ کیا گیا روز پر اسی مریم نواز شریف نے منظوری دیدی اور منجاب کے پہلے سال کئی پراجیکٹ کیلئے تجاویز اور پلان طلب کر لیا۔ سکل سٹی پراجیکٹ میں انڈسٹری کی ضروریات سے مطابقت رکھتی ہوئی ٹیکنیکل ایجوکیشن انسٹی ٹیوٹ قائم ہوں۔ تھے۔ پنجاب میں مکل ایجوکیشن کے اداروں کو سینٹر آف ایکسی لینس بنایا جائے گا۔ پنجاب کے ٹیکنیکل و وکیشنل ایجوکیشن بورڈ کا سکاٹ لینڈ اور برطانیہ کے اداروں اور اداروں سے الحاق کرنے پر اتفاق کیا گیا۔ پنجاب کے طلبہ کو مارکیٹ کی ضرور یا ہم آہنگ میٹرک لیول ٹیکنیکل ایجوکیشن کا پلان پیش کیا گیا۔ تو جوانوں کو انڈسٹری کی تو جوانوں کو کیا ضروریات کے مطابق ٹیکنیکل اور پریڈیکل ایجوکیشن دی جائے گی۔ نوجوانو کے بعد اچھے روزگار کے قابل بنانے کا ہدف مقرر کر دیا گیا۔ گرافک ڈیزائننگ، میڈیا پروڈکشن، فیشن ڈیزائنگ ڈیٹا کوڈنگ، ٹورازم ایکسپرٹ کے ٹیکنیکل کورسز کرائے جائیں گے اور انڈسٹریل الیکٹریشن، پلمبرنگ دسوار وائر مینٹنگ مسلم، پروفیشنل شیف، الائیڈ ہیلتھ پروفیشنل کی تعلیم بھی دی جائے گی۔ وزیراعلیٰ مریم نواز شریف نے ٹیکنیکل ایجوکیشن کے لئے بہترین اساتذہ کی خدمات حاصل کرنے کا حکم دیا۔ وزیر اعلیٰ مریم۔

باقی صفحہ 3 بقیہ 10

ایران کسی بھی قسم کی دھمکیوں سے مرعوب نہیں ہوگا، عباس عراقچی

آبنائے ہرمز میں جہازوں کی آمدورفت میں رکاوٹ کے ذمہ واشنگٹن اور تل ابیب ہیں، ایرانی وزیر خارجہ

تہران (وائس آف ایشیا) ایران نے آبنائے ہرمز میں جاری کشیدگی اور جہازوں کی آمدورفت میں رکاوٹ پر واضح مقف اختیار کرتے ہوئے اس صورتحال کا ذمہ دار امریکا اور اسرائیل کو ٹھہرا دیا ہے۔ ایرانی وزیر خارجہ عباس عراقچی نے اپنے بیان میں کہا کہ آبنائے ہرمز میں جہازوں کی آمدورفت میں جو رکاوٹیں پیدا ہو رہی ہیں، وہ

باقی صفحہ 3 بقیہ 9

آبنائے ہرمز پر قبضہ کی حکمت عملی

امریکہ ایران میں فوج اتارنے کی تیاری کر رہا ہے، وال سٹریٹ جرنل

امریکی میرین کو خصوصی دستہ آئندہ ہفتے مشرق وسطی میں پوزیشن سنبھالے گا، حکمت عملی تیار، صورتحال مزید سنگین ہو جائیگی

ایران کے سٹریٹجک جزائر پر قبضہ کر کے اور انہیں اڈا بنا کر آبنائے ہرمز میں جہازوں پر حملے روکنے کیلئے استعمال کیا جائیگا: رپورٹ

لاہور (وائس آف ایشیا) امریکی اخبار وال سٹریٹ جرنل نے دعوی کیا ہے کہ امریکہ ایران میں زمینی فوج اتارنے کی تیاری کر رہا ہے، اس حوالے سے امریکی میرین کور کا خصوصی دستہ آئندہ ہفتے مشرق وسطی میں پوزیشن سنبھال لے گا۔ اخبار کے مطابق پینٹاگون نے 31 ویں میرین ایکسپیڈیشنری یونٹ کو مشرق وسطی میں تعینات کرنے کے احکامات جاری کیے ہیں، جو 2200 میرینز پر مشتمل کوئیک رسپانس فورس ہے، یہ یونٹ حملہ آور جہاز یو ایس ایس ٹریپولی پر سوار ہو کر اگلے ہفتے جاپان سے مشرق وسطی پہنچے گی۔ امریکی حکام کے مطابق اس خصوصی دستے کو ایران کے جنوبی ساحل کے قریب اور آبنائے ہرمز میں سٹریٹجک نوعیت کے جزائر پر قبضے کیلئے استعمال کیا جائے گا اور یہ دستہ اس کی صلاحیت بھی رکھتا ہے۔ اخبار نے دعوی کیا کہ ان جزائر کو آبنائے ہرمز میں جہازوں پر ایرانی حملے روکنے کیلئے اڈے کے طور پر استعمال کیا جائے گا۔ امریکی فوج نے اس حوالے سے حکمت عملی بھی تیار کر لی ہے۔ وال سٹریٹ جرنل نے مزید لکھا کہ مشرق وسطی میں امریکی فوج کی آمد سے خطے میں جنگی صورتحال مزید سنگین ہو جائے گی۔ امریکی نشریاتی ادارے سی بی ایس کی رپورٹ کے مطابق ایران میں امریکی فوج اتارنے کیلئے مختلف آپشنز پر غور کیا جا رہا ہے،

باقی صفحہ 3 بقیہ 11

صدر اسلامی جمہوریہ پاکستان کا بیگم نصرت بھٹو کی 97ویں سالگرہ پر پیغام

کمزور طبقات، خصوصا خواتین کے حقوق کے لیے ان کی خدمات ان کے ورثے کا اہم حصہ ہیں، آصف علی زرداری



کراچی (بیورو چیف) صدر مملکت آصف علی زرداری نے بیگم نصرت بھٹو کی 97 ویں سالگرہ کے موقع پر اپنے پیغام میں کہا کہ میں مادرِ جمہوریت کو خراجِ عقیدت پیش کرتا ہوں۔ ان کی زندگی وقار، ثابت قدمی اور جمہوری اقدار سے مضبوط وابستگی کی علامت تھی۔ ان کا کہنا تھا کہ انہوں نے ایک کٹھن دور میں شہید ذوالفقار علی

باقی صفحہ 3 بقیہ 16

میر اسیاسی اور عوامی کردار مراد علی شاہ ادا کریں گے، گورنر سندھ

کشمیر کے بھائی بھارت کے مظالم سے پریشان ہیں، مسلم ممالک کے لیڈران کو چاہیے کہ وہ جنگ کے ماحول کو جلد ختم کریں، وزیر اعلیٰ سندھ

کراچی میں ترقیاتی کاموں کے دوران سب سے زیادہ مشکلات ہوتی ہیں، عید کے دن بھی ہمارے منصوبوں پر کام چل رہا ہے، مرتضٰی وہاب

کراچی (بیورو رپورٹ) یوم پاکستان کے موقع پر گورنر اور وزیر اعلیٰ سندھ نے صوبائی کابینہ کے ارکان کے ہمراہ مزار قائد پر حاضری دی۔ مزار قائد پر فاتحہ خوانی کے بعد میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے گورنر سندھ نہال ہاشمی نے کہا کہ قیدی نمبر 804 کا مقدمہ زیر التوا ہے، عدالت انہیں چھوڑ سکتی ہے حکومت نہیں، میرا سیاسی اور عوامی کردار مراد علی شاہ ادا کریں گے۔ نہال ہاشمی کا کہنا تھا کہ قائد اعظم محمد علی جناح نے ایک قرارداد کے ذریعے پاکستان کے قیام کا تعین کیا، پاکستان بنانے والوں کو خراج تحسین پیش کرتے ہیں۔ نہال ہاشمی نے کہا کہ جو بنیاد ہمارے بزرگوں نے رکھی تھی اس کی منزل ابھی آگے ہے، ہمیں

باقی صفحہ 3 بقیہ 8

باب خیبر "پاکستان زندہ باد" کے نعروں سے گونج اٹھا

یوم پاکستان تقریبات کا مقصد نئی نسل کو قومی تاریخ سے آگاہ کرنا ہے

پشاور (بیورو رپورٹ) پاکستان کا تاریخی مقام باب خیبر پر یوم پاکستان کی پروقار تقریب ہوئی جس میں عسکری و سول حکام سمیت قبائلی مشران نے شرکت کی۔ تفصیلات کے مطابق تقریب میں عسکری حکام، پولیس و دیگر حکام شریک مقررین نے یوم پاکستان کی

باقی صفحہ 3 بقیہ 12

ایران کیساتھ کئی نکات طے پا گئے؛ ٹرمپ نے پاور پلانٹس پر حملے 5 دن کیلئے موخر کردیئے

ایران کو آبنائے ہرمز مکمل طور پر کھولنے کے لیے دی گئی مہلت کے باوجود امریکا نے حملے نہ کرنے کا فیصلہ کیا ہے

امریکا نہیں چاہتا کہ ایران جوہری ہتھیار حاصل کرے اور اسی مقصد کے تحت مذاکرات جاری ہیں، ڈونلڈ ٹرمپ

واشنگٹن (وائس آف ایشیا) امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے ایران کے توانائی کے مراکز پر ممکنہ حملے مخر کرنے کا اعلان کرتے ہوئے کہا ہے کہ امریکا اور ایران کے درمیان حالیہ دنوں میں مثبت اور نتیجہ خیز بات چیت ہوئی ہے۔ امریکی نشریاتی ادارے سی این این کے مطابق ایران کو آبنائے ہرمز مکمل طور پر کھولنے کے لیے دی گئی مہلت کے باوجود امریکا نے پانچ روز تک کسی بھی فوجی کارروائی کو روکنے کا فیصلہ کیا ہے۔ امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ کا کہنا تھا کہ موجودہ پیچیدہ صورتحال کو سفارتی طریقے سے حل کرنے کی کوشش کی جارہی ہے۔ امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے کہا کہ ایران کے ساتھ ہونے والی

باقی صفحہ 3 بقیہ 15

پیٹرول مہنگا؛ پاکستان میں پلگ اِن ہائبرڈ اور رینج ایکسٹینڈڈ گاڑیاں مقبول ہونے لگیں

جدید گاڑیاں پاکستانی صارفین کے لیے زیادہ موزوں اور معاشی طور پر فائدہ مند انتخاب بنتے جارہے ہیں، ماہرین

کراچی (نمائندہ خصوصی) پاکستان میں پیٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں ہوشربا اضافے کے باعث ملک میں پلگ اِن ہائبرڈ اور رینج ایکسٹینڈڈ گاڑیاں تیزی سے مقبول ہو رہی ہیں۔ ملک میں پیٹرول کی قیمتیں 320 روپے فی لیٹر سے متجاوز ہونے سے گاڑی چلانے

باقی صفحہ 3 بقیہ 6

ایران نے آبنائے ہرمز میں متعدد جہازوں سے 20 لاکھ ڈالر فیس وصول کرلیا ہے، رکن پارلیمنٹ

تہران (وائس آف ایشیا) ایران کی پارلیمنٹ کے رکن۔

باقی صفحہ 3 بقیہ 7

کوئٹہ سے اندرونِ ملک جانے والی ٹرین سروس معطل

کوئٹہ (نامہ نگار) اندرونِ ملک جانے والی ٹرین سروس آج معطل کردی گئی ہے۔ نجی ٹی وی کی رپورٹ

باقی صفحہ 3 بقیہ 13

عمران خان کا پمز میں طبی معائنہ، تیسرا انجکشن لگا دیا گیا، بینائی تسلی بخش قرار

بانی پی ٹی آئی کو مکمل ہدایات، فالواپ پلان اور متعلقہ دستاویزات کے ساتھ ڈسچارج کر دیا گیا ہے

اسلام آباد (نمائندہ خصوصی) بانی پی ٹی آئی عمران خان کا پمز اسپتال میں میڈیکل بورڈ کے زیرِ نگرانی تفصیلی طبی معائنہ مکمل کرلیا گیا۔ پمز انتظامیہ کے مطابق بانی پی ٹی آئی کو اینٹی وی اے جی ایف کا تیسرا انجکشن لگایا گیا، جبکہ ان کی بینائی کو میڈیکل بورڈ نے تسلی بخش قرار دیا

باقی صفحہ 3 بقیہ 14

بھارتی دہشت گردی

کشمیری سرینگر مسجد میں نماز عید ادا نہ کرسکے

قابض انتظامیہ نے مسجد کو تالے لگادیے، اطراف میں اہلکار تعینات، میر واعظ گھر میں نظر بند، یوم پاکستان پر مبارک باد کے پوسٹرز چسپاں

کشمیر میڈیا سروس کا بتانا ہے کہ قابض انتظامیہ نے حریت کانفرنس کے رہنما میر واعظ عمر فاروق کو گھر میں نظر بند کر رکھا ہے

سری نگر (وائس آف ایشیا) مقبوضہ کشمیر میں قابض بھارتی فوج کی ریاستی دہشتگردی جاری ہے۔ کشمیر میڈیا سروس کے مطابق قابض انتظامیہ نے مسلسل 8 ویں برس کشمیریوں کو سری نگر کی جامع مسجد میں نماز عید ادا کرنے نہیں دی۔ کے ایم ایس کا بتانا ہے کہ قابض بھارتی انتظامیہ نے جامع مسجد کو سیل کر کے تالے لگا دیے، مسجد کے اطراف بڑی تعداد میں بھارتی فورسز کے اہلکار تعینات کر دیے گئے۔ کشمیر میڈیا سروس کا بتانا ہے کہ قابض انتظامیہ نے حریت کانفرنس کے رہنما میر واعظ عمر فاروق کو گھر میں نظر بند کر رکھا ہے۔ میر واعظ کو نماز جمعہ کیلئے بھی جانے کی اجازت نہیں دی گئی تھی۔ کے ایم ایس کے مطابق 2019 میں مقبوضہ کشمیر کی خصوصی حیثیت ختم کرنے کے بعد سے جامع مسجد سری نگر کو عید پر بند کر دیا جاتا ہے۔ دریں اثنا مقبوضہ جموں و کشمیر میں سرینگر سمیت مختلف علاقوں میں پوسٹر چسپاں کیے گئے ہیں، جن میں

باقی صفحہ 3 بقیہ 5

دہشت گردی کا منصوبہ ناکام

کراچی، ریلوے ٹریک پر دھماکے کرنیوالے 5 دہشت گرد گرفتار

سی ٹی ڈی اور وفاقی حساس ادارے کی مشترکہ کارروائی، ملزمان کا تعلق کالعدم بی آر جی سے، بارودی مواد اور اسلحہ بھی برآمد

ریلوے ٹریکس پر دہشتگردی کے واقعات پڑوسی ملک ملوث، پڑوسی ملک کا دہشتگردوں کے ساتھ ایک اور گٹھ جوڑ سامنے بے نقاب، CTD

کراچی (کرائم رپورٹر) سی ٹی ڈی اور وفاقی حساس ادارے نے مشترکہ کارروائی کرتے ہوئے ریلوے ٹریک پر دھماکے کرنے والے کالعدم تنظیم بی آر جی کے 5 دہشتگردوں کو گرفتار کر کے دہشتگردی کا منصوبہ ناکام بنا دیا گیا۔ گرفتار دہشتگردوں کے قبضے سے بارودی مواد آئی ای ڈی اور اسلحہ ایمونیشن برآمد کرلیا گیا، گرفتار دہشت گردوں نے دوران تفتیش اندرون سندھ کے مختلف اضلاع میں ریلوے ٹریک پر 5 دھماکے کرنے کا اعتراف کیا ہے، تفصیلات کے مطابق گزشتہ روز ڈی آئی جی سی ٹی ڈی کیپٹن (ر) غلام اظفر مہیسر اور ایس ایس پی آپریشن سی ٹی ڈی غلام اظفر عرفان بہادر نے سی ٹی ڈی ہیڈ کوارٹر سول لائن میں پریس کانفرنس کرتے ہوئے بتایا کہ سی ٹی ڈی اور وفاقی حساس ادارے نے مشترکہ کارروائی کرتے ہوئے ریلوے ٹریک پر دھماکہ کرنے میں ملوث کالعدم تنظیم بلوچ ریپبلکن گارڈ (بی

باقی صفحہ 3 بقیہ 4

اسلام آباد: چیئرمین سینٹ سید یوسف رضا گیلانی میڈیا سے گفتگو کر رہے ہیں۔

سوڈان ہسپتال پر حملہ 64 افراد ہلاک 89 زخمی

حملہ مشرقی دارفور کے دارالحکومت الداعین میں کیا گیا، مرنے والوں میں ایک ڈاکٹر، 13 بچے بھی شامل، ہسپتال مکمل طور پر غیر فعال ہوگیا

خرطوم (وائس آف ایشیا) عالمی ادارہ صحت نے کہا ہے کہ سوڈان کے علاقے دارفور میں ایک ہسپتال پر حملے میں 13 بچوں سمیت 64 افراد ہلاک اور 89 زخمی ہو گئے۔ ڈبلیو ایچ او کے سربراہ ٹیڈروس ایڈہانوم کے مطابق حملہ مشرقی دارفور کے دارالحکومت الداعین میں واقع ایک تدریسی ہسپتال پر کیا گیا، جس میں مریضوں کے ساتھ دو نرسیں اور ایک ڈاکٹر بھی ہلاک ہوئے۔ زخمی

باقی صفحہ 3 بقیہ 3

نواب شاہ: صدر مملکت آصف علی زرداری اپنی والدہ کی قبر پر فاتحہ خوانی کر رہے ہیں۔

رانا ثناء

سعودیہ سے معاہدے کے پابند ضروری نہیں حملہ ہی کریں، اسے سمجھا بھی سکتے ہیں

پاکستان ایران، سعودیہ میں معاملہ افہام و تفہیم سے لیکر چل رہا، قوم پیٹرول، گیس استعمال 50 فیصد کم کر دے ورنہ اثرات مرتب ہونگے

ڈیل PTI کیلئے تیار، ہم دوبارہ انہیں کوئی رعایت نہیں دینگے، پنجاب میں بلدیاتی انتخابات کا حتمی فیصلہ فیصلہ کر لیا، جلد ہونگے: مشیر وزیر اعظم

فیصل آباد (نمائندہ خصوصی/ وائس آف ایشیا) وزیراعظم کے مشیر برائے سیاسی امور رانا ثناءاللہ کا کہنا ہے کہ سعودی عرب سے معاہدے پر کسی کو شک نہیں ہونا چاہیے۔ انہوں نے عوام کو پیٹرول اور گیس کا استعمال فوری طور پر 50 فیصد تک کم کرنے کا مشورہ بھی دے دیا۔ وزیراعظم کے مشیر برائے سیاسی امور رانا ثناءاللہ نے میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ بار بار اسے کریدنا ٹھیک نہیں کہ ہم سعودی عرب سے معاہدے کے پابند ہیں، ضروری نہیں کسی ملک پر حملہ کریں سمجھا بھی سکتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان ایران اور سعودی عرب کے ما بین افہام و تفہیم سے معاملے کو لے کر چل رہا ہے، سیاسی و عسکری قیادت سعودیہ اور ایران کا معاملہ لو پروفائل رکھنے میں کامیاب رہی ہے، پاکستان کو ایران، سعودی عرب اور عرب امارات کا اعتماد حاصل ہے۔ وزیراعظم کے مشیر برائے سیاسی امور نے کہا کہ عوام پیٹرول اور گیس کا استعمال فور 50 فیصد کم کردیں۔

باقی صفحہ 3 بقیہ 2

عید کے دونوں ایام منچلے نوجوانوں نے موت کا کھیل جاری رکھا

عام دنوں کے ساتھ ساتھ عید الفطر کے دونوں ہی ایام میں منچلے نوجوانوں اور بچوں کی طرف سے دن بھر موٹر سائیکلوں پر ون ویلنگ اور ریس لگانے کا موت کا کھیل جاری رہا

دوپہر اور رات کے اوقات میں شاہراہوں پر یہ کھیل شروع کر دیا گیا جس کے دوران بعض مقامات پر لگژری گاڑیوں کی ریس کے ساتھ اسٹنٹ کے مقابلے بھی کیے گئے

راولپنڈی (بیورو رپورٹ) عام دنوں کے ساتھ ساتھ عید الفطر کے دونوں ہی ایام میں منچلے نوجوانوں اور بچوں کی طرف سے دن بھر موٹر سائیکلوں پر ون ویلنگ اور ریس لگانے کا موت کا کھیل جاری رہا۔ تفصیلات کے مطابق حیدر آباد میں عید الفطر کے دونوں ایام صبح سے ہی اہم شاہراہوں پر موٹر سائیکل پر ون ویلنگ اور ریس لگانے کا کھیل شروع کر دیا گیا۔ اکثر اوقات عام دنوں میں جمعہ یا اتوار کو علی الصبح منچلے نوجوان موت کا کھیل کھیلتے ہوئے دکھائی دیتے تھے لیکن امسال عید الفطر کے دونوں ایام میں دن، دوپہر اور رات کے اوقات میں شاہراہوں پر یہ کھیل شروع کر دیا گیا جس کے دوران بعض مقامات پر لگژری گاڑیوں کی ریس کے ساتھ اسٹنٹ کے مقابلے بھی کیے گئے۔ موت کے اس کھیل کے دوران سڑکوں کے دونوں اطراف بڑی تعداد میں نوجوانوں کو داد دینے والے بھی موجود تھے جن میں سے کوئی اپنے موبائل

باقی صفحہ 3 بقیہ 1

برسی: انقلابی راہوں کے مسافر۔۔۔۔۔ کامریڈ بھگت سنگھ۔۔۔۔۔۔ ازقلم: طفیل مگسی

24 مارچ 1931 کی صبح لاہور سینٹرل جیل میں تین نوجوانوں کو پھانسی دی جانی تھی۔ قانون کے مطابق ہر خاص وعام کو پھانسی دن کے آغاز پر دی جاتی تھی مگر اس پھانسی بلکہ پھانسیوں کے خلاف عوامی ردعمل اس قدر سخت تھا کہ پھانسی کے وقت جیل پر حملے کا بھی خطرہ تھا۔ اس لئے ان تینوں افراد کو ایک دن پہلے یعنی 23 مارچ 1931 شام ساڑھے سات بجے پھانسی دینے کا فیصلہ کیا گیا۔ ان تینوں پر ایک انگریز افسر کو قتل کرنے کا الزام تھا۔ یہ تینوں ہی بڑے پکے دوست تھے اور تحریکِ آزادی کے سرگرم رکن بھی تھے۔ تینوں جوان اور ہم عمر تھے۔ پھانسی کے تختہ پر پہنچنے کے بعد تینوں نے اپنے اپنے پھندے کو چوما اور بہ خوشی خود ہی پہن لیا۔ تینوں کو ایک ساتھ پھانسی دی گئی۔ دائیں جانب والے پنجابی شیر کا نام سکھ دیو تھا جبکہ بائیں جانب راج گرو تھا اور ان دونوں کے درمیان پنجاب کا بہادر سپوت سردار بھگت سنگھ تھا۔

فیصل آباد جڑانوالہ روڈ پر "بنگے "اسٹاپ پر پانچ کلومیٹر اندر کی جانب سفر کرنے پر ایک بنگے گاں ہے جسے اب بھگت سنگھ گاں بھی کہا جانے لگا ہے۔ یہاں ایک 1890 کی تعمیر شدہ حویلی ہے جہاں پنجاب کا ایک بہادر سپوت سردار بھگت سنگھ پیدا ہوا تھا۔ بھگت سنگھ کو انگریز سرکار سے بغاوت ورثے میں ملی تھی۔ جس دن بھگت سنگھ پیدا ہوا، اسی دن بھگت سنگھ کا باپ کشن سنگھ اور اس کا چچا جیل سے رہا ہوئے تھے۔ باپ اور چچا دونوں ہی تحریکِ آزادی کے سرگرم رکن تھے۔ والدین نے بھگت سنگھ کے لیے درگاں نامی لڑکی کو پسند کیا یہاں تک کہ بھگت سنگھ کے دوست احباب بھی اسے درگاں بھابی کہہ کر مخاطب کرتے مگر بھگت سنگھ کہتا تھا کہ اس کی شادی تحریک آزادی سے ہو چکی ہے اور اب موت ہی اس کی دلھن ہے۔ بنگے گاں میں وہ پرائمری سکول آج بھی ہے جہاں سے بھگت سنگھ نے ابتدائی تعلیم حاصل کی۔

تقسیم کے بعد 1947 میں سردار بھگت سنگھ کی یہ حویلی ورک برداری کے حوالے کی گئی اور آج ان کی تیسری نسل اس حویلی کو بڑی خوبصورتی سے سنبھالے ہوئے ہے۔ حویلی کے پہلے دو کمرے آرٹ گیلری کا درجہ رکھتے ہیں جہاں چاروں طرف بھگت سنگھ اور اس سے منسوب لوگوں کی تصاویر لگی ہیں جن میں سے زیادہ تر تصاویر بالکل اصلی ہیں۔ جس وقت بھگت سنگھ کو پھانسی ہوئی، اس کی عمر 24 سال تھی۔ ایک کمرے میں آدھی دیوار پر بھگت سنگھ کی وہ مشہورِ زمانہ تصویر بڑی کر کے لگائی گئی ہے جس میں وہ ہاتھوں میں ہتھکڑی پہنے جیل سپرنٹنڈنٹ کے ساتھ باتیں کر رہا ہے۔ بھگت سنگھ کے مائی باپ، بہن بھائی، یار دوست، منگیتر سب تصاویر کی صورت یہاں موجود ہیں۔ بھگت سنگھ پر لکھی گئی ایف آئی آر کی ایک نقل بھی یہاں لگائی گئی ہے۔ ایک طرف بھگت سنگھ کی ماں کا چرخہ اور آٹا پیسنے والی چکی کے پاٹ بھی پڑے ہیں۔

بھگت سنگھ اور اس کے دوستوں کو جب پھانسی دی گئی تو لاہور سینٹرل جیل کی پچھلی دیوار توڑ کر رات کے وقت تینوں کی لاش کو یہاں سے قصور میں دریائے ستلج کے کنارے لے جایا گیا جہاں آج ہیڈ سلیمانکی ہے۔ تینوں کی لاش کو سکھ مذہب کے مطابق جلا دیا گیا۔ جسم ابھی پوری طرح سے جلے بھی نہ تھے کہ انھیں دریائے ستلج میں بہا دیا گیا۔

اتنے میں لوگوں تک بھی اس سارے عمل کی اطلاع پہنچ چکی تھی۔ عوام کے ہجوم اس جگہ پہنچے، بچے کچے جسم کے ٹکڑوں کو اکٹھا کر کے نہایت عزت واحترام کے ساتھ آزادی کے تینوں متوالوں کی آخری رسومات ادا کی گئیں۔ تقسیم کے بعد یہ جگہ چوکی نمبر 201 کہلائی اور پاکستان کے حصے میں آئی مگر مارچ 1961 میں مذاکرات کے بعد سندھ طاس معاہدہ کی وجہ سے یہ چوکی نمبر 201 اور کچھ مزید علاقے بھارت کے حوالے کر دے گئے۔ غالباً پاکستان کو کچھ بھارتی علاقے ملے کہ اس ادلا بدلی کے بنا سندھ طاس معاہدے کی تکمیل ممکن نہ تھی۔

جب تک یہ چوکی پاکستان کے رہی، ہم اس پر کچھ کام نہیں کیا مگر بھارت کو شاباش کہ اس نے اس جگہ کی اہمیت کو سمجھا۔ بھارت نے بعد میں یہاں ایک شان دار یادگار تعمیر کی اور آزادی کے ان تینوں ہیروز کے مجسمے کھڑے کیے۔ زندہ قومیں ایسی ہی تو ہوتی ہیں۔ وہ اپنے ہیروز کو ہمیشہ یاد رکھتی ہیں۔

قوم اور ملک۔۔۔۔۔۔ تحریر: غلام رسول بلوچ

ملک ترقی کی منازل اس وقت طے کرتے ہیں جب قوم ملی اتفاق رائے سے اور قومی یکجہتی سے آگے بڑھتی ہیں۔

پاکستانی قوم نے گزشتہ دو دہائیوں سے دہشت گردی کے ناسور کی وجہ سے تلخ اور مشکل حالات کو سہا ہے۔ ہزاروں قربانیاں اور شہادتیں اس امر کی عکاس ہیں کہ ملک کی بہادر افواج اور سیکورٹی فورسز نے انتہاء جانفشانی سے ملک کے تحفظ اور بقا کی جنگ لڑی ہے۔

قوم کے اوپر بھاری ذمہ داری ہے کہ وہ اپنی صفوں میں اتحاد کو قائم رکھ کر ملک کے بقا اور تحفظ کی جنگ اپنی افواج اور سیکورٹی اداروں کے سنگ لڑیں۔

پاکستان میں امن و امان کے قیام کے لیے پاکستانی قوم کا کردار انتہائی اہم ہے جب قوم اپنے آپسی اختلافات کو بھلا کر ملک کے مفادات کو ترجیح دے گی تو پاکستان کا روشن اور محفوظ مستقبل منتظر ہوگا۔ انتشار اور فساد کی سیاست ملک و قوم کے لیے نقصان دہ ہے۔ عدم برداشت کی سیاست سے سیاسی عدم استحکام پیدا ہو رہا ہے اس کے منفی اثرات معیشت اور سیکورٹی پہ پڑ رہے ہیں۔

دہشت گردی کے خلاف جنگ صرف سیکورٹی اداروں کی جنگ نہیں بلکہ یہ پوری پاکستانی قوم کی جنگ ہے۔

پاکستان میں حالات کو خراب کرنے کے لیے بیرونی اسپانسرڈ دہشت گردی کو دشمن قوتوں نے لانچ کیا ہے اس کے ساتھ ساتھ پروپیگنڈے اور جھوٹے بیانیوں کا محاذ بھی گرم کیا ہوا ہے۔ افواج پاکستان پہ ہرزہ سرائی اور تنقید کو اپنے سوشل میڈیا ٹرولرز کے ذریعے پھیلا کر بدگمان کرنے کی کوششیں کی جا رہی ہیں۔ گمراہ کن اور حقائق کے برعکس فیک نیوز و پروپیگنڈوں کو تواتر سے جاری رکھ کر قوم کی ذہن سازی کرنے کی کوششیں بھی عروج پہ ہیں۔

پاکستانی قوم دشمن کے ہر جھوٹے پروپیگنڈے اور بیانیے کو مسترد کرے۔

قومی یکجہتی اور ملی اتفاق رائے سے پاکستان کی ترقی میں قوم اپنا کردار ادا کرے۔

ملک کو اس وقت ایک ایسی قوم کی ضرورت ہے جو بحرانوں اور چیلنجز کا کامیابی سے مقابلہ کرے۔

دشمن بیرونی ہو یا اندرونی اس سے کوئی رعایت نہ برتی جائے۔

پاکستان کو اندرونی طور پہ کئی خطرات کا سامنا ہے۔ حالات کی سنگینی کو دیکھتے ہوئے قوم اپنے اداروں کو مضبوط کرنے میں اپنا کردار ادا کرے۔

آج اگر خدانخواستہ قوم اور ادارے کمزور پڑ گئے تو ملک کا نقصان ہو سکتا ہے۔

فتنہ الہندوستان اور فتنہ الخوارج کی شکل میں جو ناسور پاکستان کی سلامتی کے خلاف سرگرم ہیں انہیں دشمن بھارت کی مکمل معاونت حاصل ہے۔ بھارت خطے کے دیگر ممالک کو بھی پاکستان کے خلاف استعمال کر کے خطے میں کشیدگی کو ہوا دینے کی کوشش کر رہا ہے۔ افغانستان کی سرزمین اور افرادی قوت پاکستان میں بھارتی ایما پر دہشت گرد حملوں کے لیے استعمال ہو رہی ہے۔ پاکستان اور افغانستان کے حالات اس وقت کشیدگی کا شکار ہیں۔ افغانستان اور پاکستان کی ایک طویل سرحد ہے جس کے ذریعے دونوں ممالک میں تجارت وغیرہ ہوتی ہے جو کہ اس وقت بندش کا شکار ہے۔ اگر افغانستان بھارتی ایما پر پاکستان کے خلاف اپنی سرزمین کا دہشت گردی کے لیے استعمال نہیں روکے گا تو پاکستان اور افغانستان کے حالات تنا کا شکار رہیں گے جو کہ دونوں ممالک کے مفاد میں نہیں ہے۔

افغانستان پاکستان کے ان احسانات کو یاد رکھے جب افغانستان پہ روس اور امریکہ کے حملوں کے دوران پاکستان نے لاکھوں افغانیوں کے لیے اپنی سرحدیں کھول دیں۔ آج بھی لاکھوں افغانی پاکستان میں رہ رہے ہیں۔

پاکستان کی قوم کو اپنے اردگرد کے حالات سے باخبر رہنے کی ضرورت ہے اور موجودہ مشکل حالات میں ملک کے تحفظ کے لیے اپنی افواج وسیکورٹی اداروں کے ساتھ بھرپور تعاون کرنے کی ضرورت ہے۔

قومی ہم آہنگی سے پاکستان کے مستقبل کو محفوظ بنانے کی ضرورت ہے۔ ہر مکتبہ فکر سے تعلق رکھنے والے افراد کو آنے ملک کے لیے اپنا کردار ادا کرنے کی ضرورت ہے۔

کرپشن: خاموش دہشت گردی کی جڑ

تحریر: کلب عابد خان

پاکستان کو درپیش مسائل کی فہرست طویل ضرور ہے، مگر اگر ان سب کی جڑ تلاش کی جائے تو ایک حقیقت بار بار سامنے آتی ہے کہ کرپشن۔ یہ وہ ناسور ہے جو نہ صرف ریاستی ڈھانچے کو کھوکھلا کر رہا ہے بلکہ معاشرے میں ناانصافی، بے چینی اور بدامنی کو بھی جنم دے رہا ہے۔ بظاہر دہشت گردی بندوق اور بارود سے جڑی ہوئی نظر آتی ہے، مگر حقیقت یہ ہے کہ کرپشن ہی وہ خاموش طاقت ہے جو دہشت گردی کو جنم دیتی، پالتی اور مضبوط کرتی ہے۔

بدقسمتی سے موجودہ نظام کرپشن میں اس حد تک ڈوبا ہوا محسوس ہوتا ہے کہ عام شہری کو اپنے جائز اور بنیادی حقوق کے حصول کے لیے بھی رشوت دینے پر مجبور کیا جاتا ہے۔ ایک شناختی کارڈ بنوانا ہو، پولیس میں رپورٹ درج کروانی ہو، ہسپتال میں علاج کروانا ہو یا کسی سرکاری دفتر سے سادہ سا کام نکلوانا ہو ہر جگہ ایک غیر اعلانیہ قیمت مقرر نظر آتی ہے۔ یہ صورتحال نہ صرف عوام کی تذلیل ہے بلکہ ریاستی نظام پر ایک سنگین سوالیہ نشان بھی ہے۔

جب ایک غریب آدمی انصاف کے دروازے پر دستک دیتا ہے اور اسے رشوت کے بغیر کوئی شنوائی نہیں ملتی، تو اس کے دل میں ریاست کے خلاف نفرت جنم لیتی ہے۔ جب نوجوان ڈگری ہاتھ میں لیے نوکری کی تلاش میں مارا مارا پھرتا ہے مگر سفارش اور پیسے والے آگے نکل جاتے ہیں، تو مایوسی اس کے ایمان کو کھوکھلا کر دیتی ہے۔ یہی مایوسی بعض اوقات شدت پسندی کا راستہ ہموار کرتی ہے۔

کرپشن صرف پیسوں کی خرد برد کا نام نہیں، بلکہ یہ ایک ایسا نظام ہے جو حق دار کو اس کے حق سے محروم کرتا ہے۔ جب ترقیاتی منصوبوں میں کمیشن لیا جاتا ہے تو سڑکیں ٹوٹ جاتی ہیں، ہسپتالوں میں ادویات نہیں ہوتیں اور اسکولوں میں اساتذہ ناپید ہو جاتے ہیں۔ اس کا نتیجہ ایک ایسا معاشرہ بنتا ہے جہاں بنیادی سہولیات نہ ہونے کے برابر رہ جاتی ہیں، اور یہی محرومیاں شدت پسندی کو ہوا دیتی ہیں۔

ہم اکثر دہشت گردی کے خلاف جنگ کی بات کرتے ہیں، مگر کیا ہم نے کبھی اس کی بنیادی وجوہات پر توجہ دی؟ اگر کرپشن ختم ہو جائے تو انصاف کا نظام مضبوط ہوگا، وسائل کی منصفانہ تقسیم ممکن ہوگی، اور عوام کا ریاست پر اعتماد بحال ہوگا۔ جب اعتماد بحال ہوگا تو کوئی بھی شخص ریاست کے خلاف ہتھیار اٹھانے کا نہیں سوچے گا۔

بدقسمتی سے ہمارے ہاں احتساب کا عمل بھی اکثر متنازعہ نظر آتا ہے۔ بڑے بڑے اسکینڈلز سامنے آتے ہیں، شور مچتا ہے، مگر انجام اکثر وہی ڈھاک کے تین پات۔ اس سے عوام کا اعتماد مزید متزلزل ہوتا ہے۔ ضرورت اس امر کی ہے کہ احتساب بلا تفریق ہو، شفاف ہو اور مستقل بنیادوں پر ہو، نہ کہ وقتی سیاسی مقاصد کے لیے۔

کرپشن کے خاتمے کے لیے صرف قوانین کافی نہیں، بلکہ ایک اجتماعی سوچ کی تبدیلی بھی ضروری ہے۔ ہمیں اپنے معاشرے میں ایمانداری، دیانت اور حق گوئی کو فروغ دینا ہوگا۔ جب تک ہم خود چھوٹی چھوٹی بدعنوانیوں کو چلتا ہے کہہ کر نظرانداز کرتے رہیں گے، تب تک بڑے پیمانے پر کرپشن کا خاتمہ ممکن نہیں۔

ریاست کی ذمہ داری ہے کہ وہ ایک ایسا نظام قائم کرے جہاں میرٹ کو ترجیح دی جائے، انصاف فوری اور سستا ہو، اور ہر شہری کو برابر کے حقوق حاصل ہوں۔ اسی طرح عوام کی بھی ذمہ داری ہے کہ وہ کرپشن کے خلاف آواز بلند کریں اور اپنے کردار کو بھی درست رکھیں۔

آخر میں یہ کہنا بے جا نہ ہوگا کہ اگر ہم واقعی دہشت گردی کا خاتمہ چاہتے ہیں تو ہمیں بندوق سے پہلے کرپشن کے خلاف جنگ جیتنا ہوگی۔ کیونکہ جب تک کرپشن زندہ ہے، دہشت گردی کے بیج بھی اس زمین میں پنپتے رہیں گے۔

توانائی میں خود انحصاری: وقت کی اہم ضرورت

تحریر پروفیسر زاہد خاں
ایڈووکیٹ ہائی کورٹ

توانائی میں خود انحصاری (Power Self-reliance) کا مطلب ہے کہ کوئی ملک یا فرد اپنی بجلی اور توانائی کی ضروریات پوری کرنے کے لیے بیرونی ذرائع یا درآمدی ایندھن) جیسے مہنگا تیل اور گیس (پر انحصار کرنے کے بجائے اپنے مقامی وسائل استعمال کرے۔ کسی بھی ملک کی معاشی ترقی، صنعتی استحکام اور قومی سلامتی کا دارومدار اس کی توانائی کی صورتحال پر ہوتا ہے۔ آج کے دور میں بجلی کے بغیر زندگی کا تصور محال ہے، لیکن اگر یہ بجلی غیر ملکی امداد یا مہنگے درآمدی تیل پر منحصر ہو، تو وہ ملک کبھی بھی حقیقی معنوں میں آزاد اور خوشحال نہیں ہو سکتا۔ معاشی جب ہم توانائی کے لیے باہر سے تیل یا گیس خریدتے ہیں، تو ہمارا قیمتی زرِ مبادلہ دوسرے ملکوں میں چلا جاتا ہے۔ خود انحصاری سے ملک کے اندر پیسہ بچتا ہے اور مہنگائی میں کمی آتی ہے۔ توانائی میں محتاج ملک سیاسی طور پر بھی دباؤ کا شکار رہتا ہے۔ اپنے وسائل ہونے کا مطلب ہے کہ عالمی حالات جیسے بھی ہوں، آپ کا کارخانہ اور گھر روشن رہے گا۔ مقامی وسائل) شمس، ہوا، پانی (سے پیدا ہونے والی بجلی درآمدی ایندھن کے مقابلے میں کہیں زیادہ سستی پڑتی ہے۔ پاکستان جیسے ملک کے لیے قدرت نے توانائی کے بے شمار خزانے چھپا رکھے ہیں جنہیں بروئے کار لا کر ہم خود کفیل ہو سکتے ہیں۔ پاکستان ایک ایسا ملک ہے جہاں سال کے بیشتر حصے میں سورج سوا نیزے پر رہتا ہے۔ گھروں اور صنعتوں میں سولر پینلز کا فروغ بجلی کے بحران کا سب سے تیز حل ہے۔ ہمارے پاس دریاں اور ڈیموں کا وسیع نظام موجود ہے۔ چھوٹے اور بڑے ڈیم بنا کر ہم سستی ترین بجلی پیدا کر سکتے ہیں۔ سندھ اور بلوچستان کی ساحلی پٹیاں ہوا سے بجلی پیدا کرنے کے لیے بہترین مقامات ہیں۔ ہمارے پاس کوئلے کے وسیع ذخائر موجود ہیں جو کئی دہائیوں تک ملک کی بجلی کی ضرورت پوری کر سکتے ہیں۔ صرف حکومت ہی نہیں، بلکہ ایک عام شہری بھی توانائی میں خود کفیل ہو سکتا ہے۔ "نیٹ میٹرنگ "کے ذریعے عوام اپنے گھروں کی چھتوں پر سولر سسٹم لگا کر نہ صرف اپنی ضرورت پوری کر سکتے ہیں بلکہ اضافی بجلی حکومت کو فروخت بھی کر سکتے ہیں۔ اس کے علاوہ توانائی کی بچت (Energy Efficiency) بھی خود انحصاری کی جانب پہلا قدم ہے۔ توانائی میں خود انحصاری محض ایک خواب نہیں بلکہ ایک ناگزیر ضرورت ہے۔ اگر ہم آج اپنی سمت درست کر لیں اور شمسی، بادی اور آبی وسائل پر سرمایہ کاری کریں، تو نہ صرف ہم بجلی کے بحران سے نکل سکتے ہیں بلکہ ایک مضبوط اور مستحکم معیشت کے طور پر ابھر سکتے ہیں۔

آبنائے ہرمز خطے کی نبض اور بیانیوں کی جنگ

گوشۂ فکر
★★★

شیخ فضل الرحمٰن ایڈووکیٹ
shaikhfazal22@gmail.com

دنیا کی معیشت سمندری راستوں کی مرہونِ منت ہے، اور چند اہم گزرگاہیں ایسی ہیں جن پر عالمی تجارت کا بڑا دارومدار ہے۔ نہر سوئز، پاناما نہر، آبنائے باسفورس اور سینٹ لارنس سی وے جیسے راستے عالمی جہاز رانی کے لیے ناگزیر ہیں، جہاں سے گزرنے والے جہاز بھاری فیس ادا کرتے ہیں۔ یہ ایک تسلیم شدہ عالمی روایت ہے کہ ان آبی گزرگاہوں کے استعمال پر مالی معاوضہ لیا جائے۔

لیکن اسی تناظر میں جب آبنائے ہرمز کا ذکر آتا ہے، تو ایک مختلف تصویر سامنے آتی ہے۔ یہ وہ گزرگاہ ہے جس سے دنیا کی تیل سپلائی کا بڑا حصہ گزرتا ہے، اور اس پر جغرافیائی کنٹرول ایران کے پاس ہے۔ اس کے باوجود ایران نے اس اسٹریٹجک راستے کو عالمی تجارت کے لیے بغیر کسی فیس کے کھلا رکھا ہوا ہے۔

یہ حقیقت اپنے اندر کئی سوالات سموئے ہوئے ہے۔ جب دیگر ممالک اپنی گزرگاہوں سے اربوں ڈالر کماتے ہیں، تو ایران کا یہ طرزِ عمل صرف ایک معاشی فیصلہ نہیں بلکہ ایک سیاسی و اخلاقی پیغام بھی ہے۔ ایک ایسا پیغام جو یہ بتاتا ہے کہ بعض اوقات ریاستیں محض مالی مفاد سے بالاتر ہو کر بھی عالمی ذمہ داری کا مظاہرہ کر سکتی ہیں۔

موجودہ خطے کی کشیدہ صورتحال، خصوصاً مشرقِ وسطیٰ میں بڑھتی ہوئی کشیدگی، ہمیں یہ سوچنے پر مجبور کرتی ہے کہ بیانیے کیسے تشکیل دیے جاتے ہیں۔ ایک طرف ایران کو عالمی سطح پر مختلف الزامات کا سامنا ہے، تو دوسری طرف وہ ایک ایسی آبی شاہراہ کو بغیر فیس کے کھلا رکھے ہوئے ہے، جو عالمی معیشت کی شہ رگ کی حیثیت رکھتی ہے۔

یہ تضاد محض اتفاق نہیں، بلکہ بین الاقوامی سیاست کی پیچیدگیوں کی عکاسی ہے۔ سوال یہ نہیں کہ کون مکمل طور پر درست یا غلط ہے، بلکہ سوال یہ ہے کہ کیا ہم عالمی معاملات کو صرف یک طرفہ بیانیے کی روشنی میں دیکھ رہے ہیں؟

ایران کا مؤقف، جیسا کہ اس کے وزیر خارجہ کے حالیہ خطاب سے ظاہر ہوتا ہے، یہ ہے کہ وہ خطے میں استحکام، خود مختاری اور مشترکہ مفادات کا حامی ہے۔ اگرچہ عالمی طاقتیں اپنے مفادات کے تحت پالیسیاں مرتب کرتی ہیں، لیکن ایسے اقدامات جیسے آبنائے ہرمز کو مفت رکھنا ایک مختلف زاویہ بھی پیش کرتے ہیں، جسے نظرانداز نہیں کیا جا سکتا۔

آج ضرورت اس امر کی ہے کہ ہم جذباتی یا سیاسی وابستگی سے ہٹ کر حقائق کا جائزہ لیں۔ مشرقِ وسطیٰ کا استحکام صرف ایک ملک یا ایک پالیسی سے وابستہ نہیں، بلکہ یہ ایک مشترکہ ذمہ داری ہے۔ اگر ایران واقعی عالمی تجارت کے لیے اس اہم راستے کو بلا معاوضہ کھلا رکھتا ہے، تو یہ ایک ایسا پہلو ہے جسے منفی بیانیوں کے شور میں دبایا نہیں جانا چاہیے۔

آخر میں یہی کہا جا سکتا ہے کہ دنیا کو یکطرفہ نہیں بلکہ متوازن نظر سے دیکھنے کی ضرورت ہے۔ کیونکہ سچ ہمیشہ ایک رخ نہیں رکھتا اور شاید یہی وہ نکتہ ہے جسے سمجھنا آج کے دور کی سب سے بڑی ضرورت ہے۔

معراجِ الفت۔۔۔۔۔ ازقلم: ذوالفقار ہمدم اعوان

بارش اس دن معمول سے زیادہ خاموشی سے برس رہی تھی، جیسے آسمان بھی رو رہا ہو مگر آواز نہ نکال پا رہا ہو۔ سڑک کے کنارے کھڑے درختوں کے پتے بھیگ کر بوجھل ہو چکے تھے اور شہر کے چہروں پر پھیلی ہوئی جلدی میں ایک عجیب سی بے حسی تھی۔ لوگ دوڑ رہے تھے، چھتریاں تان کر، موبائل سنبھال کر، جیسے زندگی صرف وقت پر پہنچنے کا نام ہو۔ کسی کو کسی کی طرف دیکھنے کی فرصت نہیں تھی۔ مگر اس بھیڑ میں ایک آدمی ایسا بھی تھا جو کہیں پہنچنے کی جلدی میں نہیں تھا۔ وہ آہستہ چل رہا تھا، جیسے ہر قدم اس کے لیے ایک فیصلہ ہو۔ اس کے ہاتھ خالی تھے۔ کبھی وہ سفید گلابوں کا گلدستہ اٹھائے اسی سڑک سے گزرا کرتا تھا۔ لوگ کہتے تھے، وہ ہر روز کسی کو پھول دیتا ہے۔ کسی کو نہیں معلوم تھا وہ کون ہے، کہاں رہتی ہے، یا وہ محبت سچ بھی ہے یا صرف ایک عادت۔ لیکن آج اس کے ہاتھ خالی تھے۔

عائشہ نے اسے پہلی بار تین مہینے پہلے دیکھا تھا۔ وہ ایک بوسیدہ سی چائے کی دکان کے پاس کھڑی تھی، جہاں وہ روزانہ اپنے چھوٹے بھائی علی کے لیے بچے ہوئے بسکٹ مانگنے آتی تھی۔ اس کی عمر زیادہ سے زیادہ بائیس سال ہوگی، مگر آنکھوں میں وہ تھکن تھی جو عام طور پر پچاس سال کے لوگوں میں ہوتی ہے۔ علی سات سال کا تھا، اس کی آنکھوں میں ابھی بھی خواب باقی تھے، بھوک کے باوجود۔ عائشہ نے اس دن ہمت کر کے پوچھا، "آپ روز پھول کیوں دیتے ہیں؟ " وہ آدمی مسکرایا، ایک ایسی مسکراہٹ جو مکمل نہیں تھی۔ اس نے جواب دیا، " کیونکہ کچھ چیزیں روز دینا ضروری ہوتی ہیں، ورنہ وہ مر جاتی ہیں۔ " عائشہ نے پوچھا، "اور اگر وہ چیز پہلے ہی مر چکی ہو؟ " وہ خاموش ہو گیا، پھر آہستہ سے بولا، "تب شاید ہم خود کو زندہ رکھنے کے لیے دیتے رہتے ہیں۔ "

اس کا نام حارث تھا۔ کبھی وہ ایک کامیاب فوٹوگرافر تھا، اس کی تصویریں اخبارات میں چھپتی تھیں اور لوگ اس کی آنکھ سے دنیا دیکھنے کے خواہش مند تھے۔ پھر ایک تصویر نے سب کچھ بدل دیا۔ وہ تصویر ایک قحط زدہ بستی کی تھی جہاں ایک ماں اپنے بچے کو سینے سے لگائے بیٹھی تھی اور دونوں کے چہروں پر ایک ہی سوال تھا کہ کیا ہم کل تک زندہ رہیں گے؟ حارث نے وہ تصویر کھینچی، مگر اس دن اس نے صرف تصویر نہیں کھینچی، وہ خود بھی اس منظر میں قید ہو گیا۔ وہ بچہ اگلے دن مر گیا تھا اور اس دن کے بعد حارث نے کیمرہ رکھ دیا۔ عائشہ نے ایک دن پوچھا جب وہ دونوں بارش سے بچنے کے لیے ایک ٹوٹے ہوئے شیڈ کے نیچے کھڑے تھے، " آپ کام کیوں نہیں کرتے؟ " حارث نے جواب دیا، " کرتا تھا، اب صرف دیکھتا ہوں۔ دیکھنے سے کیا ہوتا ہے؟ کبھی کبھی دیکھنا ہی سب سے بڑی سزا ہوتا ہے۔ " عائشہ نے کچھ نہیں کہا، وہ جانتی تھی کہ بھوک بھی ایک ایسی ہی سزا ہے۔

عائشہ کی اپنی کہانی بھی مختصر نہیں تھی۔ اس کے والد ایک مزدور تھے جو ایک دن کام پر گئے اور واپس نہیں آئے۔ ماں نے کچھ عرصہ لوگوں کے گھروں میں کام کیا پھر بیمار ہو گئی۔ دو سال کے اندر اندر عائشہ نے بچپن، گھر اور سکون سب کچھ کھو دیا۔ اب وہ صرف علی کے لیے جیتی تھی۔ ایک دن حارث نے اسے ایک تصویر دکھائی جس میں ایک لڑکی ہنستی ہوئی، آنکھوں میں روشنی اور ہاتھ میں سفید گلاب لیے کھڑی تھی۔ عائشہ کے پوچھنے پر حارث نے بتایا کہ یہ وہ ہے جسے میں پھول دیتا تھا، مگر اب وہ انہیں لینے کے لیے زندہ نہیں ہے۔

وقت گزرتا گیا، حارث اب عائشہ اور علی کے لیے کھانا لے آتا تھا۔ وہ کہتا کہ یہ خیرات نہیں بلکہ ایک ادھورا وعدہ ہے۔ ایک شام جب شہر میں بجلی چلی گئی، عائشہ نے دیکھا کہ حارث ایک کونے میں گلدستہ لیے بیٹھا ہے۔ اس نے بتایا کہ آج اس کی برسی ہے۔ عائشہ نے پوچھا، "آپ اب بھی اس سے محبت کرتے ہیں؟ " حارث نے جواب نہیں دیا، بس گلدستہ زمین پر رکھ دیا۔ عائشہ نے خود ہی کہہ دیا، "محبت کبھی ختم نہیں ہوتی، بس شکل بدل لیتی ہے۔ "

اگلے دن علی بیمار پڑ گیا۔ ہسپتال میں ڈاکٹر نے کہا کہ اگر اس کو مناسب خوراک نہ ملی تو بچانا مشکل ہوگا۔ عائشہ سڑک پر بیٹھی رو رہی تھی کہ حارث نے اسے دیکھا اور ایک فیصلہ کیا۔ اگلے چند دنوں میں لوگوں نے دیکھا کہ ایک آدمی جو کبھی تصویریں کھینچتا تھا، اب گلیوں میں کھانا بانٹ رہا ہے۔ وہ اپنے پرانے کیمرے بیچ چکا تھا اور اپنی جمع پونجی خرچ کر کے دوسروں سے بھی مدد مانگ رہا تھا۔ علی کی حالت بہتر ہونے لگی۔ عائشہ نے ایک دن پوچھا، "آپ نے اپنا سب کچھ دے دیا، کیوں؟ " حارث نے مسکرا کر کہا، " کیونکہ اس دن جب وہ بچہ مر گیا تھا، میں نے کچھ نہیں کیا تھا اور یہ بوجھ اب مزید نہیں اٹھا سکتا۔ "

ایک رات جب شہر سو رہا تھا، بارش میں حارث کہیں جا رہا تھا، اکیلا۔ اس کے ہاتھ میں ایک آخری گلدستہ تھا۔ اگلی صبح لوگوں نے اسے سڑک کے کنارے ساکت پایا۔ اس کے ہاتھ میں گلدستہ اب بھی تھا مگر پھول بھیگ کر جھک چکے تھے۔ عائشہ وہاں پہنچی اور پہلی بار ٹوٹ کر روئی۔ کچھ دن بعد اسی سڑک پر ایک نیا منظر تھا۔ ایک لڑکی ہاتھ میں روٹی کا ٹکڑا لیے لوگوں میں بانٹ رہی تھی اور اس کے ساتھ ایک چھوٹا لڑکا مسکرا رہا تھا۔ لوگ پوچھتے تو وہ کہتی، " کسی نے مجھے سکھایا تھا کہ محبت صرف پھول نہیں ہوتی، کبھی کبھی وہ روٹی بھی بن جاتی ہے۔ " "بارش اس دن بھی ہو رہی تھی مگر اب وہ اتنی اداس نہیں تھی، کیونکہ کسی نے اپنی آخری سانس تک یہ ثابت کر دیا تھا کہ اگر دل میں جگہ ہو تو محبت کسی ایک انسان سے نکل کر پوری دنیا کو کھلا سکتی ہے۔ کبھی کبھی ایک خالی ہاتھ سب سے بڑا تحفہ بن جاتا ہے۔

عید کے دنوں کے خوب صورت لمحات۔۔۔۔۔۔ ازقلم: مارلین احمر

چاندرات کی مدھم روشنی جب آسمان کے کناروں پر پھیلتی ہے تو یوں محسوس ہوتا ہے جیسے فضا میں کسی نے خوشیوں کا نرم سا رنگ گھول دیا ہو۔ اس رات کی اپنی ایک الگ ہی کیفیت ہوتی ہے ہلکی سی بے چینی، بے حد مسرت، اور دل میں چھپی ہوئی بے شمار امیدیں۔ ایک لڑکی کے لیے چاند رات صرف ایک رات نہیں بلکہ خوابوں، تیاریوں اور چھوٹی چھوٹی خوشیوں کا حسین امتزاج ہوتی ہے۔

میرے کمرے میں اس رات ایک عجیب سی رونق تھی۔ بستر پر رکھا نیا جوڑا، ڈریسنگ ٹیبل پر سجی چوڑیاں، کانوں کے جھمکے، اور مہندی کی خوشبو جیسے ہر چیز اپنی جگہ سے مجھے پکار رہی تھی۔ ہاتھوں پر لگی مہندی کا رنگ گہرا ہو رہا تھا اور دل میں عید کی خوشی بھی اسی طرح گہری ہوتی جا رہی تھی۔

پہلا دن: عید کی صبح اور خوشیوں کا پہلا لمس

عید کی صبح ایک خاص تازگی لے کر آتی ہے۔ فجر کے بعد دوبارہ نیند آنکھوں سے کوسوں دور ہو جاتی ہے۔ امی کی آواز کچن سے آ رہی تھی، جہاں وہ مصروف تھیں۔ میں جلدی سے اٹھی، نہا دھو کر تیار ہوئی، اور اپنا پسندیدہ لباس پہنا ہلکے آسمانی رنگ کا سوٹ جس پر نفیس کڑھائی تھی۔ چوڑیاں پہن کر جب میں نے ہاتھ ہلایا تو ان کی کھنک جیسے میرے دل کی دھڑکنوں سے ہم آہنگ ہو گئی۔

ہم لڑکیاں عید کی نماز کے لیے مسجد تو نہیں جاتیں، مگر گھر میں ہی ایک پرسکون کونے میں بیٹھ کر دعا کرتی ہیں۔ اس لمحے ایک عجیب سی روحانیت دل میں اترتی ہے جیسے ساری دعائیں سیدھی آسمان کی طرف جا رہی ہوں۔

جب ابو اور بھائی نماز پڑھ کر واپس آئے تو گھر میں جیسے عید کی اصل رونق شروع ہوئی۔ سب نے ایک دوسرے کو گلے لگایا، دعائیں دیں، اور مسکراہٹوں کا تبادلہ ہوا۔ اس کے بعد ناشتہ پیش کیا گیا امی کے ہاتھ کی بنی ہوئی میٹھی سویاں اور شیر خرما۔

میں بھی کچن میں گئی اور امی کے ساتھ کھڑی ہو کر ان سے سیکھنے لگی۔ انہوں نے بتایا: "بیٹا، اچھی سویاں بنانے کے لیے دودھ کو جلدی نہیں بلکہ آہستہ آہستہ پکانا چاہیے، تبھی اس میں اصل ذائقہ آتا ہے۔"

یہ ایک سادہ سا جملہ تھا، مگر اس میں زندگی کا سبق بھی چھپا تھا صبر سے ہی مٹھاس پیدا ہوتی ہے۔

دوپہر تک مہمانوں کا سلسلہ شروع ہو گیا۔ ہر آنے والی خاتون کا لباس، زیور اور انداز ایک لڑکی کے لیے خاص دلچسپی کا باعث ہوتا ہے۔ ہم کزنز ایک دوسرے کے کپڑوں کی تعریف کرتے، تصویریں لیتے اور ہنستے کھیلتے رہے۔ عیدی کا ملنا تو جیسے خوشی کی انتہا تھا۔

اس دن کا سب سے خوب صورت لمحہ وہ تھا جب ہم سب ایک ساتھ بیٹھے، ہنسے، پرانی باتیں یاد کیں، اور دل کھول کر جئے۔ اس وقت یہ احساس ہوا کہ اصل خوشی اپنوں کے ساتھ ہونے میں ہے۔

دوسرا دن: رشتوں کی مٹھاس اور ذائقوں کی دنیا

عید کا دوسرا دن جیسے رشتوں کو تازہ کرنے کا دن ہوتا ہے۔ اس دن ہم رشتہ داروں کے گھروں میں جاتے ہیں، اور ہر گھر اپنی الگ خوشبو، الگ محبت اور الگ ذائقہ رکھتا ہے۔

میں نے اس دن گلابی رنگ کا لباس پہنا، ہلکی سی جیولری کے ساتھ۔ امی کے ساتھ کچن میں کھڑی ہو کر میں نے کھانے کی تیاری میں حصہ لیا۔ آج بریانی بن رہی تھی۔

امی نے مجھے بتایا: "بریانی کا اصل راز تہہ میں ہوتا ہے چاول، مصالحہ اور گوشت جب صبر سے تہہ در تہہ رکھے جائیں تو ہی اس کا ذائقہ نکھرتا ہے۔"

میں نے پہلی بار اتنی توجہ سے یہ سب دیکھا۔ یوں لگا جیسے کھانا پکانا بھی ایک آرٹ ہے، جس میں محبت سب سے اہم جزہے۔

خالہ کے گھر پہنچے تو وہاں چکن قورمہ اور شامی کباب بنے ہوئے تھے۔ قورمہ کی خوشبو جیسے دل کو اپنی طرف کھینچ رہی تھی۔ خالہ نے بتایا کہ قورمہ میں دہی اور مصالحوں کا توازن بہت ضروری ہے، جبکہ کباب کو نرم بنانے کے لیے دال کو اچھی طرح گلانا پڑتا ہے۔

وہاں ہم سب لڑکیاں ایک کمرے میں بیٹھ گئیں۔ کسی نے اپنی مہندی دکھائی، کسی نے اپنے کپڑوں کی تعریف سنی، اور کسی نے بچپن کی شرارتیں یاد دلائیں۔ ایک کزن نے پرانی تصویریں نکال لیں، اور پھر ہنسی کا ایسا سلسلہ شروع ہوا کہ رکنے کا نام ہی نہیں لے رہا تھا۔

اس لمحے مجھے یہ احساس ہوا کہ وقت کتنی تیزی سے گزر جاتا ہے، مگر یادیں ہمیشہ ہمارے ساتھ رہتی ہیں۔

تیسرا دن: سکون، تھکن اور خاموش خوشی

عید کا تیسرا دن نسبتاً خاموش ہوتا ہے۔ نہ زیادہ شور، نہ زیادہ مہمان بس ایک ہلکی سی تھکن اور بہت ساری یادیں۔

میں نے اس دن سادہ لباس پہنا اور زیادہ وقت گھر میں گزارا۔ امی کے ساتھ چائے پی، بہن کے ساتھ بیٹھ کر عیدی گنی، اور آئینے کے سامنے بیٹھ کر خود کو دیکھا۔

مجھے محسوس ہوا کہ ان تین دنوں نے مجھے کچھ سکھایا ہے۔ عید صرف خوشیوں کا نام نہیں، بلکہ یہ ایک احساس ہے شکر گزاری کا، محبت کا، اور اپنائیت کا۔

میں نے سوچا کہ ہم اکثر بڑی بڑی چیزوں کے پیچھے بھاگتے ہیں، مگر اصل خوشی تو انہی چھوٹے چھوٹے لمحوں میں ہوتی ہے مہندی کی خوشبو میں، چوڑیوں کی کھنک میں، امی کے ہاتھ کے کھانے میں، اور اپنوں کی مسکراہٹ میں۔

یہ بھی محسوس ہوا کہ ایک لڑکی کے لیے عید صرف خود کو سجانے سنوارنے کا نام نہیں، بلکہ گھر کی خوشیوں میں حصہ ڈالنے کا بھی نام ہے۔ کچن میں مدد کرنا، مہمانوں کی خدمت کرنا، اور سب کے ساتھ خوشی بانٹنا یہ سب بھی عید کی خوب صورتی کا حصہ ہیں۔

اختتام: یادوں کی مہک

یوں عید کے تینوں دن گزر گئے پہلے دن کی چمک، دوسرے دن کی رونق، اور تیسرے دن کا سکون سب مل کر ایک حسین داستان بن گئے۔

دل میں ایک ہلکی سی اداسی ضرور تھی کہ یہ دن ختم ہو گئے، مگر ساتھ ہی ایک سکون بھی تھا کہ میں نے ان لمحوں کو پوری طرح جیا۔

عید ہمیں یہ سکھاتی ہے کہ خوشی باہر نہیں بلکہ ہمارے اندر ہوتی ہے۔ یہ ہمیں یاد دلاتی ہے کہ رشتے سب سے قیمتی ہوتے ہیں، اور محبت سب سے خوب صورت جذبہ۔

جب میں نے رات کو آنکھیں بند کیں تو مہندی کی خوشبو، چوڑیوں کی کھنک، اور اپنوں کی ہنسی سب میرے دل میں محفوظ ہو چکے تھے۔

یہی وہ لمحے ہیں جو زندگی کو خوب صورت بناتے ہیں

اور یہی وہ یادیں ہیں جو کبھی مدھم نہیں پڑتیں۔

زمانہ بدلنے والا رب، عروج وزوال کی ابدی کہانی

تحریر۔ اختر علی مہر

تاریخ انسانی کے اوراق اس حقیقت کے گواہ ہیں کہ اقتدار، طاقت، دولت اور شہرت کبھی کسی کے ساتھ ہمیشہ نہیں رہتی۔ یہ سب محض عارضی امانتیں ہیں جنہیں اللہ تعالیٰ جب چاہے عطا کرتا ہے اور جب چاہے واپس لے لیتا ہے۔ قرآنِ کریم نے اس حقیقت کو نہایت بلیغ انداز میں بیان فرمایا وتلک الایام نداولہا بین الناس آل عمران: 140 یعنی یہ دن ہیں جنہیں ہم لوگوں کے درمیان پھیرتے رہتے ہیں۔ یہ آیت صرف ایک جملہ نہیں بلکہ پوری انسانی تاریخ کا خلاصہ ہے۔

فرعون، جو مصر کا سب سے بڑا بادشاہ تھا، اپنی طاقت کے نشے میں یہ کہنے لگا الیس لی ملک مصر وھذہ الانہار تجری من تحتی "الزخرف: 51 کیا مصر کی بادشاہت میری نہیں اور کیا یہ نہریں میرے نیچے نہیں بہہ رہیں یہ وہ غرور تھا جو انسان کو اندھا کر دیتا ہے۔ وہ اپنے اقتدار کو دائمی سمجھنے لگتا ہے، اپنے وسائل کو اپنی محنت کا نتیجہ اور اپنی حکومت کو اپنی قابلیت کا ثمر۔ لیکن تاریخ نے دیکھا کہ یہی فرعون، جس کے نیچے نہریں بہتی تھیں، ایک دن انہی پانیوں میں ڈوب گیا۔ قرآن کہتا ہے "فخذناہ وجنودہ فنبذناھم فی الیم "القصص: 40 پھر ہم نے اسے اور اس کے لشکروں کو پکڑ لیا اور سمندر میں پھینک دیا۔ یہ محض ایک واقعہ نہیں بلکہ ایک سبق ہے کہ جو اپنے آپ کو سب سے بڑا سمجھتا ہے، وہی سب سے زیادہ رسوا ہوتا ہے۔ اسی طرح نمرود، جو اپنی خدائی کا دعویدار تھا، حضرت ابراہیم علیہ السلام کے سامنے کہنے لگا انا احیی وامیت البقرۃ: 258 میں زندگی دیتا ہوں اور موت دیتا ہوں یہ دعویٰ بھی زیادہ دیر نہ چل سکا۔ اللہ تعالیٰ نے اس کے مقابلے میں کوئی بڑی فوج یا زبردست لشکر نہیں بھیجا بلکہ ایک معمولی سا مچھر اس پر مسلط کر دیا۔ روایات کے مطابق وہ مچھر اس کے دماغ میں داخل ہو گیا اور اسے اس قدر اذیت میں مبتلا کیا کہ وہ سکون کے لیے اپنے سر پر جوتے مرواتا تھا۔ وہی لوگ جو کل تک اسے سجدہ کرتے تھے، آج اس کے سر پر ضربیں لگا رہے تھے۔ یہ منظر انسان کو جھنجھوڑنے کے لیے کافی ہے کہ طاقت کا غرور کس طرح ذلت میں بدلتا ہے۔ اسی طرح مکہ کی گلیوں میں ایک رات ایسی بھی آئی جب نبی کریم ﷺ کو قتل کرنے کے لیے قریش کے سرداروں نے سازش کی۔ ہر قبیلے سے ایک ایک نوجوان چنا گیا تا کہ سب مل کر ایک ہی وقت میں حملہ کریں اور خون کا بدلہ کسی ایک قبیلے سے نہ لیا جا سکے۔ بظاہر یہ ایک ناقابل شکست منصوبہ تھا۔

لیکن اللہ تعالیٰ نے فرمایا

"ویمکرون ویمکر اللہ ﷺ واللہ خیر الماکرین " الانفال: 30)

وہ چالیں چلتے ہیں اور اللہ بھی تدبیر کرتا ہے، اور اللہ سب سے بہتر تدبیر کرنے والا ہے۔ چنانچہ نبی کریم ﷺ اس رات مکہ سے نکل گئے اور کفار کی ساری تدبیریں ناکام ہو گئیں۔ پھر وہی مکہ جس سے آپ ﷺ کو نکالا گیا تھا، آٹھ سال بعد آپ ﷺ کے قدموں میں تھا۔ آپ ﷺ فاتح بن کر داخل ہوئے، لیکن سر جھکائے، عاجزی کے ساتھ۔ یہی اللہ کی سنت ہے جو آج مظلوم ہے، کل غالب ہو سکتا ہے، اور جو آج غالب ہے، کل مغلوب بھی ہو سکتا ہے۔ حضرت بلال بن رباح کی زندگی بھی اسی حقیقت کی روشن مثال ہے۔ مکہ کی تپتی ہوئی ریت پر انہیں لٹایا جاتا، سینے پر بھاری پتھر رکھے جاتے، اور کہا جاتا: "لات وعزیٰ کی تعریف کرو" لیکن ان کی زبان پر صرف ایک ہی لفظ ہوتا "احد، احد" "اس وقت اگر کوئی دیکھتا تو شاید یہی کہتا کہ اس مظلوم کا کوئی مددگار نہیں۔ لیکن وقت بدلا۔ بدر کا میدان سجا۔ وہی بلال، جو کل تک غلام تھے، آج مجاہد تھے۔ اور وہی امیہ بن خلف، جوان پر ظلم کرتا تھا، آج ان کے سامنے بے بس کھڑا تھا۔ تاریخ نے دیکھا کہ بلال کی تلوار نے اس ظالم کے غرور کو ہمیشہ کے لیے ختم کر دیا۔ یہ تبدیلیاں کیوں آتی ہیں کیوں اللہ ایک قوم کو عروج دیتا ہے اور پھر اسے زوال میں مبتلا کر دیتا ہے اس کا جواب قرآن خود دیتا ہے "ذلک بان اللہ لم یک مغیرا نعمۃ انعمہا علی قوم حتی یغیروا ما بانفسہم "الانفال 53 یہ اس لیے کہ اللہ کسی قوم پر کی ہوئی نعمت کو نہیں بدلتا جب تک وہ خود اپنی حالت نہ بدلیں۔ یعنی زوال اچانک نہیں آتا، بلکہ یہ ہمارے اعمال کا نتیجہ ہوتا ہے۔ جب قومیں عدل چھوڑ دیتی ہیں، جب ظلم عام ہو جاتا ہے، جب دین کو پسِ پشت ڈال دیا جاتا ہے، تو پھر اللہ کی پکڑ آتی ہے۔ اسی طرح عروج بھی محض اتفاق نہیں ہوتا، بلکہ ایمان، صبر، اور تقویٰ کا نتیجہ ہوتا ہے۔ آج کے دور میں بھی اگر ہم اپنے اردگرد دیکھیں تو یہی منظر نظر آتا ہے۔ طاقتور کمزور ہو رہے ہیں، اور کمزور طاقتور بن رہے ہیں۔ حالات پلٹ رہے ہیں، نظام بدل رہے ہیں، اور یہ سب اللہ کی مشیت کے تحت ہو رہا ہے۔ یہی وجہ ہے کہ ایک مومن نہ تو اپنی کامیابی پر مغرور ہوتا ہے اور نہ اپنی ناکامی پر مایوس۔ وہ جانتا ہے کہ سب کچھ عارضی ہے اصل چیز اللہ کی رضا ہے۔ حضرت علی کا قول ہے . دن دو طرح کے ہوتے ہیں ایک تمہارے حق میں اور ایک تمہارے خلاف۔ اگر تمہارے حق میں ہو تو غرور نہ کرو، اور اگر تمہارے خلاف ہو تو صبر کرو۔ یہی ایمان کی اصل روح ہے۔ آج ہمیں اس بات کی شدید ضرورت ہے کہ ہم تاریخ سے سبق سیکھیں۔ ہم فرعون کے انجام کو دیکھیں اور اپنے اندر کے غرور کو ختم کریں۔ ہم نمرود کی ذلت کو یاد رکھیں اور اپنی طاقت کو اللہ کی امانت سمجھیں۔ ہم نبی کریم ﷺ کی جدوجہد کو دیکھیں اور مشکلات میں ہمت نہ ہاریں۔ ہم بلال کی استقامت کو اپنائیں اور حق پر قائم رہیں۔

کیونکہ آخرکار کامیابی اسی کی ہے جو اللہ کے ساتھ ہے۔ زندگی کے نشیب و فراز ہمیں یہ سکھاتے ہیں کہ اصل سہارا نہ دولت ہے، نہ طاقت، نہ عہدہ بلکہ صرف اللہ ہے۔ جب انسان اس حقیقت کو سمجھ لیتا ہے تو پھر وہ ہر حال میں مطمئن رہتا ہے۔ وہ جانتا ہے کہ اگر آج مشکل ہے تو کل آسانی بھی آئے گی، اور اگر آج آسانی ہے تو اس کا شکر ادا کرنا لازم ہے۔ آخر میں یہی کہا جا سکتا ہے کہ یہ دنیا ایک امتحان گاہ ہے، جہاں ہر لمحہ حالات بدلتے رہتے ہیں۔ لیکن جو شخص اپنے رب کے ساتھ تعلق مضبوط رکھتا ہے، وہ کبھی ناکام نہیں ہوتا۔ زمانے کے بدلنے سے گھبرانا نہیں، بلکہ اپنے رب سے جڑ جا۔ کیونکہ زمانہ بدلنے والا بھی وہی ہے اور تقدیر لکھنے والا بھی وہی۔

"وعلی اللہ فلیتوکل المؤمنون "آل عمران: 122

اور مومنوں کو چاہیے کہ وہ اللہ ہی پر بھروسہ کریں۔ اللہ ہمیں حق کو سمجھنے، اس پر عمل کرنے، اور ہر حال میں اس پر قائم رہنے کی توفیق عطا فرمائے۔ آمین۔

محمد سلیم سرور ایک مثالی شخصیت

تحریر: پروفیسر ڈاکٹر خالد محمود عارف

محمد سلیم سرور ان خوش نصیب اور باکمال اسکالرز میں سے ہیں جنہیں دیکھ کر علم، کردار اور اخلاص کا حسین امتزاج یاد آتا ہے۔ پی ایچ ڈی علوم اسلامیہ جیسے سنجیدہ اور محنت طلب مرحلے کو کامیابی کے ساتھ طے کرنا کوئی معمولی بات نہیں، لیکن جس انداز سے آپ نے اپنے مقالے کو بروقت مکمل کیا اور اسے جمع کروایا، وہ آپ کی غیر معمولی سنجیدگی، محنت، نظم وضبط اور علمی بصیرت کا واضح ثبوت ہے۔ یہ کامیابی صرف ایک تعلیمی مرحلہ طے کرنے کا نام نہیں بلکہ ایک ایسے سفر کی علامت ہے جس میں استقامت، قربانی، اور جہد مسلسل شامل ہوتی ہے۔

آپ کی شخصیت کا سب سے نمایاں پہلو آپ کا اساتذہ کے ساتھ گہرے احترام اور ادب کا رشتہ ہے۔ آج کے دور میں جب تعلیمی ماحول میں اساتذہ کے ساتھ تعلقات اکثر رسمی ہو کر رہ جاتے ہیں، وہاں آپ نے اپنے رویے، گفتار اور کردار سے یہ ثابت کیا ہے کہ حقیقی علم وہی ہے جو ادب کے ساتھ حاصل کیا جائے۔ آپ کا یہ وصف نہ صرف آپ کو ایک کامیاب طالب علم بناتا ہے بلکہ ایک مثالی انسان کے طور پر بھی نمایاں کرتا ہے۔ اساتذہ کے لیے آپ کا احترام دراصل اس علمی روایت کا تسلسل ہے جو ہمارے اسلاف نے ہمیں سکھائی ہے۔

مزید برآں، آپ کی شخصیت میں اخلاص، محبت اور دوسروں کے لیے آسانی پیدا کرنے کا جذبہ بہت نمایاں ہے۔ آپ نہ صرف اپنے کام میں سنجیدہ اور محنتی ہیں بلکہ دوسروں کے کام آنے میں بھی ہمیشہ پیش پیش رہتے ہیں۔ ایسے لوگ معاشرے میں روشنی کے چراغ ہوتے ہیں، جو نہ صرف اپنی راہ روشن کرتے ہیں بلکہ دوسروں کے لیے بھی آسانیاں پیدا کرتے ہیں۔ آپ کی یہی صفات آپ کو ایک منفرد اور قابلِ تقلید شخصیت بناتی ہیں۔

آپ کی علمی سنجیدگی اور تحقیقی ذوق اس بات کا مظہر ہے کہ آپ نے اپنے شعبے کو صرف ایک ڈگری کے حصول کا ذریعہ نہیں بنایا بلکہ اسے اپنی زندگی کا مقصد سمجھا ہے۔ آپ کے مقالے کی تکمیل اس بات کی غمازی کرتی ہے کہ آپ میں تحقیق کے میدان میں آگے بڑھنے کی بھرپور صلاحیت موجود ہے۔ یہ کامیابی دراصل آپ کے روشن مستقبل کی ایک جھلک ہے، جہاں آپ اپنی علمی خدمات کے ذریعے نہ صرف ادارے بلکہ پورے معاشرے کے لیے باعثِ فخر بن سکتے ہیں۔

یہ بھی قابلِ تحسین بات ہے کہ آپ نے اپنے سفر کے دوران ہر مرحلے کو نہایت ذمہ داری اور وقت کی پابندی کے ساتھ مکمل کیا۔ بروقت کام مکمل کرنا ایک ایسی عادت ہے جو انسان کو کامیابی کی بلندیوں تک لے جاتی ہے، اور آپ نے اس خوبی کو اپنے عمل سے ثابت کیا ہے۔ یہ نظم وضبط آپ کی آئندہ زندگی میں بھی آپ کے لیے ان شاءاللہ کامیابیوں کے دروازے کھولتا رہے گا۔

آپ کی شخصیت میں جو عاجزی اور انکساری پائی جاتی ہے، وہ آپ کے علم کو مزید خوبصورتی عطا کرتی ہے۔ علم جب عاجزی کے ساتھ جڑ جائے تو وہ نہ صرف انسان کو بلند کرتا ہے بلکہ دوسروں کے دلوں میں بھی اس کے لیے جگہ پیدا کرتا ہے۔ آپ کا نرم لہجہ، مخلصانہ رویہ اور دوسروں کے لیے خیر خواہی کا جذبہ اس بات کا ثبوت ہے کہ آپ نہ صرف ایک اچھے اسکالر ہیں بلکہ ایک بہترین انسان بھی ہیں۔

اس موقع پر دل کی گہرائیوں سے یہ دعا ہے کہ اللہ تعالیٰ آپ کے علم میں مزید اضافہ فرمائے، آپ کی محنت کو شرفِ قبولیت عطا کرے، اور آپ کو دین و دنیا دونوں میں کامیابیوں سے نوازے۔ اللہ آپ کو اپنی علمی صلاحیتوں کو امت کی بھلائی کے لیے استعمال کرنے کی توفیق دے اور آپ کو ایسے کاموں کی طرف رہنمائی فرمائے جو صدقہ جاریہ بن سکیں۔

آپ کی یہ کامیابی دراصل ایک نئے سفر کا آغاز ہے۔ امید ہے کہ آپ آئندہ بھی اسی جذبے، محنت اور اخلاص کے ساتھ اپنے علمی اور عملی میدان میں آگے بڑھتے رہیں گے اور اپنے ادارے، اساتذہ اور خاندان کے لیے باعثِ فخر بنتے رہیں گے۔ آپ کی کامیابیاں نہ صرف آپ کی اپنی پہچان ہوں گی بلکہ ان لوگوں کے لیے بھی باعثِ حوصلہ بنیں گی جو آپ کو دیکھ کر علم کے راستے پر چلنے کا عزم کریں گے۔

آخر میں، آپ کے لیے نیک تمنائیں، دعائیں اور دلی مبارکباد کا اظہار کرتے ہوئے یہی کہنا مناسب ہے کہ آپ جیسے بااخلاق، مخلص اور محنتی افراد ہی دراصل معاشرے کی اصل طاقت ہوتے ہیں۔ اللہ تعالیٰ آپ کو سلامت رکھے، آپ کے درجات بلند فرمائے اور آپ کو ہمیشہ اپنی حفظ وامان میں رکھے۔ آمین ثم آمین۔

چراغِ علم کا امین: علامہ عبدالستار عاصم کی فکری جہات۔۔۔۔ اخلاق احمد ساغر کے قلم سے



شام ڈھل رہی تھی۔ آسمان پر ہلکی سی سرخی باقی تھی اور پرانی کتابوں کی خوش بو سے بھرا ہوا ایک کمرہ اپنے اندر ایک عجیب سی خاموشی سمیٹے ہوئے تھا۔ لکڑی کی الماریوں میں سجی کتابیں یوں محسوس ہوتی تھیں جیسے صدیوں سے کسی ایسے ہاتھ کی منتظر ہوں جو انھیں کھولے، پڑھے اور آگے بڑھا دے۔ میز پر رکھا ہوا چراغ مدھم روشنی دے رہا تھا مگر اس کی لو میں ایک عجب استقامت تھی۔ ایسا لگتا تھا جیسے وہ صرف کمرہ روشن نہیں کر رہا بلکہ کسی فکر، کسی عزم اور کسی مسلسل جدوجہد کی کہانی سنا رہا ہو۔

میں نے اس چراغ کو دیکھا تو بے اختیار ایک شخصیت کا خیال دل میں ابھرا، ایک ایسی شخصیت جو خود بھی چراغ ہے اور دوسروں کے ہاتھوں میں بھی روشنی تھما دینے کا ہنر جانتی ہے۔ ہمارے عہد میں اگر کسی ایسے آدمی کا نام لیا جائے جس نے خاموشی کے ساتھ مگر پوری ثابت قدمی کے ساتھ علم کی خدمت کو اپنی زندگی کا مقصد بنایا تو وہ نام علامہ عبدالستار عاصم کا ہے۔

قوموں کی زندگی میں کچھ لوگ ایسے ہوتے ہیں جو شور سے نہیں پہچانے جاتے بلکہ اپنے کام سے پہچانے جاتے ہیں۔ وہ اپنے بارے میں کم بولتے ہیں مگر وقت ان کے بارے میں خود بولنے لگتا ہے۔ علامہ عبدالستار عاصم بھی ان ہی لوگوں میں سے ہیں۔ وہ مصنف ہیں، محقق ہیں، معلم ہیں، کالم نگار ہیں مگر ان سب حوالوں سے بڑھ کر وہ ایک صاحبِ فکر انسان ہیں۔ ان کے ہاتھ میں قلم آیا تو انھوں نے اسے اظہار کا ذریعہ نہیں بلکہ ذمہ داری سمجھا اور جب علم ملا تو اسے اپنے پاس رکھنے کی بجائے امانت جان کر آگے بڑھا دیا۔

ان کی شخصیت کا سب سے نمایاں پہلو ان کی علمی سنجیدگی اور فکری دیانت ہے۔ درس و تدریس سے ان کی طویل وابستگی نے ان کے مزاج میں ایک ایسا ٹھہراؤ پیدا کیا ہے جو صرف سچے استاد کا حصہ ہوتا ہے۔ یہی ٹھہراؤ ان کی تحریروں میں بھی جھلکتا ہے۔ وہ لفظوں کی نمائش کے قائل نہیں، وہ معنی کی روشنی پیدا کرتے ہیں۔ ان کے ہاں ہر جملہ سوچ کے بعد لکھا جاتا ہے اور ہر بات کے پیچھے ایک مقصد ہوتا ہے۔ اسی لیے ان کی تحریریں صرف پڑھی نہیں جاتیں بلکہ سمجھی جاتی ہیں اور دیر تک ذہن میں رہتی ہیں۔

اردو ادب، تاریخ اور قومی شعور کے موضوعات پر ان کا مسلسل لکھنا اس بات کا ثبوت ہے کہ وہ ماضی کو قصہ نہیں سمجھتے بلکہ سبق سمجھتے ہیں۔ ان کے نزدیک ادب محض اظہار نہیں بلکہ تربیت ہے اور تاریخ محض واقعات نہیں بلکہ قوموں کے لیے آئینہ ہے۔ یہی وجہ ہے کہ ان کی تحریروں میں قوم کے درد کا احساس، تہذیبی شناخت کی فکر اور نوجوان نسل کی رہنمائی کا جذبہ نمایاں نظر آتا ہے۔

قائداعظم محمد علی جناح کی شخصیت پر ان کا تحقیقی کارنامہ "جہانِ قائد" ان کی علمی زندگی کا ایک اہم سنگِ میل ہے۔ اس کتاب میں انھوں نے قائداعظم کی حیات اور فکر کو اس انداز سے پیش کیا ہے کہ قاری صرف واقعات نہیں پڑھتا بلکہ ایک نظریہ سے آشنا ہوتا ہے۔ انھوں نے بڑے دکھ کے ساتھ یہ احساس دلایا کہ ہم نے قائداعظم کو بطورِ شخصیت تو یاد رکھا مگر ان کے اصولوں کو اپنی زندگی کا حصہ نہ بنا سکے۔ اس کتاب کے ذریعے انھوں نے یہ پیغام دیا کہ قومیں اس وقت تک مضبوط نہیں ہوتیں جب تک وہ اپنے محسنوں کے افکار کو اپناتی نہیں۔

سیرتِ نبوی ﷺ کے موضوع پر ان کا عظیم کام "انسائیکلوپیڈیا مکتوباتِ رحمت للعالمین ﷺ" ان کی علمی محنت کا شاہکار ہے۔ اس تصنیف میں انھوں نے حضور اکرم ﷺ کی حیاتِ مبارکہ کے مختلف پہلوؤں کو نہایت محنت، ترتیب اور حوالوں کے ساتھ جمع کیا۔ یہ کتاب اس بات کا ثبوت ہے کہ ان کے نزدیک سیرت کا مطالعہ صرف عقیدت نہیں بلکہ تحقیق کا بھی تقاضا کرتا ہے۔ محدود وسائل کے باوجود اتنا بڑا کام کر دکھانا اس بات کی دلیل ہے کہ جب نیت خالص ہو تو راستے خود بنتے چلے جاتے ہیں۔

ان کی کتاب "ماں، عظمتوں کی داستان" ان کے قلم کا ایک اور خوب صورت رخ سامنے لاتی ہے۔ اس میں انھوں نے ماں کے مقام کو محض جذباتی انداز میں نہیں بلکہ تہذیبی اور اخلاقی زاویے سے بیان کیا ہے۔ ان کے نزدیک ماں صرف رشتہ نہیں بلکہ تربیت کی پہلی درس گاہ اور کردار کی پہلی بنیاد ہے۔

ان کے اشاعتی ادارے سے شائع ہونے والی خود نوشت "سپاہی سے ڈپٹی کمشنر تک" اس بات کا ثبوت ہے کہ وہ صرف خود لکھنے پر اکتفا نہیں کرتے بلکہ دوسروں کے تجربات کو محفوظ کرنے اور نئی نسل تک پہنچانے کو بھی اپنی ذمہ داری سمجھتے ہیں۔

علامہ عبدالستار عاصم کی علمی زندگی کا ایک روشن باب ان کا قائم کردہ ادارہ قلم فاؤنڈیشن انٹرنیشنل) لاہور (ہے۔ یہ ادارہ دراصل ایک خواب کی تعبیر ہے، وہ خواب کہ کتاب کو عام کیا جائے اور علم کو ہر انسان تک پہنچایا جائے۔ اسی سوچ کے ساتھ انھوں نے "ہر ہاتھ میں کتاب" کا مشن شروع کیا جو آج ایک تحریک کی صورت اختیار کر چکا ہے۔

اس ادارے نے سینکڑوں کتابیں شائع کیں جن میں سیرت، تاریخ، سوانح، اصلاحی ادب اور تحقیق شامل ہیں۔ اس ادارے کی سب سے بڑی خوبی یہ ہے کہ یہ معیاری کتابیں کم قیمت پر شائع کرتا ہے تا کہ علم صرف امیروں کی میراث نہ رہے بلکہ عام آدمی تک بھی پہنچے۔ لاہور کینٹ کی والٹن روڈ پر قائم یہ مرکز اب صرف دفتر نہیں رہا بلکہ ایک ادبی بیٹھک بن چکا ہے، جہاں قلم کار جمع ہوتے ہیں، نئی کتابیں جنم لیتی ہیں اور علم کی محفلیں سجتی ہیں۔ علامہ عبدالستار عاصم کی سب سے بڑی خوبی یہ ہے کہ انھوں نے صرف خود چراغ جلانے پر اکتفا نہیں کیا بلکہ دوسروں کو بھی چراغ تھما دیے۔ انھوں نے نئے لکھنے والوں کو حوصلہ دیا، ان کے لیے راستہ بنایا، انھیں پلیٹ فارم دیا۔ بہت سے ایسے لوگ جو کبھی کتاب لکھنے کا تصور بھی نہیں کرتے تھے، آج قلم فاؤنڈیشن کے ذریعے مصنف بن چکے ہیں اور یہی خدمت کسی ایک کتاب لکھنے سے کہیں زیادہ بڑی خدمت ہے۔ کالم نگاری میں بھی ان کا انداز باوقار اور متوازن ہے۔ وہ مسائل پر بات کرتے ہیں مگر شور نہیں مچاتے، اختلاف کرتے ہیں مگر احترام کے ساتھ اور تنقید کرتے ہیں مگر اصلاح کے ارادے سے۔ ان کی تحریریں قاری کو سوچنے پر مجبور کرتی ہیں اور یہی ایک سچے کالم نگار کی پہچان ہے۔ یہ کہنا غلط نہ ہوگا کہ علامہ عبدالستار عاصم ہمارے عہد کے ان لوگوں میں سے ہیں جو چراغ بھی جلاتے ہیں اور چراغ بانٹتے بھی ہیں۔ ان کی کتابیں، ان کی تحریریں اور ان کا قائم کردہ ادارہ اس بات کی گواہی دیتے ہیں کہ اگر نیت خالص ہو اور مقصد بلند ہو تو ایک شخص بھی علم کی ایک پوری تحریک بن سکتا ہے۔

اللہ تعالیٰ انھیں صحت و توانائی عطا فرمائے، ان کے قلم کو مزید قوت دے اور ان کی علمی خدمات کو آنے والی نسلوں کے لیے مشعلِ راہ بنائے تا کہ یہ چراغ جو جل چکا ہے، بجھنے کی بجائے مزید روشنی پھیلاتا رہے۔

بقیہ نمبر 1 ☆☆☆

فون پر ان مناظر کو قلمبند کرتا رہا تو کوئی سیٹیاں اور تالیاں بجاتا دکھائی دیا۔ اطلاعات کے مطابق تھانہ حسین آباد کی حدود مصروف ترین آٹو بھان روڈ پر عید الفطر کے پہلے روز موت کے کھیل کے دوران 2 موٹر سائیکلیں آپس میں ٹکرانے کے نتیجے میں ایک نوجوان شدید زخمی ہوگیا جسے لوگوں نے اسپتال منتقل کیا جس کی شناخت پریٹ آباد کے رہائشی مزمل ولد ندیم آرائیں کے طور پر کی گئی جس کے ایک ہاتھ میں فریکچر ہونے پر اسے اسپتال میں داخل کرلیا گیا

بقیہ نمبر 2 ☆☆☆

کہ عوام پیٹرول اور گیس کا استعمال فور 501 فیصد کم کر دیں، اگر قوم نے کفایت شعاری نہ اپنائی تو عالمی سطح پر قیمتوں میں اضافے کے اثرات پاکستان پر مرتب ہوں گے۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان نے ایران کے خلاف جارحیت کی واضح مذمت کی، سپریم لیڈر آیت اللہ علی خامنہ ای کی شہادت پر بھی افسوس کا اظہار کیا ہے۔ ایران کے خلیجی ممالک پر حملوں کی بھی مذمت کی۔ رانا ثنا اللہ نے کہا کہ افغانستان سے ہمارا ایک ہی مطالبہ ہے کہ افغان سرزمین دہشت گردی کے لیے استعمال نہ ہو۔ انہوں نے کہا کہ 9 مئی کے واقعات ان کی طرف سے نہیں کیے گئے اور سزائیں عدالتیں دے رہی ہیں۔ پی ٹی آئی ڈیل کے لیے تیار ہے مگر ہم کسی بھی صورت میں انہیں دوبارہ کوئی رعایت نہیں دیں گے۔ انہوں نے کہا کہ پنجاب حکومت نے بلدیاتی انتخابات کروانے کا حتمی فیصلہ کرلیا ہے، تمام تر تیاریاں مکمل ہو چکی ہیں، صوبے میں بلدیاتی الیکشن اب بہت جلد منعقد کیے جائیں گے

بقیہ نمبر 3 ☆☆☆

ہونے والے افراد میں طبی عملہ بھی شامل ہے۔ حملے کے بعد ہسپتال کے بچوں، زچگی اور ایمرجنسی وارڈز شدید متاثر ہوئے اور ہسپتال مکمل طور پر غیر فعال ہوگیا۔ ڈبلیو ایچ او کے مطابق سوڈان کی جاری جنگ کے دوران صحت کے مراکز پر حملوں میں ہلاک ہونے والوں کی تعداد 2 ہزار سے تجاوز کرچکی ہے، جبکہ 2023 سے اب تک 213 حملے ریکارڈ کیے جاچکے ہیں۔ انسانی حقوق کی تنظیموں کے مطابق یہ حملہ مبینہ طور پر ڈرون کے ذریعے کیا گیا، تاہم ڈبلیو ایچ او نے کسی فریق کو براہ راست ذمہ دار قرار نہیں دیا۔ سوڈان میں اپریل 2023 سے فوج اور نیم فوجی فورس کے درمیان جنگ جاری ہے، جس کے نتیجے میں ہزاروں افراد ہلاک اور لاکھوں بے گھر ہو چکے ہیں۔ اقوام متحدہ کے مطابق یہ تنازع دنیا کے بدترین انسانی بحرانوں میں سے ایک بن چکا ہے، جہاں 3 کروڑ سے زائد افراد کو فوری انسانی امداد کی ضرورت ہے۔ ڈبلیو ایچ او کے سربراہ نے کہا کہ صحت کے مراکز کو نشانہ بنانا انتہائی افسوسناک ہے۔ انہوں نے فوری جنگ بندی اور شہریوں کے تحفظ کی اپیل بھی کی ہے۔

بقیہ نمبر 4 ☆☆☆

آرجی (کے 5 دہشتگردوں کو گرفتار کر کے دہشت گردی کا منصوبہ ناکام بنادیا، گرفتار دہشتگردوں کے قبضے سے بارودی مواد آئی ای ڈی اور اسلحہ ایمونیشن بر آمد کرلیا گیا۔ ڈی آئی جی سی ٹی ڈی اظفر مہیسر نے بتایا کہ گرفتار دہشت گردوں میں کالعدم تنظیم کے کمانڈر جھونو ولد یار محمد، جاگک خان ولد مصری خان، علی جان ولد امیر بخش، نیاز ولد امام بخش اور نور محمد ولد جمعہ خان شامل ہیں۔ ڈی آئی جی سی ٹی ڈی کا کہنا ہے کہ دوران پاکستان میں ریلوے ٹریک پر ہونے والے دہشت گردی واقعات میں پڑوسی ملک ملوث ہونے کا انکشاف ہوا ہے پڑوسی ملک کے دہشتگردوں کے ساتھ ایک اور گٹھ جوڑ بے نقاب ہوا ہے، ڈی آئی جی نے بتایا کہ چند ماہ کے دوران شکار پور اور جیکب آباد میں کم شدت کے 6 دھماکے کیے، دھماکوں کے نتیجے میں ریلوے ٹریک اور ٹرین کی بوگیوں کو جزوی نقصان پہنچا، تمام حملوں کی ذمے داری کالعدم بلوچ ریپبلکن گارڈز نے اپنے سوشل میڈیا پر قبول کی، سی ٹی ڈی سندھ نے سویلین اور وفاقی حساس ادارے کی نشاندہی اور تکنیکی بنیادوں پر تمام پہلوؤں کا جائزہ لیا گیا، تکنیکی بنیادوں پر دہشت گردوں کی شناخت کی گئی، گرفتار ملزمان نے دوران تفتیش کئی کارروائیوں کا انکشاف کیا، انہوں نے بتایا کہ گرفتار دہشت گردوں نے 18 جون 2025 کو جیکب آباد ملیوالہ ٹریک پر دھماکا اور 28 جولائی کو ریلوے ٹریک پی ایس ہمایوں ضلع شکار پور میں دھماکا کیا، گرفتار دہشت گردوں نے 17 اکتوبر کو جعفر ایکسپریس مسافر ٹرین پر شکار پور میں دھماکا کیا، 16 دسمبر 2025 پی ایس ہمایوں ضلع شکار پور میں دھماکا کیا۔

بقیہ نمبر 5 ☆☆☆

23 مارچ کو منائے جانے والے یوم پاکستان کے سلسلے میں مبارکباد کے پیغامات درج ہیں۔ پوسٹرز پر قائد اعظم محمد علی جناح، فیلڈ مارشل عاصم منیر اور پاکستانی پرچم کی تصاویر لگائی گئی ہیں۔ پوسٹرز پر لکھا ہوا ہے کہ پاکستان اپنے کشمیری بھائیوں کو کسی صورت تنہا نہیں چھوڑے گا اور کشمیر کاز کی بھرپور حمایت جاری رکھے گا۔

بقیہ نمبر 6 ☆☆☆

کی لاگت میں نمایاں اضافے کے باعث اسپورٹس یوٹیلیٹی وہیکل (SUV) استعمال کرنے والوں کی ترجیحات تیزی سے تبدیل ہو رہی ہیں۔ ماہرین اور صنعت سے وابستہ شخصیات کے مطابق اب پلگ ان ہائبرڈ الیکٹرک وہیکلز اور رینج ایکسٹینڈڈ الیکٹرک وہیکلز پاکستانی صارفین کے لیے زیادہ موزوں اور معاشی طور پر فائدہ مند انتخاب بنتے جا رہے ہیں۔ چیری ماسٹر پاکستان کے ڈائریکٹر سیلز اینڈ مارکیٹنگ سید آصف احمد کے مطابق موجودہ پیٹرول قیمتوں نے روایتی گاڑیوں کی معیشت کو بری طرح متاثر کیا ہے۔ اب یہ صرف ماحولیات کا معاملہ نہیں بلکہ براہ راست صارف کے ماہانہ اخراجات کا سوال بن چکا ہے۔ اعداد و شمار کے مطابق عام پیٹرول پر چلنے والی ایس یو وی سیگمنٹ SUV، جو اوسطاً 10 کلومیٹر فی لیٹر ایندھن خرچ کرتی ہے، موجودہ قیمتوں پر تقریباً 32 روپے فی کلومیٹر خرچ کرتی ہے۔ اس کے مقابلے میں روایتی ہائبرڈ گاڑیاں، جو تقریباً 18 کلومیٹر فی لیٹر مائلیج دیتی ہیں، ان کی لاگت کم ہو کر تقریباً 18 روپے فی کلومیٹر رہ جاتی ہے، تاہم اب بھی پیٹرول کی قیمتوں میں اتار چڑھاؤ سے متاثر ہوتی ہیں۔ ماہرین کا کہنا ہے کہ اصل تبدیلی پلگ ان ہائبرڈ اور رینج ایکسٹینڈڈ گاڑیوں کے ذریعے آ رہی ہے، جو شہری استعمال کے دوران زیادہ تر بجلی پر مکمل کرنے کی صلاحیت رکھتی ہیں۔ مثال کے طور پر ایک جدید پلگ ان SUV کی بیٹری کو مکمل چارج کرنے پر تقریباً 170 کلومیٹر تک سفر کیا جاسکتا ہے۔ اگر بجلی کی اوسط قیمت 50 روپے فی یونٹ لی جائے تو ایک مکمل چارج کی لاگت تقریباً 1700 روپے بنتی ہے، جو فی کلومیٹر تقریباً 10 روپے کے برابر ہے۔ اس طرح ایک پلگ ان ہائبرڈ SUV کی یومیہ لاگت روایتی پیٹرول گاڑی کے مقابلے میں تقریباً 22 روپے فی کلومیٹر کم ہوسکتی ہے، جو ماہانہ بنیاد پر صارفین کے لیے نمایاں بچت کا باعث بنتی ہے۔ ماہرین توانائی کے مطابق پاکستان میں تیزی سے بڑھتا ہوا سولر انرجی کا رجحان بھی اس تبدیلی کو مزید تقویت دے رہا ہے۔ ملک میں نیٹ میٹرنگ اور گھریلو سولر سسٹم کی تنصیب میں نمایاں اضافہ ہوا ہے، جس سے صارفین نہ صرف بجلی کے بل کم کر رہے ہیں بلکہ اپنی گاڑیوں کو کم لاگت پر چلا سکتے ہیں۔ سید آصف احمد کے مطابق یہ موقع ہے جہاں پاکستان کی توانائی اور ٹرانسپورٹ دونوں تبدیلیاں آپس میں جڑ رہی ہیں۔ جو گھرانے اپنی بجلی خود پیدا کر رہے ہیں، وہ عملاً اپنی ٹرانسپورٹ کے ایندھن کے اخراجات

میں بھی بڑی کمی لاسکتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ پلگ اِن ہائبرڈ اور REEV گاڑیاں پاکستانی صارفین کے لیے اس لیے بھی موزوں ہیں کیونکہ یہ مکمل الیکٹرک گاڑیوں کے برعکس چارجنگ انفرااسٹرکچر پر مکمل انحصار نہیں کرتیں اور طویل سفر کے لیے پیٹرول بیک اپ فراہم کرتی ہیں۔ معاشی ماہرین اس رجحان کو قومی معیشت کے تناظر میں بھی اہم قرار دیتے ہیں۔ پاکستان کا انحصار درآمدی تیل پر ہے اور عالمی منڈی میں قیمتوں میں اتار چڑھاؤ براہ راست ملکی مالیاتی دباؤ میں اضافہ کرتا ہے۔ سرکاری اندازوں کے مطابق عالمی تیل کی قیمتوں میں 20 فیصد اضافہ مالی خسارے میں سیکڑوں ارب روپے کا اضافہ کرسکتا ہے۔ ماہرین کا کہنا ہے کہ اگر صارفین کی بڑی تعداد کم ایندھن استعمال کرنے والی یا بجلی پر چلنے والی گاڑیوں کی طرف منتقل ہوتی ہے تو اس سے نہ صرف انفرادی سطح پر بچت ہوگی بلکہ ملک کے درآمدی بل پر بھی مثبت اثر پڑے گا۔ موجودہ صورتحال میں واضح ہوتا جا رہا ہے کہ پاکستان میں SUV استعمال کرنے والے صارفین کے لیے مستقبل کا انتخاب تبدیل ہو رہا ہے، جہاں پلگ اِن ہائبرڈ اور رینج ایکسٹینڈڈ گاڑیاں مہنگے ایندھن کے دور میں ایک عملی اور معاشی حل کے طور پر سامنے رہی ہیں۔

بقیہ نمبر 7 ☆☆☆

علاالدین بروجردی نے کہا ہے کہ ایران نے آبنائے ہرمز سے گزرنے والے متعدد جہازوں سے تقریباً 20 لاکھ ڈالر بطور ٹرانزٹ فیس وصول کی ہے۔ ایرانی پارلیمنٹ کی قومی سلامتی اور خارجہ پالیسی کمیٹی کے رکن علاالدین بروجردی نے ایک ٹی وی پروگرام میں بتایا کہ ہیں ایران نے 47 سال بعد آبنائے ہرمز پر خودمختاری کا ایک نیا تصور قائم کیا ہے اور اب چند جہازوں سے گزرنے کے لیے 20 لاکھ ڈالر وصول کیے جاتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ آبنائے ہرمز سے گزرنے والے بعض جہازوں سے 20 لاکھ ڈالر کی ٹرانزٹ فیس وصول کرنا ایران کی طاقت کی عکاسی کرتا ہے۔ واضح رہے کہ ایران نے مارچ کے آغاز سے ہی مؤثر طور پر آبنائے ہرمز کو زیادہ تر جہازوں کے لیے بند کر دیا ہے، جو تیل کی ترسیل کا ایک اہم راستہ ہے اور جہاں سے عام طور پر روزانہ تقریباً 2 کروڑ بیرل تیل اور دنیا کی ایل این جی کی تجارت کا تقریباً 20 فیصد گزرتا ہے۔ ایران کی جانب سے اس بندش کے باعث شپنگ اور انشورنس کے اخراجات میں اضافہ ہوا ہے، تیل کی قیمتیں بڑھ گئی ہیں اور عالمی معیشت کے حوالے سے خدشات پیدا ہوگئے ہیں۔ ایران پر امریکا اور اسرائیل کی جانب سے 28 فروری کو شروع کیے گئے حملوں کے نتیجے میں آبنائے ہرمز میں تعطل آیا ہے جبکہ ایران پر حملوں میں سپریم لیڈر آیت اللہ علی خامنہ ای اور پاسداران انقلاب کے اعلیٰ کمانڈرز سمیت اہم شخصیات کی شہادت بھی ہوئی ہے اور اب تک 1300 سے زائد افراد شہید ہوچکے ہیں، ان میں ایک اسکول پر ہونے والی بمباری میں ڈیڑھ سو زائد بچوں کی شہادت بھی شامل ہے۔ ایران نے جواب میں اسرائیل اور متحدہ عرب امارات، اردن، عراق اور سمیت خلیجی ممالک میں قائم امریکی مراکز پر ڈرون اور میزائل حملے کیے ہیں، جس سے جانی نقصان، انفرا اسٹرکچر بھی تباہ ہوا ہے، اس کے علاوہ عالمی منڈیوں اور فضائی سفر میں بھی خلل پیدا ہوا ہے۔

بقیہ نمبر 8 ☆☆☆

دنیا کو بتاتا ہے کہ پاکستان عظیم قوم ہے۔ وزیر اعلیٰ سندھ سید مراد علی شاہ نے کہا کہ یوم پاکستان کے موقع پر قائد اعظم کو خراج تحسین پیش کرتے ہیں، قائد اعظم نے ملک کی بنیاد رکھی، سندھ مسلم لیگ نے پاکستان کے قیام کی قرارداد منظور کی تھی۔ مراد علی شاہ نے کہا کہ ہمارے ملک کو طاقت شہید ذوالفقار علی بھٹو کے ایٹمی پروگرام کی وجہ سے ملی، فیلڈ مارشل کی قیادت کی وجہ دشمن ہمیں میلی آنکھ سے نہیں دیکھ سکتا، ہمیں اپنے اندرونی اختلافات ختم کرنے ہوں گے۔ وزیر اعلیٰ سندھ نے کہا کہ کشمیر کے بھائی بھارت کے مظالم سے پریشان ہیں، مسلم ممالک کے لیڈران کو چاہیے کہ وہ جنگ کے ماحول کو جلد ختم کریں۔ مراد علی شاہ نے کہا کہ قدرتی گیس ایک طریقہ کار کے تحت وفاق کو دی ہے، وفاق ہماری مدد کر رہا ہے، بجٹ کے حوالے سے وفاق سے اپنے حق پر کوئی سمجھوتہ نہیں کریں گے۔ میئر کراچی مرتضیٰ وہاب نے بھی یوم پاکستان کے موقع پر مزار قائد پر حاضری دی، اس موقع پر انہوں نے میڈیا سے گفتگو میں کہا کہ شہید محترمہ اور صدر زرداری کی وجہ سے ملک کو میزائل ٹیکنالوجی ملی، بہادر افواج کو خراج تحسین پیش کرتا ہوں۔ مرتضیٰ وہاب نے کہا کہ چھوٹے لوگوں کو چھوٹی چیزیں نظر آتی ہیں، سیاسی حریف کو کہتا ہوں کہ سیاست ریاست سے بڑی نہیں ہوتی، کراچی میں ترقیاتی کاموں کے دوران سب سے زیادہ سے زیادہ مشکلات ہوتی ہیں، عید کے دن بھی ہمارے منصوبوں پر کام چل رہا ہے۔ انہوں نے کہا کہ پیٹرول کی قیمتوں کی وجہ سے منصوبوں پر اضافی اخراجات لگے سکتے ہیں، تنقید کرنے کے لیے کوئی وجہ نہیں چاہیے ہوتی، کراچی کے ترقیاتی کاموں کو امید ہے مقررہ وقت پر مکمل کریں گے، جماعت اسلامی کی تنقید کا کوئی جواب نہیں دینا چاہتا، گل پلازہ میں دوبارہ آگ خالی جگہ پر نشہ کرنے والوں کی وجہ سے لگی، نشے کرنے والوں نے تار چوری کرنے کے لیے آگ لگائی تھی

بقیہ نمبر 9 ☆☆☆

دراصل اس تنازع کا نتیجہ ہیں جس کا آغاز امریکا اور اسرائیل نے کیا۔ ان کا کہنا تھا کہ ایران کو اس صورتحال کا مورد الزام ٹھہرانا حقائق کے منافی ہے۔ عباس عراقچی نے امریکا اور اسرائیل کو دو ٹوک پیغام دیتے ہوئے کہا کہ ایران کسی بھی قسم کی دھمکیوں سے مرعوب نہیں ہوگا اور اپنے مفادات کے تحفظ کے لیے ہر ممکن اقدام کرے گا۔ انہوں نے مزید کہا کہ خطے میں پیدا ہونے والی غیر یقینی صورتحال کی ذمہ داری بھی انہی قوتوں پر عائد ہوتی ہے جو کشیدگی کو ہوا دے رہی ہیں۔ ایرانی وزارت خارجہ کی جانب سے جاری بیان میں بھی اسی مؤقف کو دہرایا گیا اور کہا گیا کہ آبنائے ہرمز میں بڑھتی ہوئی کشیدگی اور خطرناک حالات کی براہ راست ذمہ دار امریکا اور اسرائیل ہیں۔ دوسری جانب امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے گزشتہ روز ایران کو خبردار کرتے ہوئے کہا تھا کہ اگر 48 گھنٹوں کے اندر آبنائے ہرمز کو بحری آمدورفت کے لیے مکمل طور پر کھولا نہ گیا تو سخت ردعمل سامنے آسکتا ہے۔

بقیہ نمبر 10 ☆☆☆

نواز نے ٹیکنیکل ایجوکیشن کے لیے صنعتی اداروں کے ماہرین سے سلیبس ڈیزائن کرانے کی ہدایت کی۔ وزیر اعلیٰ مریم نواز نے کہا کہ چاہتی ہوں پنجاب کا ہر نوجوان بے مثال ہنرمند ہو اور اپنے فن میں یکتا ہوں۔ یوتھ فورس کو ٹیکنیکل ایجوکیشن سے پنجاب کی حقیقی طاقت بنائیں گے۔ وزیر اعلیٰ مریم نواز نے کہا کہ نوجوانوں کو مارکیٹ کی ضروریات سے ہم آہنگ ٹیکنیکل ایجوکیشن دینے کے لیے تمام وسائل بروئے کار لائیں گے۔ وزیر اعلیٰ کی زیر صدارت خصوصی اجلاس میں میٹرک ایک اسکول مینڈ سکنڈ ڈویلپمنٹ پر تفصیلی بریفنگ دی گئی۔ علاوہ ازیں وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف نے عید الفطر کے موقع پر اپنے پیغام میں امت مسلمہ اور اہل پاکستان کو عید کی مبارکباد پیش کی ہے۔ وزیر اعلیٰ۔ لات کے پیش نظر عید سادگی سے منانے کی اپیل کی اور کہا دعا ہے کہ عید دنیا کے ہر شہر میں امن کا پیغام لائے۔ دعا ہے ہر مسلمان کو حقیقی اور پائیدار خوشی نصیب ہو۔ وزیر اعلیٰ نے کہا کہ عید احساس کا نام ہے، عام آدمی کو بھی خوشیوں میں شریک کرنا چاہیے۔ غریب، بے سہارا اور نادار خاندانوں کو بھی عید کی خوشیوں میں شامل کرنا چاہیے۔ وزیر اعلیٰ مریم نواز شریف نے کہا کہ یہ کیسی عید ہوگی

ہمارے قریب کوئی بھوکا رہ جائے یہ کیسی عید ہوگی کہ کوئی بھی بنی چوڑیوں اور نئے کپڑوں سے محروم رہ جائے یہ کیسی عید ہوگی کہ تھا سا بچہ بہاروں اور بچے کپڑوں سے محروم رہ جائے۔ مریم نواز نے کہا کہ یاد رکھیں آپ کے اردگرد ہر غریب اور نادار خاندان کا خیال اور احساس آپ کی ذمہ داری ہے۔ اللہ تعالیٰ کے فضل و کرم سے۔ پنجاب میں تقریباً 140 کو خاندانوں اور 2 کروڑ افراد کو ان کی دہلیز پر امدادی رقوم پہنچا میں پہلی مرتبہ مریم کو تا میں کے ذریعے ضرورت مند لوگوں کو 10، 10 ہزار روپے فوری طور پر جاز کیش کئے گئے۔ وزیر اعلیٰ نے کہا کہ لوگوں کا احساس ہی دراصل عید کی حقیقی خوشی ہے۔ دنیا بھر کے مسلمانوں کے لئے امن سکون اور عافیت کے لئے دعا گو ہوں۔ عید کی خوشیوں میں پاک وؤں کو بھی نہیں بھلایا جا سکتا۔ وزیر اعلیٰ نے کہا کہ وسائل سے محروم افراد کو عید کی خوشیوں میں شامل کرنا ہماری دینی، اخلاقی اور قومی ذمہ داری ہے۔ ماں پنجاب نے ورلڈ ڈاؤن سینڈروم ڈے کی مستحق ہیں۔ ڈاؤن سینڈروم خصوصی بچوں کی بھالی اور نگہداشت کیے اللہ کریم کے شکر کا تقاضا ہے۔ علاوہ ان میں وزیر اعلیٰ انچے معاشرے کی خصوصی توجہ کے نے کہا کہ ما پنجاب حکومت نے خصوصی ابچوں کے تعلیمی اداروں کیلئے کام کرنے کے عزم ہیں۔ امید اور خوشی رقوموں کے درمیان ما ما پنجاب مریم نواز شریف نے گزشتہ افسوس کا اظہار کیا ہے۔ وزیر اعلیٰ مریم نواز پیپلز پارٹی کی سینئر رہنما اور سینیٹر شیری رحمٰن کی زیست کیا اور مرحومہ کے لئے دعا مغفرت کی۔ وزیر اعلیٰ نے میں ٹرانسپورٹ کی سہولتوں کے لیے نہیں فراہم کا اعادہ کرتا ہے۔ علاوہ ازیں وزیر اعلیٰ نوروز کو آفاقی پیغام ہے۔ وزیر اعلیٰ باہمی تعلقات کو مستحکم کرتے ہیں۔ نوروز تجدید روز اپنے تعزیتی پیغام میں سیکرٹری جنرل پنجاب اسمبلی چوہدری شریف نے سوگوار خاندان سے دلی ہمدردی و تعزیت کا صاحبزادی کے انتقال پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔ کہا کہ والدین کے لیے اولاد کا بچھڑ جانا ایک ناقابل برداشت صدمہ ہوتا ہے، جس کا مداوا ممکن نہیں۔ دکھ کی اس گھڑی میں شیری رحمان اور ان کے اہل خانہ کے ساتھ تم میں برابر کے شریک ہیں۔ علاوہ ازیں وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف نے عالمی دن کے موقع پر اپنے پیغام میں کہا ہے کہ پینے کا صاف پانی صحت مند زندگی کیلئے ضروری ہے۔ پانی اللہ تعالیٰ کی عظیم نعمت اور زندگی کی علامت ہے۔ پانی کے وسائل کے ضیاع کو روکنا ایک قومی ذمہ داری ہے۔ وزیر اعلیٰ مریم نواز شریف نے کہا کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے پانی کی ایک بوند بھی ضائع کرنے سے منع فرمایا ہے۔ پینے کا صاف پانی شہریوں کا بنیادی حق ہے اور پنجاب حکومت اور حق نہیں لوٹا رہتی ہے۔ پنجاب کے شہروں میں فلٹریشن پلانٹس اور دیہی آبادی کے لئے پینے کے صاف پانی کی بوتلیں فراہم کر رہے ہیں۔ راولپنڈی اور دیگر شہروں میں دین واٹر ہارویسٹنگ پراجیکٹ شروع کیا گیا ہے۔ وزیر اعلیٰ مریم نواز شریف نے کہا کہ آبی ذخائر کے تحفظ کے لئے چھوٹے ڈیم بنا رہے ہیں۔ آبی وسائل کے بنا رہے بہتر استعمال کی مینجمنٹ ناگزیر ہے۔ زیر زمین پانی کی سطح کو بڑھانے کے حوالے سے بھی اقدامات اٹھانا وقت کا تقاضا ہے۔ علاوہ ازیں وزیر اعلیٰ پنجاب مریم واز نواز شریف نے سوشل میڈیا پیج میں رمضان المبارک میں احساس مارگٹ پورا ہونے پر اظہار تشکر کیا ہے۔ وزیر اعلیٰ مریم نواز شریف نے کہا کہ پنجاب نگہبان رمضان پیکیج 2026 نے عوامی خدمت کا تاریخی ریکارڈ قائم کردیا ہے۔ خوشی کے لمحات میں کسی کو تنہا نہ چھوڑنے کا عہد پورا ہونے پر اللہ تعالیٰ کا شکر بجالاتے ہیں۔ عوام کو پہلی مرتبہ عزت و احترام کے ساتھ ہر اور است دہلیز پر امدادی رقوم پہنچانے کا ہدف پورا ہونے پر خوش ہوں۔ وزیر اعلیٰ مریم نواز شریف نے کہا کہ نگہبان رمضان تاریخ میں ساڑھے 4 لاکھ خاندان تقریباً اڑھائی کروڑ افراد کو عزت و احترام کے ساتھ امدادی رقوم پہنچائی گئی۔ پنجاب میں پہلی مرتبہ مریم کو بتائیں کے تحت 45 ہزار خاندانوں کو 10 ہزار روپے دیئے گئے۔ صوبہ بھر میں 140 لاکھ روزے داروں نے 422 نگہبان دستر خوان پر روزہ افطار کیا۔ وزیر اعلیٰ مریم نواز شریف نے کہا کہ پہلی مرتبہ رمضان میں پرائس کنٹرول کے لئے صوبہ گیر مہم کے مثبت نتائج سامنے آئے ہیں۔ تاریخ میں پہلی مرتبہ صوبہ بھر میں اشیائے ضروریہ کے نرخ پر مثالی کنٹرول دیکھنے میں آیا۔ وزیر اعلیٰ مریم نواز شریف نے کہا کہ صوبہ بھر میں 75 شاندار رمضان بازاروں میں روزانہ ساڑھے 5 لاکھ سے زائد شہریوں نے خریداری کی سہولت کارڈ کے ذریعے ایک لاکھ 57 ہزار سے زائد کرچکی فیملیز کو Lon کے لئے 10 ہزار روپے پیش کئے گئے۔ علاوہ ازیں وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف نے جنگلات کے عالمی دن پر گزشتہ روز اپنے پیغام میں عوام سے اپیل کی کہ درخت ضرور لگائیں، چاہے اس کے سائے میں بیٹھنے کی توقع نہ ہوں۔ بچے اپنے والدین اور اساتذہ کرام کے نام پر درخت لگائیں۔ وزیر اعلیٰ مریم نواز شریف حکومت ماحولیاتی آلودگی ختم کرنے اور نئی نسل کو صاف ستھرا ماحولیاتی نظام دینے کیلئے پرعزم ہے۔ جنگلات ہے۔ نمٹنے ات ماحول، معیشت اور شہریوں کے لئے لائف لائن ہے۔ موسمیاتی تبدیلی کے اثرات سے نمٹنے کے لئے شجر کاری ناگزیر ہیں۔ وزیر اعلیٰ مریم نواز شریف نے کہا کہ درخت لگائیں اور سموگ کے اندھیرے ہمیشہ کے لئے مٹائیں۔ جنگلات اور جنگلی حیات کی حفاظت کے لئے تھرمل سینسر کی مدد لی جارہی ہے۔ جنگلات کی حدود کے تعین کے لئے کمپارٹمنٹ لیول فارسٹ میپنگ کی جارہی ہے۔ وزیر اعلیٰ مریم نواز شریف نے کہا کہ جنگلات میں لگنے والی آگ کے بروقت سدباب کے لئے ڈی ٹیکشن انٹیلی جنس مستم فعال کیا گیا ہے۔ جنگلات سے متعلق ہنگامی صورتحال کے لئے خصوصی ہیلپ لائن 1084 بھی قائم کردی گئی ہے۔

بقیہ نمبر 11 ☆☆☆

امریکی حکام نے نام ظاہر نہ کرنے کی شرط پر بتایا کہ اگر فوج کو ایران میں داخل کیا جاتا ہے تو اس صورت میں انہیں ایرانی فوجیوں کو حراست میں لینے اور ان سے نمٹنے کے طریقہ کار پر بھی غور کیا جا رہا ہے۔ پینٹا گون اور امریکی سینٹ کام نے اس پر فی الحال کوئی ردعمل دینے سے گریز کیا ہے۔ واضح رہے کہ ایران پہلے خبردار کرچکا ہے کہ اگر امریکہ نے ایران میں اپنی فوجیں اتاریں تو انجام نہایت سنگین ہوگا اور نہ رکنے والی جنگ شروع ہو جائے گی جس کا انجام امریکی شکست پر ہوگا۔ قبل ازیں امریکی صدر ٹرمپ نے ایران کا نام لیے بغیر کہا تھا کہ وہ کہیں بھی فوجی دستے بھیجنے کا ارادہ نہیں رکھتے تاہم اگر ایسا کوئی منصوبہ ہوتا بھی تو وہ اس کی پیشگی اطلاع نہیں دیتے۔

بقیہ نمبر 12 ☆☆☆

تاریخی اہمیت پر زور دیا۔ قبائلی عوام نے ملکی سلامتی کیلئے غیر متزلزل عزم کا اعادہ کیا۔ انہوں نے کہا کہ عوام ہمیشہ افواج پاکستان کے شانہ بشانہ کھڑی ہے۔ تقریب کے اختتام پر باب خیبر سے جمرود بازار تک پیدل مارچ کیا گیا۔ شرکا کی جانب سے قومی پرچم اٹھا کر ملی نغموں پر جوش و خروش کا اظہار کیا گیا۔ مقررین نے کہا کہ یوم پاکستان تقریبات کا مقصد نئی نسل کو قومی تاریخ سے آگاہ کرنا ہے۔

بقیہ نمبر 13 ☆☆☆

کے مطابق ریلوے حکام کا کہنا ہے کہ کوئٹہ سے اندرون ملک جانے والی ٹرین سروس ناگزیر وجوہات کی بنا پر آج ایک دن کے لیے معطل کر دی گئی ہے۔ اس فیصلے کے بعد آج جعفر ایکسپریس کوئٹہ سے پشاور روانہ نہیں ہوگی۔ مزید برآں پشاور سے کوئٹہ آنے والی جعفر ایکسپریس بھی جیکب آباد کے مقام سے منسوخ کر دی گئی ہے۔ ریلوے حکام نے واضح کیا ہے کہ متاثرہ مسافروں کو ان کے ٹکٹوں کا مکمل کرایہ واپس کر دیا جائے گا۔

بقیہ نمبر 14 ☆☆☆

ہے۔ انتظامیہ کا کہنا ہے کہ بانی پی ٹی آئی کو اسپتال لانے کے بعد آپریشن تھیٹر میں تمام ضروری احتیاطی تدابیر اور سیکیورٹی پروٹوکولز اپنائے گئے۔ ان کا علاج ڈے کیئر ایڈمیشن کے طور پر کیا گیا۔ مزید بتایا گیا کہ طبی معائنے اور علاج کے بعد بانی پی ٹی آئی کو مکمل ہدایات، فالو اپ پلان اور متعلقہ دستاویزات کے ساتھ ڈسچارج کر دیا گیا ہے۔ جیل انتظامیہ کے مطابق آئندہ بھی بانی پی ٹی آئی کی طبی صورتحال کی باقاعدگی سے نگرانی کی جائے گی

بقیہ نمبر 15 ☆☆☆

حالیہ بات چیت میں کئی اہم نکات (بقول سی این این تقریباً 15 نکات) پر اتفاق پایا گیا ہے اور دونوں فریق کسی معاہدے تک پہنچنے میں دلچسپی رکھتے ہیں۔ صدر ٹرمپ نے مزید بتایا کہ امریکی نمائندوں اسٹیو وٹکوف اور جیرڈ کشنر نے ایرانی حکام کے ساتھ مذاکرات کیے اور یہ بات چیت مثبت رہی ہے۔ دونوں ممالک کے درمیان آج ٹیلی فون پر مزید بات چیت کا امکان ہے۔ ڈونلڈ ٹرمپ نے کہا کہ امریکا نہیں چاہتا کہ ایران جوہری ہتھیار حاصل کرے اور اسی مقصد کے تحت مذاکرات جاری ہیں۔ ایران کی اعلیٰ قیادت کے ساتھ بھی رابطہ ہے اور دونوں جانب سے معاہدے کی خواہش ظاہر کی گئی ہے۔ تاہم صدر ٹرمپ نے یہ بھی کہا کہ پہلے ایران کی جانب سے رابطہ کیا گیا تھا اور امریکا نے خود پہل نہیں کی۔ اگر معاہدہ طے پا جاتا ہے تو یہ ایران اور پورے خطے کے لیے ایک مثبت آغاز ہوگا۔ انہوں نے کہا کہ اسرائیل بھی ایران کے ساتھ کسی معاہدے پر مطمئن ہوسکتا ہے اور میں خود بھی ذاتی طور پر حالیہ دنوں میں اسرائیلی حکام سے اس معاملے پر بات کر چکا ہوں۔ البتہ امریکی صدر نے اس بات کا بھی اعتراف کیا کہ ایران کے ساتھ کسی حتمی معاہدے کی ضمانت نہیں دی جاسکتی۔ اگر معاہدہ ہوجاتا ہے تو افزودہ یورینیم کے معاملے کو سنبھالنا آسان ہوجائے گا۔ ان کا دعویٰ تھا کہ اگر امریکا نے بی ٹو بمبار طیاروں کے ذریعے ایران کو نشانہ نہ بنایا ہوتا تو ایران دو ہفتوں کے اندر جوہری ہتھیار تیار کر سکتا تھا۔ صدر ٹرمپ نے ایران کی قیادت سے متعلق غیر یقینی صورتحال کا بھی ذکر کرتے ہوئے کہا کہ انہیں نئے سپریم لیڈر کی جانب سے کوئی پیغام موصول نہیں ہوا اور وہ اس بارے میں بھی یقین سے کچھ نہیں کہہ سکتے کہ وہ زندہ ہیں یا نہیں۔ دوسری جانب ایران کی وزارت خارجہ نے امریکی دعووں کو مسترد کرتے ہوئے کہا ہے کہ ایران اور امریکا کے درمیان کسی بھی قسم کی براہ راست بات چیت نہیں ہوئی۔ ایرانی سرکاری میڈیا کے مطابق مختلف ممالک پس پردہ کشیدگی کم کرنے کے لیے پیغامات کا تبادلہ کر رہے ہیں۔ ایران اور لبنان میں جاری حملوں کا سلسلہ بھی تیز ہوگیا۔ خیال رہے کہ امریکی صدر کے اس بیان کے بعد تیل کی قیمتوں میں نمایاں کمی واقع ہوئی ہے عالمی سطح پر خام تیل کی قیمت سات فیصد سے زائد کم ہو کر 99 ڈالر فی بیرل سے نیچے آگئی جو 114 ڈالر فی بیرل تک پہنچ گئی تھی

بقیہ نمبر 16 ☆☆☆

بھٹو کے ساتھ کھڑے ہو کر جرات اور وقار کا مظاہرہ کیا۔ انہوں نے ذاتی طور پر بڑے صدمات برداشت کیے، مگر جمہوریت کے فروغ کے لیے اپنے عزم پر قائم رہیں۔ 1977 کے بعد، انہوں نے جمہوری تحریک کی قیادت بھرپور انداز میں کی۔ پاکستان پیپلز پارٹی کی چیئرپرسن کی حیثیت سے انہوں نے مشکل ترین وقت میں پارٹی کو متحد رکھا۔ صدر مملکت نے کہا کہ انہوں نے جمہوری قیادت کی اگلی نسل کی رہنمائی کی اور ایک اہم مرحلے پر شہید محترمہ بےنظیر بھٹو کے ساتھ مضبوطی سے کھڑی رہیں۔ ان کی مثال آج بھی پاکستان پیپلز پارٹی اور جمہوری نظام کے لیے کام کرنے والوں کو متاثر کرتی ہے۔ مشکل حالات میں ان کی قیادت نے بہت سے لوگوں کو رہنمائی دی اور یہ ہماری سیاسی تاریخ کا ایک اہم حصہ ہے۔ انہوں نے کہا کہ کمزور طبقات، خصوصاً خواتین کے حقوق کے لیے ان کی خدمات ان کے ورثے کا اہم حصہ ہیں۔ پاکستان بھر کے بہت سے خاندانوں کے لیے، نمائندہ سیاست کے لیے جوگجہ قائم رکھنے میں انہوں نے کردار ادا کیا، اس کے عملی اثرات سامنے آئے۔ اس کا مطلب منتخب بلدیاتی ادارے، جوابدہ نظام کے ذریعے عوامی خدمات تک رسائی، اور روزمرہ زندگی کو متاثر کرنے والے فیصلوں میں ایک محدود مگر حقیقی آواز ہے۔ صدر مملکت آصف علی زرداری نے مزید کہا کہ قوم بیگم نصرت بھٹو کی قربانیوں اور بصیرت کی احسان مند رہے گی۔ اللہ تعالیٰ انہیں جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے

بقیہ نمبر 17 ☆☆☆

جوانوں اور افسران کی جانب سے ملک کی سلامتی کیلئے خصوصی طور پر دعائیں بھی کی گئیں۔ اس مرتبہ مشرق وسطیٰ کے کشیدہ حالات کے پیش نظر ملک بھر میں جاری کفایت شعاری کے تحت یوم پاکستان سادگی سے منایا جا رہا ہے، اس دن کی مناسبت سے ہونے والی پریڈ منسوخ کر دی گئی جبکہ مرکزی پرچم کشائی کی تقریب بھی سادہ اور پروقار منعقد کی گئی۔ یوم پاکستان کے موقع پر مزار اقبال پر گارڈز کی تبدیلی کی ایک پروقار تقریب منعقد ہوئی، جس میں پاک فضائیہ کے چاق و چوبند دستے نے شاندار مارچ پاسٹ پیش کیا۔ تقریب کے دوران پاک فضائیہ نے مزار اقبال کی سیکیورٹی کا چارج سنبھال لیا، جبکہ اس سے قبل سیکیورٹی کی ذمہ داری سندھ رینجرز کے پاس تھی۔ تقریب نے یوم پاکستان کی اہمیت کو اجاگر کرتے ہوئے قومی جوش و جذبے کو مزید تقویت دی۔ اس موقع پر مہمان خصوصی ایئر وائس مارشل محمد شاہد افضل، ایئر آفیسر کمانڈنگ پی اے ایف ایئر مین اکیڈمی کورنگی کریک تھے۔ مہمان خصوصی نے مزار اقبال پر حاضری دی، پھولوں کی چادر چڑھائی اور فاتحہ خوانی کی۔ بعد ازاں انہوں نے مہمانوں کی کتاب میں اپنے تاثرات بھی قلمبند کیے۔ وفاقی دارالحکومت کی طرح ملک بھر میں پرچم کشائی کی تقریبات سادگی اور کفایت شعاری کے تحت منعقد کی جارہی ہیں۔ واضح رہے کہ پاکستان میں پہلی مرتبہ یوم پاکستان 23 مارچ 1959 کو منایا گیا۔ قیام پاکستان کے بعد 1948 سے 1955 تک یہ دن معمول کی طرح تھا۔ قیام پاکستان کے سات سال بعد صدر اسکندر مرزا اور وزیر اعظم چوہدری محمد علی کی قیادت میں 23 مارچ 1956 کو ملک کا اپنا تیار کردہ نیا آئین نافذ ہوا۔ نیا آئین بنا کر نافذ کرنا بہت بڑی کامیابی تھی، لہٰذا حکومت وقت نے اسے ہمیشہ کیلئے یادگار دن قرار دیا اور فیصلہ کیا کہ اب سالانہ سرکاری سطح پر یہ دن یوم جمہوریہ کے نام سے 23 مارچ کو جوش و خروش کے ساتھ منایا جائے گا۔

بقیہ نمبر 18 ☆☆☆

پالیسی پر سختی سے عمل اور غیر ضروری اخراجات میں کمی وقت کی اہم ضرورت ہے۔ اس سے حکومتی اخراجات کم ہوں گے اور عوام کے ٹیکس کے پیسوں کا بہتر استعمال ممکن ہوسکے گا۔ علاوہ ازیں متعلقہ حکام کو فیصلے کی نگرانی کے لیے مؤثر نظام وضع کرنے کی ہدایت دی گئی ہے اور کسی بھی قسم کی خلاف ورزی کی صورت میں ذمہ داران کے خلاف سخت قانونی کارروائی عمل میں لائی جائے گی جس میں کوئی رعایت نہیں ہوگی۔

بقیہ نمبر 19 ☆☆☆

مضبوط بنانے، قومی سلامتی کو یقینی بنانے اور اپنے شہریوں کی فلاح و بہبود کے تحفظ کے لیے پرعزم ہے۔ ایک ایسے وقت میں جب ہمارا ملک دہشت گردی اور انتہا پسندی کے چیلنجز سے نبرد آزما ہے، پاکستان کی مسلح افواج، ہمارے باہمت عوام اور قانون نافذ کرنے والے اداروں کے ساتھ مل کر، ملک کی سلامتی کو درپیش خطرات کے خاتمے کے لیے متحد اور ثابت قدم

ہیں۔ پاکستان کی مسلح افواج، ہر دم چوکس اور ثابت قدم رہتے ہوئے، اپنے مقدس سرحدوں کے دفاع، قومی خودمختاری کے تحفظ اور ہر قسم کی جارحیت اور دہشت گردی کے خلاف داخلی سلامتی برقرار رکھنے کے عزم کا اعادہ کرتی ہیں۔ آج پاکستان عالمی برادری کا ایک ذمہ دار اور اصولی رکن ہے جو دنیا بھر میں امن، استحکام اور تعاون کے فروغ کے لیے کوشاں ہے۔ ایک متحد قوم کی حیثیت سے ہم ہمیشہ کی امید، بے مثال حوصلے اور پائیدار خوشحالی کے غیر متزلزل عزم کے ساتھ آگے بڑھتے رہیں گے۔ پاکستان کی مسلح افواج زندہ باد۔ پاکستان پائندہ باد

بقیہ نمبر 20 ☆☆☆

باہر صحافیوں سے گفتگو کرتے ہوئے بیرسٹر گوہر نے کہا کہ میں تو کہتا ہوں ابھی چلیں اور ملاقات کرلیں، شیر افضل مروت کے بنیادی رکنیت کا نوٹیفکیشن جاری ہونا غلط فہمی ہے۔ چیئرمین پی ٹی آئی نے کہا کہ شیر افضل مروت کا معاملہ ہمارا پارٹی کا اندرونی معاملہ ہے، شیر افضل مروت ہمارے ساتھ ہے اور رہے گا، دو دن صبر کر جائیں آپ کو اچھی خبر ملے گی، یہاں تو آئینی ترامیم بدل جاتی ہیں یہ تو پھر ایک نوٹیفکیشن ہے۔ شیر افضل مروت نے بیرسٹر گوہر کے جوابات کی تائید کرتے ہوئے کہا کہ مجھے بیرسٹر گوہر اور بانی پی ٹی آئی پر پورا بھروسہ ہے۔

بقیہ نمبر 21 ☆☆☆

کہا کہ پاکستان میں آبادی بہت زیادہ بڑھ چکی اور ملک میں آبادی بڑھنے کے بم پھٹ چکا ہے، پاکستان کو موسمیاتی تبدیلی کے اثرات سے بچنے کے ساتھ ساتھ آبادی کو کنٹرول کرنا ہوگا، پاکستان کو آئی ایم ایف اور عالمی بینک سے موسمیاتی تبدیلی کی فنانسنگ کے لیے مؤثر منصوبے بنانا ہوں گے۔ انہوں نے مزید کہا کہ وزارت خزانہ و وزارت موسمیاتی تبدیلی، آئی ایم ایف اور عالمی بینک کے ساتھ مل کر کام کر رہی ہیں، ملکی معاشی صورتحال بہتر بنانے کے لیے بجٹ، ٹیکس اقدامات، انرجی سیکٹر اور معیار زندگی کو بہتر بنانا ہوگا۔ آئی ایم ایف اور عالمی بینک کے ساتھ مل کر موسمیاتی تبدیلی کے منصوبوں کی مانیٹرنگ بہتر بنانا ہوگی۔ وزیر خزانہ محمد اورنگزیب نے مزید کہا کہ ملکی معیشت کو بہتر بنانے کے لیے نجی شعبے کو اپنا کردار ادا کرنا ہوگا، موسمیاتی تبدیلی کے اثرات سے بچنے کے لیے ہمیں موسمیاتی تبدیلیوں پر مبنی اہم پالیسیاں بنانا ہوں گی۔

بقیہ نمبر 22 ☆☆☆

تحلیل کر دیا جائے گا لیکن 24 گھنٹے گزر جانے کے بعد کوئی حکم نامہ جاری نہیں کیا گیا۔ ناہد اسلام نے متنبہ کیا تھا کہ طلبا اب بھی سڑکوں پر موجود ہیں اور ہم صدر شہاب الدین کو آج سہ پہر 3 بجے تک پارلیمنٹ تحلیل کرنے کا الٹی میٹم دیتے ہیں بصورت دیگر احتجاج دوبارہ شروع کرنے پر مجبور ہوں گے۔ قبل ازیں طلبا تحریک کے رہنما ناہد اسلام نے منگل کی صبح ایک ویڈیو پیغام میں نوبل انعام یافتہ ماہر معاشیات پروفیسر محمد یونس کو عبوری حکومت کا چیف ایڈوائزر مقرر کرنے کا مطالبہ کیا تھا۔ خیال رہے کہ اسی طلبا تحریک کے نتیجے میں گزشتہ روز شیخ حسینہ واجد کا 15 سالہ اقتدار کا سورج غروب ہوگیا اور وہ استعفیٰ دیکر بھارت روانہ ہوگئی تھیں جس کے بعد آرمی چیف نے ملک میں عبوری حکومت کی تشکیل دینے کا اعلان کیا تھا

بقیہ نمبر 23 ☆☆☆

وزیر اعظم و، وزیر اعظم ہاس کیلئے جانے کو تیار ہو؟ یہ وہی نواز شریف ہے جو مکتی باہنی کی قبروں پر پھول چڑھا کر آیا تھا جب ہم وزیر اعظم ہاؤس جائیں گے تو کسی کو گزرنے نہیں آنے دیں گے، کراچی سے سٹاف رپورٹر کے مطابق حافظ نعیم الرحمٰن نے یہاں دھرنے کے شرکا کے درمیان پریس کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے کہا خود حکومتی مذاکراتی کمیٹی نے اعتراف کیا جماعت اسلامی کے تمام مطالبات جائز ہیں، بجلی کے بلوں میں کیپیسٹی چارجز کی وصولی کسی صورت قبول نہیں کریں گے۔ نائب امیر جماعت اسلامی لیاقت بلوچ کا کہنا ہے کہ اس وقت ملک بحرانوں سے دو چار ہے، لیاقت باغ چوک میں جماعت اسلامی کے دھرنے سے خطاب میں نائب امیر جماعت اسلامی پاکستان لیاقت بلوچ نے مزید کہا کہ امیر تدبر کی بنا پر یہ دھرنا قوم کا ترجمان بنا عوام بجلی کا بل ادا نہیں کر سکتا، تنخواہ دار طبقہ کو پریشانی کا مرکز بنادیا، 15 اگست کو مودی نے 370 اور 35 اے کو الگ کیا، یکطرفہ طور پر کشمیر کو ہڑپ کیا، بنگلہ دیش میں حکومت کی بنیاد بھارت تھی۔ امیر جماعت اسلامی آزاد کشمیر ڈاکٹر مشتاق کا دھرنے سے خطاب کرتے ہوئے کہنا ہے کہ بھارت نے کشمیر کی خصوصی حیثیت کو ختم کیا یہ اقوام عالم کے قوانین کی کھلم کھلا خلاف ورزی تھی، حافظ نعیم الرحمان کا آج دھرنے میں کشمیر پر سیشن رکھنے کا شکریہ ادا کرتے ہیں، حکومت پاکستان نے اس سب پر اچھی سفارتکاری نہیں کی، سارے معاملہ کے لئے ایک نمائندہ بخصوصی ہونا چاہیے، ایک معاشی طور پر طاقتور پاکستان ضروری ہے، سارا کشمیر حافظ نعیم کو دیکھ رہا ہے۔

بقیہ نمبر 24 ☆☆☆

ڈرائیور نے ایک 14 سالہ لڑکے عباس ولد غلام مصطفیٰ کو پولیس تھانہ گڑھا موڑ کے حوالے کرتے ہوئے کہا کہ یہ لڑکا قصور سے بس کی سیٹ کے نیچے چھپا ہوا ہے اور اکیلا ہے جس پر پولیس نے لڑکے کو اپنی تحویل میں لے کر سوشل میڈیا اور اپنے ذرائع کے ذریعے لڑکے کے ورثا کا پتہ لگایا اور اگلے ہی روز بچے کی پھوپھو اور ماموں زاد بھائی محمد ارشد ولد اقبال عباس نگر سکنہ دوکوٹہ کے حوالے کر دیا اور ورثا نے بتایا کہ لڑکے کا والد فوت ہو جانے کی وجہ سے اس کی والدہ نے دوسری شادی کر لی اس لیے یہ بچہ ہمارے پاس رہتا ہے اور ورثا نے پولیس تھانہ گڑھا موڑ اور ڈی پی او ہاڑی عیسیٰ خان کا شکریہ ادا کیا اور ڈھیروں دعائیں دی

بقیہ نمبر 25 ☆☆☆

مصطفیٰ کھوکھر مرکزی انجمن تاجران کے صدر چوہدری احتشام مصطفیٰ کھوکھر نے کہا ہے کہ نگران وزیر اعظم بجلی کے بلوں، پٹرول گیس کی قیمتوں میں اضافہ واپس لے سرکاری غیر سرکاری مفت بجلی پٹرول گیس پر مکمل پابندی لگائی جائے مہنگائی کنٹرول کریں ڈالر کی اڑان کو نیچے لانے کے لئے خصوصی اقدامات کئے جائیں جی ٹی روڈ میں تاجر برادری کی احتجاجی ریلی سے خطاب کرتے ہوئے انہوں نے مزید کہا سر پر کفن باندھ کر نکلے ہیں حق لئے بغیر پیچھے نہیں ہٹیں گے اگر حکومت نے ہمارے مطالبات نہ مانے تو 2 ستمبر کامونکی سمیت پورے پاکستان میں ہڑتال ہوگی،،،،

بقیہ نمبر 26 ☆☆☆

احتجاج سے متعلق ڈی سی آفس کے کمیٹی روم میں اجلاس منعقد ہوا جس میں ڈرگ اینڈ کیمسٹ ایسوسی ایشن ضلع بہاولنگر کے صدر عمران قدیر بیگ، جنرل سیکرٹری ملک ریاض سمیت دیگر عہدیداران شریک تھے۔ اجلاس میں ڈپٹی کمشنر ذوالفقار احمد بھون نے کہا کہ پرامن احتجاج سب کا حق ہے لیکن سرکاری املاک کو نقصان پہنچانے سے ہمارے ملک کا نقصان ہے۔ انہوں نے کہا کہ تاجر ذمہ دار شہری ہونے کا ثبوت دیتے ہوئے اپنی سطح پر لوگوں کی رہنمائی کریں تاکہ سرکاری املاک کو نقصان سے بچایا جا سکے۔ ڈپٹی کمشنر نے کہا کہ بجلی کے بل میں مسائل ہیں جو لوکل سطح پر

حل ہونے والے نہیں ہیں۔ حکومت اور واپڈا احکام کی جانب سے عوامی ریلیف کے لیے سنجیدگی سے غور و فکر کیا جا رہا ہے، انہوں نے مزید کہا کہ واپڈا کے دفتر میں کاؤنٹر قائم کر دیا گیا ہے جس پر اپ کے مقامی مسائل لوکل سطح پر حل ہوں گے۔ ڈپٹی کمشنر نے کہا کہ وزیر اعظم پاکستان اس مسئلہ کو دیکھ رہے ہیں جو بھی ملکی سطح پر فیصلے ہوں گے اس پر عمل درآمد کرایا جائے گا۔ ضلعی کیمسٹ اینڈ ڈرگ ای

بقیہ نمبر 27 ☆☆☆

خان نے فوری نوٹس لیتے ہوئے ڈی ایس پی سرکل عیسیٰ خیل سے واقعہ کی رپورٹ طلب کر لی جس پر ڈی ایس پی سرکل عیسیٰ خیل اور ایس ایچ او تھانہ عیسیٰ خیل پولیس نفری کے ہمراہ جائے وقوعہ پر پہنچ گئے کرائم سین اور انوسٹی گیشن ٹیم بھی موقعہ پر پہنچ چکی ہیں اور ابتدائی تفتیش شروع کر دی گئی ہے۔ ملزمان کی گرفتاری کے لیے چھاپہ مار ٹیمیں تشکیل دی گئی ہیں اور جگہ جگہ چھاپے مارے جا رہے ہیں پولیس ترجمان کا کہنا ہے کہ جلد ملزمان کو گرفتار کر کے پابند سلاسل کیا جائے گا اور قرار واقعی سزا دلوائی جائے گی۔

بقیہ نمبر 28 ☆☆☆

شریعت حضرت بابا پیر سید امام علی شاہ بخاری رحمتہ اللہ تعالیٰ علیہ ولی ابن ولی پیر طریقت رہبر شریعت حضرت بابا پیر سید نواب علی شاہ بخاری رحمتہ اللہ تعالیٰ علیہ کیم ستمبر سے شروع ہو رہا ہے ملک بھر سے علمائے کرام، قرا حضرات، نعت خواں گلہائے عقیدت پیش کریں گے زیر صدارت و سرپرستی صاحبزادہ پیر سید محمد اسوار حسین شاہ بخاری صاحبزادہ پیر سید الطاف حسین شاہ بخاری صاحبزادہ پیر سید فخر نواب شاہ بخاری صاحبزادہ پیر سید عالم نواب شاہ بخاری قران خوانی، عرق گلاب سے غسل مبارک کی تقریب سے عرس کا آغاز ہوگا دوسرے روز دربار شریف پر چادر پوشی اور محفل سماع ہو گی تیسرے روز جگر گوشہ غزالی زماں قائد اہل سنت حضرت صاحبزادہ حامد سعید کاظمی شاہ مرکزی امیر جماعت اہل سنت پاکستان اور سرمایہ اہل سنت صاحبزادہ پیر سید احمد کمال شاہ ممبر مجلس عاملہ جماعت اہل سنت پنجاب تین ستمبر بروز اتوار اختتامی نشست میں خطاب فرمائیگے تمام اہل محبت کو شرکت کی دعوت ہے۔

بقیہ نمبر 29 ☆☆☆

غیر حاضر رہتے ہے، انہوں نے کہا کہ میں نے گزشتہ روز تاج پور ریلوے اسٹیشن کا دورہ کیا تو یہ دونوں غیر حاضر تھے، انہیں کام کے لئے بلایا تو یہ دونوں ڈیوٹی پر نہیں آئے اور آس کے بعد یہ دونوں مجھے لوگوں کے ذریعے دھمکیاں دے رہے ہیں، انہوں نے کہا کہ ٹرالی مین حفیظ چوہان پہلے بھی ڈیوٹی سے بھاگتا رہا ہے، انہوں نے کہا کہ ان دونوں نے میرے خلاف پریشر ڈالنے اور میری ساکھ خراب کرنے کے لئے چھوٹی خبریں لگارہے ہے، میں نے اس کی رپورٹ اے این حیدر آباد اور ڈی این 2 کراچی ڈویژن کو دیدی ہے، ایسے راشی ملازم کے خلاف کارروائی کی جائے انہوں نے کہا کہ یہ دونوں ملازمین جو کہ اب اے ای این حیدر آباد کو بھی بلیک میل کر رہے ہیں لہٰذا میں ریلوے کے افسران سے مطالبہ کرتا ہوں کہ ان دونوں راشی ملازمین کے خلاف کارروائی کی جائے

بقیہ نمبر 30 ☆☆☆

کرنے پر مجبور عبدالحکیم کی غیور عوام سے التماس ہے کہ ووٹ سپورٹ ہمیشہ اسی کو دیں جس نے مشکل وقت میں اپکے کندھے کے ساتھ کندھا ملایا ہو حکومت وقت سے اپیل کرتے ہیں کہ غریبوں کو ظالمانہ ٹیکس معاف کیا جائے ایڈووکیٹ سردار نامدار علی سہو حکومت کا ظالمانہ ٹیکس کے خلاف عوام شدید غصہ میں ہے انشا اللہ ہر مشکل گھڑی میں عبدالحکیم کی عوام کے ساتھ ہوں آخر دم تک عوامی خدمت سے گریزاں نہیں کرونگا امیدوار برائے ایم پی اے سردار نامدار علی سہو

بقیہ نمبر 31 ☆☆☆

مین دو گھنٹے کی علامتی ہڑتال، کامونکی میں تاجروں کے مظاہرے نعرے بازی ملک بھر میں بجلی کے بلوں میں ہوشربا اضافے کے خلاف مظاہروں کا سلسلہ پانچویں روز بھی جاری رہا شہر شہر گاؤں گاؤں احتجاج کیا گیا کامونکی، ملحقہ مارکیٹوں اور بازاروں میں دو گھنٹے علامتی ہڑتال اور احتجاجی مظاہرے کئے گئے اسی دوران انجمن تاجران کے مرکزی صدر ظہیر الدین بابر نے کہا بجلی کے بلوں میں ہوشربا اضافے کے خلاف 2 ستمبر کو ملک گیر ہڑتال کا اعلان کرتے ہوئے کہا کہ حکومتی ظلم اور ناانصافی کے خلاف 2 ستمبر کی ہڑتال کو کامیاب بنانے کے لئے دیگر تاجر تنظیموں سے بھی رابطے کئے جاہیں گے،،،

بقیہ نمبر 32 ☆☆☆

سلسلہ میں مختلف محکموں کی جانب سے تیاریوں اور کیے جانے والے سکیورٹی اور دیگر انتظامات کا جائزہ لیا گیا۔ ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر ریونیو و ایڈمنسٹریٹر میونسپل کمیٹی امتیاز علی بیگ، اسسٹنٹ کمشنر منور حسین، ڈسٹرکٹ ایمرجنسی آفیسر ریسکیو 1122 انجینئر محمد عدنان نواز، سیکرٹری ریجنل ٹرانسپورٹ اتھارٹی محمد عادل سہیل، سی ای او ہیلتھ ڈاکٹر عمر شریف راٹھور سمیت پولیس، سکیورٹی برانچ، ٹریفک پولیس، سول ڈیفنس اور دیگر محکموں کے افسران نے شرکت کی۔ ڈپٹی کمشنر نے تمام متعلقہ محکموں کو ہدایت کی کہ حضرت امام حسین کے چہلم کے جلوسوں کے موقع پر صفائی ستھرائی، سکیورٹی سمیت دیگر انتظامات کا فول پروف بنایا جائے۔ جلوسوں اور مجالس کے موقع پر محکمہ صحت اور ریسکیو 1122 کی جانب سے میڈیکل کیمپس لگائے جائے جبکہ میونسپل کمیٹی جلوسوں کی گزرگاہوں کی مکمل صفائی کے انتظامات کو یقینی بنائے۔ ڈپٹی کمشنر نے محکمہ واپڈا اور سوئی گیس کے افسران کو بھی ہدایت کی کہ جلوسوں کی گزرگاہوں پر بجلی کی لٹکتی غیر ضروری تاروں اور گیس کی ممکنہ لیکیج کو ٹھیک کیا جائے جبکہ ٹریفک پولیس جلوس کے متبادل علاقوں میں ٹریفک کی روانی کو یقینی بنانے کے لیے اقدامات کرے۔ ڈپٹی کمشنر نے علمائے کرام سے بھی اپیل کی کہ امن و امان کے قیام، اتحاد و اتفاق، باہمی رواداری، مذہبی ہم آہنگی اور صبر و تحمل کا مظاہرہ کرتے ہوئے کسی بھی قسم کی اشتعال انگیزی سے پرہیز کیا جائے اور ضلع کی پرامن فضا کو برقرار رکھا جائے۔

بقیہ نمبر 33 ☆☆☆

گئی۔ ارشد تبسم ایڈووکیٹ تفصیل کے مطابق استقبال ربیع الاول کیلئے مرکزی میلاد کمیٹی گڑھا موڑ کا اجلاس زیر صدارت ملک طفیل انجم عطاری منعقد ہوا مہمان خصوصی چوہدری ارشد تبسم ایڈووکیٹ صدر مصطفائی جنوبی پنجاب تھے۔ اجلاس میں جملہ تنظیمات اہلسنت کے اکابرین نے شرکت کی۔ جن میں سید حسن رضا، علامہ غلام مرتضیٰ، علامہ محمد بلال قادری، علامہ غلام حسین نقشبندی، قاری عبدالمجید امام جامعہ نورانی، ملک طفیل انجم، محمد امین سعیدی، چوہدری ضمیر اکبر جٹ، نوران لیاقت قادری، حافظ احمد اور چوہدری بلال اکرم نے شرکت کی۔ اجلاس کا اعلامیہ جاری کرتے ہوئے چوہدری محمد ارشد تبسم ایڈووکیٹ نے کہا کہ آقا کریم کی ولادت تمام جہانوں کیلئے رحمت ہے۔ مرکزی میلاد کمیٹی گڑھا موڑ کے زیر اہتمام ہر سال کی طرح اس

سال بھی جشن عید میلاد النبی مذہبی جوش و خروش سے منائی جائے گی۔ یکم ربیع الاول کو استقبالیہ ریلی جامعہ مسجد گلزار مدینہ سے نکالی جائے گی جبکہ بارہ ربیع الاول کا مرکزی جلوس جامعہ مسجد نورانی سے شروع ہوگا اور عید میلاد النبی کے سلسلہ میں پورے ماہ ربیع الاول گھر گھر میلاد مصطفیٰ کی محفلیں سجائی جائیں گی۔ جس میں جملہ تنظیمات اہلسنت بھرپور شرکت کریں گی۔ جشن عید میلاد النبی کو بہتر انداز میں منانے کیلئے کمیٹیاں تشکیل دے دی گئیں ہیں۔

بقیہ نمبر 34 ☆☆☆

پروگرام کو مستحق خاندانوں کیلئے مزید بڑھا دیا ہے۔ فتح پور میں انکم سپورٹ پروگرام کے رجسٹریشن آفس کیلئے صوبائی قیادت کو رپورٹ ارسال کردی ہے۔ پاکستان پیپلز پارٹی فتح پور کے سٹی صدر محمد شاہ زمان نے اپنے پارٹی عہدیداران کی موجودگی میں میڈیا کے نمائندوں سے گفتگو کرتے ہوئے بتایا کہ پاکستان پیپلز پارٹی عوام کی نمائندہ جماعت ہے انہوں نے کہا پارٹی کارکنان اپنیار گرد موجود مستحق خاندانوں کے ساتھ تعاون کریں اور انہیں بہترین شفاف اور بلا تفریق پروگرام کے حوالے سے آگاہ کریں انکی رہنمائی کا حصہ بنیں اور حلقہ کے ہر خاندان جن کا اندراج کیا جاتا ہے انہیں ہر ممکنہ ریلیف فراہم کرنے کی کوشش کی جارہی ہے اور اہلیت کے مطابق انہیں اسکور کیا جاتا ہے اور ہم نے بڑھتی ہوئی مہنگائی کے پیش نظر بینظیر انکم سپورٹ پروگرام کو مذید بڑھا دیا گیا ہے اور غریب طبقے کیلئے بکریوں کا پیکج اور انتہائی مفلس خاندانوں کیلئے ذاتی مکانات کی فراہمی کو یقینی بنا رہے ہیں اور اہلیت والے سابقہ خاندانوں کی سربراہ خواتین کو سہ ماہی اقساط، نوزائیدہ بچوں کی نشوونما کیلئے انکے غذائی اخراجات اور دیگر بچوں کو تعلیمی اخراجات پورے کرنے کیلئے اقساط جاری کی جارہی تھی پاکستان پیپلز پارٹی کا ٹھوس منصوبہ اس اول جماعت کے منشور میں شامل ہیں یاد رہے ہے بینظیر انکم سپورٹ پروگرام کے اندراجات کی کوئی فیس نہیں یہ اندراج بلکل فری ہیں۔

بقیہ نمبر 35 ☆☆☆

مدد سے چور پکڑے گیے۔ ایس ایچ او مسلم ضیا، چوہدری سلیم اے ایس آئی اور فورس کی محنت کی بدولت چوری ہونے والی بھینسیں دبنگ کارروائی کے بعد بازیاب کرالی گئی شکریہ ادا کرنے کیلئے اہلیان علاقہ وحاجی ارشد خان چانڈیہ۔ ملک عبدالرشید اعوان۔ ملک بشیر اعوان۔ ملک غلام شبیر اعوان۔ سیف اللہ خان۔ رنگ علی سائی۔ نے تھانہ اوچشریف میں پولیس کی بہتر کارکردگی پر پھولوں کی پتیاں نچھاور کی اور پھولوں کی مالا بھی پہنائی گئی اور مٹھائی بھی تقسیم کی گئی

بقیہ نمبر 36 ☆☆☆

عرفان اکبر بٹ۔ مرکزی انجمن تاجران پتوکی کے نائب صدر حاجی محمد اسلم۔ میاں سرفراز احمد۔ سٹی پریس کلب پتوکی کے صدر تنویر اسلم خان۔ انجمن تاجران ضلع قصور کے صدر رانا ممتاز علی خان کے نمائندے حسنین۔ اے سی پتوکی کے ہیڈ کلرک انور رضا۔ امن کمیٹی کے ممبران سول سوسائٹی کے نمائندوں اور مختلف مکاتب فکر کے نمائندہ افراد نے شرکت کی۔ اجلاس میں شہر میں امن و امان اور صفائی کی صورت حال پر تبادلہ خیال کیا گیا اور فیصلہ کیا گیا کہ شہریوں کو درپیش مسائل ترجیحی بنیادوں پر حل کرنے کے لیے خصوصی اقدامات کیے جائیں گے

بقیہ نمبر 37 ☆☆☆

سرانجام دینے کے لئے پلس پراجیکٹ اور کوآپریٹو ڈیپارٹمنٹ کے اشتراک سے ٹریننگ کا آغاز کر دیا گیا ہے۔ اس سلسلہ میں پلس پراجیکٹ کے ہیڈ آفس میں ایک باقاعدہ ٹریننگ کا اہتمام کیا گیا جس میں کوآپریٹو ڈیپارٹمنٹ کے ملازمین نے شرکت کی۔ پراجیکٹ ڈائریکٹر عاصم سلیم نے ٹریننگ کے شرکا کو لینڈ کمپیوٹرائزیشن کی اہمیت، سافٹ ویئر، نقشہ اور جائیداد کی خرید و فروخت بارے آگاہی دی۔ اس ضمن میں سیکرٹری کوآپریٹو اور رجسٹرار کوآپریٹو نے تمام کوآپریٹو سوسائٹیز کو صرف نئے سوفٹ ویئر کے ذریعے جائیداد کی خرید و فروخت کا پابند کر دیا ہے۔ علاوہ ازیں تمام مینوئل ٹرانسفرز کو بھی فی الفور بند کر دیا گیا ہے اور کسی بھی قسم کی جعل سازی سے بچنے کے لئے سوفٹ ویئر کو نادرا سے منسلک کر دیا گیا ہے۔

بقیہ نمبر 38 ☆☆☆

سید فیاض حسین کاظمی کوٹلی، سید ضیا الحسنین بھمبر، ڈاکٹر سید سجاد حسین نقوی مظفر آباد، ایمز، سید قیصر علی شاہ سبزواری مظفر آباد) محکمہ قانون وانصاف" (سبزواری لا ایسوسی ایٹس "کے وکلامبران، سید مختار حسین گیلانی سجادہ نشین آستانہ عالیہ ندول شریف، پیر سید مبشر حسین عاشق چشتی خوشبوئے شریکیلہ شریف، سید آزاد گیلانی آف نون بگلہ، سید تصور حسین نقوی آف جہلم ویلی، سید افضال حسین ہمدانی القلم پرنٹرز، سید وقاص گیلانی، سید حسنین کاظمی ممبر ضلع کونسل، سید طاہر حسین نقوی، سید نثار گیلانی، سید ماجد بخاری، سید فیاض حسین کاظمی، ڈپٹی جنرل سیکرٹری ضلع میرپور معروف جرنلسٹ سید نثار حسین گیلانی اسلام گڑھ، چیرمین نصاب بورڈ ضلع میرپور پیر زادہ سید اعجاز حسین شاہ خوارزمی، سید مبارک حسین نقوی، سید ظاہر ہمدانی نائب صدر، پروفیسر سید اسد کاظمی نے سرپرست اعلیٰ تنظیم السادات سید صابر حسین کاظمی راجوروی صاحب سے ان کی اہلیہ کی وفات پر پیغام تعزیت دیتے ہوئے مرحومہ کی مغفرت کیلئے دعا کی ہے۔ مرکزی صدر تنظیم السادات آزاد جموں و کشمیر و مہاجرین مقیم پاکستان سید سجاد حسین گردیزی نے تعزیتی کلمات میں سرپرست اعلیٰ تنظیم السادات آزاد جموں و کشمیر و مہاجرین مقیم پاکستان سید صابر حسین کاظمی راجوروی سے ان کی اہلیہ مرحومہ کی انتقال پر اظہار تعزیت کرتے ہوئے دعائے مغفرت کی، اظہار افسوس کیا اور جملہ اہل و اقارب سے تعزیت اور صبر جمیل کی دعا کی ہے۔ ڈاکٹر پروفیسر سید نثار حسین ہمدانی، علامہ مفتی سید کفایت حسین نقوی سینئر ممبر اسلامی نظریاتی کونسل آزاد جموں و کشمیر، نے سرپرست اعلیٰ تنظیم السادات آزاد جموں و کشمیر سید صابر حسین کاظمی راجوروی کی اہلیہ کی وفات پر تعزیت پیش کرتے ہوئے مرحومہ کی مغفرت اور بخشش کے لئے دعائے مغفرت کی۔ تنظیم السادات آزاد جموں و کشمیر کے رہنما پیر سید مرتضیٰ گیلانی، سید جواد ممتاز گیلانی، پیر سید یاسر نقوی، مولانا سید حسنین کاظمی، سید اسرار حسین گیلانی، سید صغیر حسین بخاری صدر ایریا ڈویلپمنٹ آرگنائزیشن، ممتاز نقوی ایڈووکیٹ، اشفاق کاظمی ایڈووکیٹ، سید شاہد حسین ہمدانی ایڈووکیٹ، سید ارشد حسین گیلانی، سید عجائب حسین ہمدانی آف جہلم ویلی سید کرامت گیلانی، یوتھ رہنما سید تس ور گیلانی، یوتھ رہنما سید یاسر حسین بخاری آف بجیرہ، سید بلال بخاری مظفر آباد، سید زین کاظمی نے سید صابر حسین کاظمی راجوروی صاحب سے ان کی اہلیہ مرحومہ کی وفات پر تعزیت کرتے ہوئے دعائے مغفرت کی۔ دریں اثنا جملہ اکابرین سادات اور تنظیم السادات آزاد جموں و کشمیر و مہاجرین مقیم پاکستان کے مرکزی عہدیداران، ضلعی اور ڈویژنل ذمہ داران نے سید صابر حسین کاظمی راجوروی صاحب مرکزی سرپرست اعلیٰ تنظیم السادات آزاد جموں و کشمیر سے ان کی اہلیہ محترمہ کی وفات پر تعزیت پیش کی اور جملہ پسماندگان سے اظہار تعزیت کیا۔ اور دعائے مغفرت کی۔ اللہ تعالیٰ

عزوجل مرحومہ و مغفورہ کے درجات بلند فرمائیں اور لواحقین کو صبر جمیل اجر عظیم عطا فرمائیں آمین

بقیہ نمبر 39 ☆☆☆

علامات ظاہر ہونے کی صورت میں فوراً قریبی مرکز صحت یا ہسپتال جا کر اپنے خون کا ٹیسٹ کروائیں ڈسٹرکٹ ملیریا کوآرڈینیٹر حسنین نے ملیریا کے حوالے سے مقامی صحافیوں سے بات کرتے ہوئے کہا ہے کہ ملیریا ایک عام بیماری ہے جو دنیا کے گرم خطوں اور ذیلی نیم گرم خطوں حصوں میں رہنے والے لوگوں کو متاثر کرتی ہے۔ میں آپ لوگوں کو اس بیماری) ملیریا (کے بارے میں مزید بتانا چاہوں گا ملیریا ایک بیماری ہے جو پلازموڈیم کی وجہ سے ہوتی ہے جو مادہ) انوفلیس (مچھر کے کاٹنے سے پھیلتی ہے چار قسم کے پلازموڈیم ہوتے ہیں جو ملیریا کا سبب بنتے ہیں، سب سے خطرناک پلازموڈیم فالسیپورم (plasmodium falsiparum) ہوتا ہے اس بیماری کی علامات اور کیفیات بخار) پائریکسیا (، قے، جوڑوں کا درد، تھکاوٹ) تھکن (، سردی لگنا وغیرہ ہیں ملیریا کا حملہ عام طور پر کپکپاہٹ اور سردی لگنے لرزہ کے ساتھ شروع ہوتا ہے، اس کے بعد تیز بخار ہوتا ہے، اس کے بعد پسینہ آتا ہے اور معمول کے درجہ حرارت پر واپسی ہوتی ہے ملیریا کوئی متعدی بیماری نہیں ہے یعنی یہ ایک سے دوسرے میں منتقل نہیں ہوسکتا، اس لیے مچھر کے کاٹنے سے اس کے پھیلنے کا واحد طریقہ ہے ملیریا کی علامات ظاہر ہونے کی صورت میں فوراً قریبی مرکز صحت یا ہسپتال جا کر اپنے خون کا ٹیسٹ کروائیں ڈیرہ بگٹی کے بنیادی، دیہی مرکز صحت اور سرکاری ہسپتالوں میں ملیریا کی تشخیص و علاج کی سہولت مفت فراہم کی جارہی ہے گھر واپس آنے کے بعد ہاتھوں کو 20 سیکنڈ کے لیے صابن سے اچھی طرح دھوئیں مرکز صحت یا بھیڑ والی جگہوں پر جانے کے لیے ماسک کا استعمال کریں اسکا مزید یہ بھی کہنا تھا کہ ملیریا سے بچا ممکن ہے ہر رات دوا لگی مچھر دانی لگا کر سوئیں یاد رکھیں! جو مچھر دانی کورونا کے مریض کے استعمال میں رہی ہوا سے دوبارہ دھو کر ایک ہفتہ بعد ہر شخص با حفاظت استعمال کرسکتا ہے کھڑکیوں اور دروازوں میں جالیاں لگوائیں گھروں کے اطراف میں صفائی کا خاص خیال رکھیں۔ گڑھے جن میں پانی جمع ہو، ان کو مٹی سے بھر دیں مچھر بھگا لوشن کا استعمال کریں پوری آستینوں والے کپڑے پہنیں گھروں اور دیگر عمارات میں مچھر مار سپرے کریں۔

بقیہ نمبر 40 ☆☆☆

لوکل گورنمنٹ اور پنجاب انفارمیشن ٹیکنالوجی بورڈ کے درمیان آپ کی بلدیہ، ہیلپ لائن 1198 کے حوالے سے معاہدے پر دستخط کی منظوری دی۔ پبلک پراسیکیوٹرز کی ٹریننگ کے لئے سنٹر فار پروفیشنل ڈویلپمنٹ آف پبلک پراسیکیوٹرز کے لئے پنجاب گورنمنٹ رولز آف بزنس 2011 میں ترمیم کی منظوری دی گئی۔ پنجاب کے تمام سرکاری ہسپتالوں کے ایم ایس کو مالی خودمختاری دینے کا فیصلہ کیا گیا جس کے تحت ایم ایس 10 ملین روپے تک کے اخراجات خود کرسکیں گے۔ پنجاب کابینہ نے فنانشل پاورز کو ایم ایس تک تفویض کرنے کے فیصلے کی منظوری دی۔ ملتان میں نشتر انسٹی ٹیوٹ آف آپتھالمولوجی اینڈ الائیڈ ویژن سائنسز کے قیام اور سرکاری کالجز میں پرنسپلز کی تعیناتی کیلئے نظر ثانی شدہ طریقہ کار، پنجاب حکومت کے اکاؤنٹس برائے مالی سال 2022-23 کی آڈٹ رپورٹ موٹر وہیکل رجسٹریشن دستاویزات/فائلز کی سکیننگ کے حوالے سے محکمہ ایکسائز اینڈ ٹیکسیشن اور پنجاب انفارمیشن ٹیکنالوجی بورڈ کے درمیان معاہدے کے مسودے، اوکاڑہ آرٹس کونسل کا انتظام لاہور آرٹس کونسل سے واپس لے کر پنجاب آرٹس کونسل کے سپرد کرنے کی منظوری دی گئی۔ پنجاب میں بزرگان دین کے مزارات کی تزئین و آرائش اور توسیع کا فیصلہ کیا گیا ہے۔ محسن نقوی نے مرحلہ وار پروگرام کے تحت مزارات کی تزئین و آرائش اور توسیع کے پروگرام کی منظوری دے دی۔ پہلے مرحلے میں ملتان میں حضرت شاہ شمس تبریز، قصور میں حضرت بابا بلھے شاہ، پاکپتن میں بابا فریدالدین مسعود گنج شکر اور لاہور میں حضرت سید عزیز الدین پیر مکی کے مزارات کی تزئین و آرائش اور توسیع ہوگی۔ محسن نقوی نے بی بی پاکدامن کے مزار کی توسیع کے کام کو محرم الحرام سے قبل مکمل کرنے کی بھی ہدایت کی۔ محسن نقوی نے تربت کے قریب دہشتگردوں کے خلاف آپریشن میں شہید میجر ثاقب حسین اور نائیک باقر علی کو خراج عقیدت پیش کیا ہے۔ نگران وزیر اعلیٰ سے ایڈووکیٹ جنرل پنجاب خالد اسحاق نے ملاقات کی جس میں حکومت پنجاب سے متعلق عدالتی امور پر تبادلہ خیال کیا گیا۔

بقیہ نمبر 41 ☆☆☆

تجویز ہے، بل کے تحت حکومت کو کسی بھی اہم بنیادی ڈھانچے کو نوٹی فکیشن کے ذریعے ممنوعہ علاقہ قرار دینے کا اختیار دینے کی تجویز ہے، ذرائع مواصلات میں بری اور بحری راستوں کے ساتھ فضائی راستے بھی شامل کرنے کی تجویز ہے۔ مسلح افواج کی جانب سے وار گیمز، مشقوں، تربیت، تحقیق یا ترقی، افواج کی نقل و حرکت، ان کیمرا بریفنگ کے لیے عارضی طور پر استعمال کیے جانے والے مقامات کو بھی ممنوعہ مقام قرار دینے کی تجویز ہے، اندرون یا بیرون ملک محفوظ معلومات یا اثاثوں کے حامل کسی بھی مقام، اراضی، عمارت یا جائیداد کو ممنوعہ مقام قرار دینے کی تجویز کوئی بھی ایسا مقام جس تک رسائی یا اس کا استعمال پاکستان کے مفادات یا تحفظ کے خلاف ہو اسے ممنوعہ مقام قرار دیا جاسکے گا، کوئی بھی شخص جو بالواسطہ یا بلاواسطہ، ارادتاً یا غیر ارادی طور پر کسی غیر ملکی قوت، ایجنٹ، غیر ریاستی عناصر، اداروں یا گروپ کے لیے کام کرے گا اسے دشمن سمجھا جائے گا۔ کسی بھی ممنوعہ قرار دیے گئے مقام، انفارمیشن سسٹم، نیٹ ورک یا ڈیٹا تک براہ راست، الیکٹرانک یا ورچوئل رسائی کو غیر قانونی رسائی تصور کیا جائے گا، ممنوعہ قرار دیے گئے مقام تک رسائی، اس میں داخلہ، حملہ کرنا، تباہی پھیلانا جرم تصور کیا جائے گا۔ ممنوعہ قرار دیے گئے مقام کا اسکیچ بنانا، پلان یا ماڈل تیار کرنا جس سے دشمن کو فائدہ پہنچ سکے قابل سزا جرم تصور کیا جائے گا، کوئی بھی سرکاری کوڈ یا پاس ورڈ، الیکٹرانک ڈیوائس حاصل کرنا، ریکارڈ شائع کرنا یا کسی کو بتانا جرم تصور کیا جائے گا۔ کسی الیکٹرانک ڈیوائس کے ذریعے یا اس کے بغیر پاکستان کے اندر یا باہر سے دستاویز یا معلومات تک غیر قانونی رسائی حاصل کرنا جرم تصور کیا جائے گا۔ فورسز کی استعداد، اسلحہ یا آلات کی ایجاد، تحقیق، ترقی، پیداوار، مینٹی ننس، آپریشن یا اسٹوریج سے متعلق معلومات حاصل کرنا یا کسی کو بتانا جرم تصور کیا جائے گا۔ پاکستان کے اندر یا باہر کسی بھی فارن ایجنٹ کے پتے پر جانا یا اس سے منسلک ہونے کو دشمن سے رابطہ سمجھا جائے گا۔ پاکستان کے اندر یا باہر کسی بھی شخص سے دشمن یا فارن ایجنٹ کا نام یا پتا ملنے کی صورت میں بھی اسے دشمن سے رابطے میں سمجھا جائے گا۔ خفیہ اداروں سے منسلک اہل کاروں، مخبر یا ذرائع کی شناخت ظاہر کرنے والے کو مجرم تصور کیا جائے گا۔ شناخت ظاہر کرنے والے کو تین سال تک قید یا 10 لاکھ روپے تک جرمانہ یا دونوں سزائیں دی جاسکیں گی۔ شناخت ظاہر کرنے والے کی معاونت کرنے، سازش کرنے یا شناخت ظاہر کرنے کی کوشش کرنے والے کو بھی یہی سزا دی جاسکے گی۔ ایکٹ کے تحت کوئی بھی جرم سرزد ہونے یا جرم کا شک ہونے پر خفیہ ادارے کسی بھی مقام یا شخص کی بغیر وارنٹ تلاشی لے سکیں گے۔ ایکٹ کے تحت گرفتار کیے گئے شخص یا قبضے میں لیے گئے سامان کو خفیہ ادارے کا افسر تحقیقاتی افسر یا مشترکہ تحقیقاتی ٹیم کو دینے کا پابند ہوگا۔ ایکٹ کے تحت تفتیشی افسر ایف آئی اے کا گریڈ 17 یا اس سے زائد کا افسر ہوگا۔ ایکٹ کے تحت تفتیشی افسر یا جے آئی ٹی 13 روز کے اندر تحقیقات مکمل کرنے کے پابند ہوں گے۔

قومی کرکٹر صاحبزادہ فرحان آئی سی سی پلیئر آف دی منتھ قرار

صاحبزادہ فرحان کو فروری میں غیرمعمولی کارکردگی پر پلیئر آف دی منتھ قرار دیا گیا ہے

اسلام آباد(دا ایس آف ایشیا)انٹرنیشنل کرکٹ کونسل (آئی سی سی) نے پاکستان کے صاحبزادہ فرحان کو پلیئر آف دی منتھ قرار دے دیا۔صاحبزادہ فرحان نے ٹی ٹوئنٹی ورلڈ کپ کے 6 اکتوبر میں ریکارڈ 383 رنز بنائے جس میں 2 سنچریاں بھی شامل تھیں۔جبکہ میں پی بی ٹی ایس نقوی نے پلیئرآف دی منتھ ایوارڈ جیتنے پر صاحبزادہ فرحان کو مبارکباد پیش کی اور ان کے لیے نیک خواہشات کا اظہار کیا۔محسن نقوی نے کہا صاحبزادہ فرحان نے کامیابی کا اعزاز پاکستان کرکٹ کے لیے باعث فخر ہے، یہ اعزاز ان کی محنت اور پروفیشنل اپروچ کا نتیجہ ہے،امید ہے وہ اچھی کارکردگی کا تسلسل برقرار رکھیں گے۔چیئرمین پی سی بی کا مزید کہنا تھا کہ مستقبل میں صاحبزادہ فرحان اپنی صلاحیتوں اور محنت سے مزید کامیابیاں سمیٹیں گے۔واضح رہے کہ انگلینڈ کے وِل جیکس اور امریکا کے شیڈلے وین شیلٹ بھی پلیئرآف دی منتھ کے لیے نامزد ہوئے تھے۔

ورلڈ باکسنگ چیمپئن عثمان وزیر معروف اداکارہ ہانیہ عامر کو باکسنگ کی ٹریننگ دینے لگے

ہانیہ عامر کو باکسنگ کی ٹریننگ دے رہے: ڈبلیو بی او ورلڈ باکسنگ چیمپئن عثمان وزیر

کراچی(دا ایس آف ایشیا)ڈبلیو بی او ورلڈ باکسنگ چیمپئن عثمان وزیر معروف اداکارہ ہانیہ عامر کو باکسنگ کی ٹریننگ دینے لگے۔گزشتہ روز مصافحوں سے بات کرتے ہوئے پاکستانی چیمپئن نے انٹرویو میں کہا کہ وہ معروف اداکارہ ہانیہ عامر کو باکسنگ کی ٹریننگ دے رہے ہیں۔انہوں نے کہا کہ ہانیہ عامر بہترین فائٹر ہیں، جو جلد فائٹ بھی لڑیں گی۔ اس کے علاوہ عثمان وزیر نے حکومت کی جانب سے وعدہ کی گئی انعامی اکرامیاں نہ ملنے کا شکوہ بھی کیا۔مزید یہاں دوران انٹرویو پاکستانی سابق کرکٹر یوم یوم شاہد آفریدی سے رابطہ بھی ہوا، جس میں شاہد آفریدی نے عثمان وزیر کی کارکردگی کو خوب سراہا اور مبارکباد دی۔اس کے ساتھ ہی شاہد آفریدی نے اپنی فاؤنڈیشن کے تحت عثمان وزیر کی مدد کرنے کا بھی کہا اور یہ بھی کہا کہ عثمان وزیر بہترین کھلاڑی ہیں، جو نیچرلی فٹ اور ذہنی طور پر مضبوط ہیں، ایسے اتھلیٹ کو سپورٹ کرنا ہم سب کی ذمہ داری ہے۔

عید سے متعلق ریشم کا غیر معمولی بیان، سوشل میڈیا پر بحث چھڑ گئی

عالی حالات، جھگیں، تنہائی اور لوگوں کی مشکلات ان کی ذاتی خوشیوں کو بھی متاثر کرتی ہے

لاہور(دا ایس آف ایشیا)پاکستان شوبز انڈسٹری کی معروف اداکارہ ریشم ایک بار پھر خبروں میں آ گئی ہیں، اس بار وجہ ان کا عید سے متعلق دیا گیا ایک متنازعہ بیان ہے جس نے سوشل میڈیا پر بحث چھیڑ دی ہے۔ریشم نے اپنے کیریئر کا آغاز پاکستان ٹیلی وژن سے کیا اور بعد ازاں نجی دنیا میں بھی اپنی اداکاری، انداز اور گیٹ اپس کے باعث مداحوں میں مقبول رہی ہیں۔ بعد میں بھی معیار میں کمی کے باعث انہوں نے دوبارہ ٹیلی وژن کا رخ کیا اور وہاں بھی کامیاب رہیں۔حال ہی میں اداکارہ نے ایک بیان میں کہا کہ وہ اس وقت عید نہیں مناتیں جب ان کے اردگرد دیا خوشیاں نہ منا رہی ہوں۔ ان کے اس بیان پر سوشل میڈیا صارفین نے ریشم کے جذبات کو سراہتے ہوئے کہا کہ اس سال واقعی حالات ایسے ہیں کہ خوشی محسوس کرنا مشکل ہے۔ریشم کا یہ بیان جہاں کچھ لوگوں کے دل کی آواز بن گیا، وہیں کچھ کے لیے یہ ایک متنازع موقف بھی ثابت ہوا، اور یہی وجہ ہے کہ اس پر بحث کا سلسلہ تاحال جاری ہے۔

ہانیہ مرکی ساڑھی میں بولڈ تصاویر،سوشل میڈیا صارفین برہم

قادرین کی جانب سے پذیرائی کو بولڈ مسلمان پاکستانی ثقافت کو لوٹ کر لانے کا مشن قرار دیا گیا

لاہور(دا ایس آف ایشیا)پاکستانی شوبز انڈسٹری کی معروف اداکارہ ہانیہ عامر ایک بار پھر سوشل میڈیا پر موضوع بحث بن گئی ہیں۔اس بار قادرین ان کی عید کے موقع پر ساڑھی میں شوٹ کی گئیں بولڈ تصاویر پر صارفین کی جانب سے انہیں شدید تنقید کا نشانہ بنایا گیا تو دوسری جانب ان کے مداحوں نے انہیں خوب سراہا۔قادرین کی جانب سے ہانیہ عامر کو بطور مسلمان پاکستانی ثقافت کو اجاگر کرنے کا مشورہ دیا گیا۔مداحوں نے انہیں اپنا چاند قرار دیتے ہوئے کہا کہ ہماری عید تو اب ہوئی ہے۔

مبلڈن ٹینس میں پہلی بار ویڈیو ریویو سسٹم متعارف کرانے کا فیصلہ

اس سے ٹینس میں امپائرنگ کے معیار کو مزید بہتر بنانے اور تنازعات کو کم کرنے میں مدد ملے گی

مبلڈن(دا ایس آف ایشیا)دنیا کے قدیم ترین اور معتبر ٹینس ٹورنامنٹ مبلڈن چیمپئن شپ میں پہلی بار ویڈیو ریویو سسٹم متعارف کرانے کا فیصلہ کر لیا گیا ہے جس کے تحت اب کھلاڑیوں کو جبز امپائر کے بعض فیصلوں کو چیلنج کرنے کی اجازت ہوگی۔چیئمین کے مطابق اس نظام کے تحت کھلاڑی گیند کے ڈبل ہاؤنس، ریکیٹ کے جسم سے لگنے یا دیگر متنازع فیصلوں پر ریویو لے سکیں گے۔ اس کے علاوہ پوائنٹ کے اختتام پر "ہاٹ اسپاٹس" (کلاٹ) کی شکایت پر بھی ویڈیو ریویو ممکن ہوگی۔ تاہم الیکٹرانک لائن کالنگ کے فیصلوں کو چیلنج نہیں کیا جا سکے گا کیونکہ اس نظام کے بعد لائن جج کا کردار پہلے ہی ختم کیا جا چکا ہے۔انہم بات یہ ہے کہ کھلاڑیوں کے لیے ریویو کی تعداد پر کوئی پابندی عائد نہیں کی گئی، جس سے میچز میں شفافیت اور درست فیصلوں کو یقینی بنانے میں مدد ملے گی۔واضح رہے کہ یو ایس اوپن 2023 اور آسٹریلین اوپن 2025 میں یہ سسٹم پہلے ہی متعارف کرایا جا چکا ہے، جبکہ ایف ٹی اے نور بھی آئندہ سیزن تک تمام اوپنس میں ویڈیو ریویو سسٹم نافذ کرنے کا فیصلہ کیا گیا ہے۔مارین کے مطابق اس جدید ٹیکنالوجی کے استعمال سے ٹینس میں امپائرنگ کے معیار کو مزید بہتر بنانے اور تنازعات کو کم کرنے میں مدد ملے گی۔

آسٹریلیا اور نیوزی لینڈ کے نامور کھلاڑی پاکستان پہنچ گئے

تیمور مغل، جنید قلیچ، میٹ ہنری، ٹم ساؤتھی سمیت ملتان سلطانز کے تمام غیر ملکی کھلاڑی پاکستان پہنچ چکے ہیں

اسلام آباد(دا ایس آف ایشیا) پاکستان سپر لیگ کے گیارھویں ایڈیشن میں شرکت کے لیے آسٹریلیا اور نیوزی لینڈ کے نامور کھلاڑی پاکستان پہنچ گئے۔اسلام آباد یونائیٹڈ کی جانب سے جاری کردہ ویڈیو میں نیوزی لینڈ کے ڈیون کونوے اور مارک چیپمین نے ایئرپورٹ پر پہنچ کر اپنے مداحوں کو اردو زبان میں پیغام دیا۔ویڈیو میں دونوں کھلاڑیو کو ایک ساتھ دیکھا جاسکتا ہے جبکہ مارک چیپمین کہتے ہیں 'ہم آگئے ہیں شیرو'۔دوسری جانب ملتان سلطانز کے آسٹریلوی پیسر اسٹیو اسمتھ بھی لاہور پہنچ گئے ہیں۔ان کے علاوہ تیمرز مغل، جنید قلیچ، میٹ ہنری، ٹم ساؤتھی سمیت ملتان سلطانز کے تمام غیر ملکی کھلاڑی پاکستان پہنچ چکے ہیں۔واضح رہے کہ پی ایس ایل 11 کے شیڈول میں بڑی تبدیلی کی گئی ہے۔پی سی بی نے کفایت شعاری اقدامات کے تحت ٹورنامنٹ کو صرف دو شہروں میں اور تماشائیوں کے بغیر کرانے کا فیصلہ کیا ہے۔چیئرمین پی سی بی نے گزشتہ روز پریس کانفرنس میں کہا تھا کہ شائقین سے معذرت خواہ ہیں، ٹکٹ کے پیسے واپس کیے جائیں گے۔

ایرانی فٹبال ٹیم کے کھلاڑی کو بے وفائی کے سنگین فعل پر قومی ٹیم سے نکال دیا

2014 میں ڈیبیو کرنے والے فٹبالر 91 انٹرنیشنل میچز میں 57 گول اسکور کر چکے ہیں

تہران (دا ایس آف ایشیا)ایرانی فٹبال ٹیم کے سرکردہ کھلاڑی سردار ازمون کو بے وفائی کے سنگین فعل پر قومی ٹیم سے نکال دیا گیا ہے۔2014 میں ڈیبیو کرنے والے فٹبالر 91 انٹرنیشنل میچز میں 57 گول اسکور کر چکے ہیں ایرانی میڈیا رپورٹ کے مطابق متعدد عرب امارات میں شباب الاہلی کلب پال کلب کی نمائندگی کرنے والے اسٹرائیکر ازمون نے دبئی کے نائٹ کلب محمد بن راشد الگتوم کے ساتھ مداحوں کی تصویر سوشل میڈیا پر پوسٹ کرنے کے ایرانی حکام کو پریشان کردیا۔

15 سالہ کرکٹرنے اپنے پہلے ٹی ٹوئنٹی میں تاریخ رقم کر دی

انہوں نے یہ سنگ میل صرف 15 سال اور 223 دن کی عمر میں حاصل کیا

اسلام آباد(دا ایس آف ایشیا)راجستھان رائلز کے نوجوان بیٹر ویبھو سوریا ونشی نے کرکٹ کی دنیا میں اپنے پہلے ٹی ٹوئنٹی میچ میں تاریخ رقم کر دی۔انہوں نے یہ عالمی ریکارڈ گجرات ٹائٹنز کے خلاف کھیلے گئے میچ میں 15 سال کی عمر میں اپنے پہلے ٹی ٹوئنٹی میچ میں 70 رنز بنا کر قائم کیا جہاں انہوں نے کئی سابق ریکارڈز توڑ ڈالے۔ ٹیلی ٹوئنٹی نے اپنے ڈیبیو میچ میں 65 گیندوں پر 7 چھکوں کی مدد سے 101 رنز اسکور کیے اور ویبھو ٹی 20 انٹرنیشنل کرکٹ کی تاریخ میں سنچری بنانے والی ام عمر ترین کھلاڑی بن گئیں۔

میسی کا ایک اور اعزاز، برازیلین لیجنڈ پیلے کو پیچھے چھوڑ دیا

لیونل میسی نے انٹرنیشنل کی جانب سے کھیلتے ہوئے اپنے فٹبال کیریئر کا 901واں گول اسکور کیا

ارجنٹینا (دا ایس آف ایشیا)ارجنٹینا کے لیونل میسی نے ایک اور بڑا اعزاز حاصل کرلیا۔تفصیلات کے مطابق لیونل میسی نے انٹرنیشنل کی جانب سے کھیلتے ہوئے اپنے فٹبال کیریئر کا 901واں گول اسکور کیا۔اس گول کی خاص بات یہ تھی کہ یہ فری کک پر 71واں گول تھا۔ اس طرح میسی فری کک کے حوالے سے بھی دنیا کے کامیاب ترین کھلاڑی بن گئے ہیں۔میسی نے برازیلین لیجنڈ پیلے کو پیچھے چھوڑتے ہوئے دوسرے نمبر پر آگئے ہیں۔اب تک فٹبال کیریئر میں فری کک پر سب سے زیادہ گول کرنے کا اعزاز برازیل کے جونیئر کے پاس ہے جنہوں نے 77 گول اسکور کیے ہیں۔پیلے 70 گول کے ساتھ تیسرے، برازیل کے رونالڈینہو اور ارجنٹینا کے لیجنڈ لیونل میسی 66، 66 گول کے ساتھ بالترتیب چوتھے اور پانچویں نمبر پر آتے ہیں۔

ستاروں کی دنیا



رشتے میں وہ ہمارے باپ لگتے ہیں، فہد مصطفیٰ کی والد کے ہمراہ تصاویر وائرل

فہد مصطفیٰ ان دنوں شوبز انڈسٹری میں اپنی منفرد اداکاری اور اسٹائل کی وجہ سے خاصے مقبول ہیں

لاہور(دا ایس آف ایشیا)پاکستانی اداکار فہد مصطفیٰ کی سوشل میڈیا پر نئی تصاویر نے مداحوں کی توجہ اپنی جانب مبذول کر لی ہے جس میں انہیں اپنے والد کے ہمراہ نظر آ رہے ہیں۔انسٹاگرام پر شیئر کی گئی تصاویر میں فہد مصطفیٰ روایتی لباس میں ملبوس ہیں جبکہ ان کے ساتھ ان کے والد بھی موجود ہیں۔ دونوں کو ایک عمارت کے اندر داخل ہوتے ہوئے دیکھا جا سکتا ہے تصاویر میں ان کی باڈی لینگویج خاصی پراعتماد نظر آ رہی ہے۔اداکار نے تصاویر کے ساتھ دلچسپ کیپشن بھی تحریر کیا جس میں انہوں نے لکھا کہ"رشتے میں وہ ہمارے باپ لگتے ہیں، نام ہے صلاح الدین"، جس پر مداحوں کی جانب سے مزاحیہ اور شیت تبصروں کا سلسلہ جاری ہے۔

پاکستانی اداکارہ فضا علی نے اپنی تیسری شادی کا اعلان کردیا

اداکارہ نے عیدالفطر کے پہلے روز اپنے انسٹاگرام اکاؤنٹ پر تصاویر شیئر کیں، جن میں ان کے شوہر اور بیٹی بھی نظر آرہے ہیں

کراچی: (دا ایس آف ایشیا)پاکستانی اداکارہ فضا علی نے اپنی تیسری شادی کا اعلان کرتے ہوئے بتایا ہے کہ انہوں نے اجاز خان کے ساتھ سادگی اور گھی تقریب میں نکاح کر لیا ہے۔اداکارہ نے عیدالفطر کے پہلے روز اپنے انسٹاگرام اکاؤنٹ پر تصاویر شیئر کیں، جن میں ان کے شوہر اور بیٹی بھی نظر آرہے ہیں۔ انہوں نے اپنی تقریب نکاح کے لیے سیاہ رنگ کے لباس کا انتخاب کیا تھا جبکہ دولہا شلوار قمیض کے ساتھ سیاہ کوٹ میں ملبوس تھے۔اپنی پوسٹ میں فضا علی نے جذباتی انداز میں لکھا کہ 41 برس کی عمر میں اللہ نے انہیں سچے اور خوش خیال ساتھی سے نوازا ہے، اور اب انہیں اپنا نصف ساتھی مل گیا ہے۔انہوں نے مزید لکھا کہ آج سے میں صرف فضا علی نہیں بلکہ مسز اجاز خان ہوں، ساتھ ہی انہوں نے مداحوں سے اپنی نئی زندگی کے لیے دعاؤں کی درخواست بھی کی۔خیال رہے کہ فضا علی نے 2007 میں فواد فاروق سے شادی کی تھی اور دونوں کی ایک بیٹی بھی ہے۔ شادی کے 3 سال بعد دونوں کے درمیان طلاق ہوگئی تھی۔بعد ازاں فضا علی نے 2018 میں کاروباری شخصیت ایاز ملک سے شادی کی تھی مگر یہ بھی زیادہ دن تک قائم نہ رہ سکی تھی، فضا علی نے ایک انٹرویو میں کہا تھا کہ شادی شدہ ہی لگ کریں گی جب انہیں کوئی ایسا لگے جو ان کی بیٹی کو قبول کرے گا۔

طواف کے دوران ویڈیو نہ بنائیں: اداکار گوہر رشید

اتی مقدس جگہ خانہ کعبہ کو دیکھنے آئے ہیں اور وہاں سیلفی لے رہے ہیں

لاہور(دا ایس آف ایشیا)پاکستانی شوبز انڈسٹری سے تعلق رکھنے والے اداکار گوہر رشید نے طواف کے دوران مداحوں کی ویڈیو بنانے سے گریز کرنے کی اپیل کی ہے۔حال ہی میں اداکارہ کبریٰ خان اور ان کے شوہر اداکار گوہر رشید نے اپنے زندگی کے مختلف واقعات پر گفتگو کی۔مداحوں کی جانب سے سیلفی لینے کے موضوع پر بات کرتے ہوئے اداکار گوہر نے عمرے کے دوران مداحوں کی ویڈیو بنانے پر گریز کرنے کی اپیل کی۔انہوں نے کہا کہ آپ اتی مقدس جگہ پر ہیں، اس بار وجہ ان کا عید منانے کا انداز تھا جو کہ بالکل مختلف تھا۔ انہوں نے کہا کہ ہم نے اس بار عید کو بہت سادگی سے منایا، ہم نے کوئی بڑا اہتمام نہیں کیا، ہم نے کوئی بڑا کھانا نہیں بنایا، ہم نے کوئی بڑا کپڑا نہیں خریدا، ہم نے کوئی بڑا جوتا نہیں خریدا، ہم نے کوئی بڑا زیور نہیں خریدا، ہم نے کوئی بڑا کام نہیں کیا، ہم نے کوئی بڑا کھانا نہیں کھایا، ہم نے کوئی بڑا کپڑا نہیں پہنا، ہم نے کوئی بڑا زیور نہیں پہن

بھارت اور افغانستان کی جارحیت کا افواج پاکستان نے ایسا جواب دیا کہ دنیا میں مثالیں بن گئیں

انہوں نے کہا کہ بھارتی جارحیت پر پاکستان نے ایسا جواب دیا جو ہندوستان کو مدتوں یاد رہے گا حاجی اسرار احمد

گگو منڈی (نمائندہ خصوصی) بھارت اور افغانستان کی جارحیت کا افواج پاکستان نے ایسا جواب دیا کہ دنیا میں مثالیں بن گئیں فیلڈ مارشل کے جواب کو بھارت مدتوں یاد رکھے گا ان خیالات کا اظہار معروف مسلم لیگی رہنما حاجی اسرار احمد نے بھارت اور افغانستان کی جارحیت پر تبصرہ کرتے ہوئے کیا انہوں نے کہا کہ فیلڈ مارشل عاصم منیر کی قیادت میں افواج پاکستان نے بھارت اور افغانستان کی طرف سے مسلط کی جانے والی جارحیت کا ایسا جواب دیا کہ افواج پاکستان کی بہادری اور عسکری قوت کی مثالیں بن گئیں انہوں نے کہا کہ بھارتی جارحیت پر پاکستان نے ایسا جواب دیا جو ہندوستان کو مدتوں یاد رہے گا فیلڈ مارشل عاصم منیر کا بھارتی فورسز اور حکمرانوں پر ایسا خوف طاری ہے جس کی مثال نہیں ملتی اسی خوف کی وجہ سے بھارت پاکستان کی فورسز کا سامنا کرنے کی بجائے افغانستان کے پیچھے چھپ کر دہشت گردی کر رہا ہے مگر پاکستان نے افغانستان کو ایسا سخت جواب دیا جس سے اس کی چیخیں پوری دنیا نے سنی افواج پاکستان نے ثابت کر دیا کہ جو کچھ افغانستان میں امریکہ اور روس نہ کر سکے وہ افواج پاکستان نے چند روز میں ہی کر دیکھایا جس سے افغانستان کے ساتھ ساتھ اس کے سپانسر بھارت کو بھی اندازہ ہو گیا ہے کہ ہم افواج پاکستان کا مقابلہ نہیں کر سکتے انہوں نے کہا کہ پوری قوم افواج پاکستان کے ساتھ کندھے سے کندھا ملا کر کھڑی ہے اور قوم کو فیلڈ مارشل عاصم منیر اور افواج پاکستان پر فخر ہے۔

چاندرات کے موقع پر ایس ایچ او نے شہر بھر میں سیکیورٹی کے سخت انتظامات کو یقینی بنایا

شہریوں کا کہنا تھا کہ پولیس کی بروقت اور فعال حکمت عملی کے باعث وہ عید کی خوشیوں کو پرسکون ماحول میں منانے میں کامیاب رہے

گگو منڈی (نمائندہ خصوصی) چاندرات کے موقع پر ایس ایچ او خالد محمود چوہان نے اپنی پولیس ٹیم کے ہمراہ شہر بھر میں سیکیورٹی کے سخت انتظامات کو یقینی بنایا۔ انہوں نے بازاروں، مساجد اور بس اسٹاپس کا دورہ کرتے ہوئے جامع چیکنگ کی اور سیکیورٹی صورتحال کا جائزہ لیا ایس ایچ او خالد محمود چوہان کی نگرانی میں پولیس کی جانب سے مؤثر گشت کے باعث رمضان المبارک اور عید کے موقع پر امن و امان کی صورتحال مکمل طور پر برقرار رہی۔ کسی بھی مقام سے کسی ناخوشگوار واقعہ کی اطلاع موصول نہیں ہوئی، جس پر شہریوں نے پولیس کی کارکردگی کو سراہا ۔شہریوں کا کہنا تھا کہ پولیس کی بروقت اور فعال حکمت عملی کے باعث وہ عید کی خوشیوں کو پرسکون ماحول میں منانے میں کامیاب رہے

دیوان برادری کے ساگر جنرل سٹور اور پردیپ دیوان میں ڈکیتی کی شدید مذمت کرتے ہیں

ہم مطالبہ کرتے ہیں کہ ایس ایس پی لاڑکانہ نوٹس لیں، لوٹی گئی رقم واپس کروائی جائے، مجرموں کو گرفتار کیا جائے

سیکرٹری نثار احمد مغیری اور تمام رہنما

لاڑکانہ (بیورو چیف) لاڑکانہ شہری اتحاد گزشتہ روز عید کے موقع پر رائل چوک پر واقع دیوان برادری کے ساگر جنرل سٹور اور پردیپ دیوان میں ڈکیتی کی شدید مذمت کرتا ہے۔ ہم مطالبہ کرتے ہیں کہ ایس ایس پی لاڑکانہ نوٹس لیں، لوٹی گئی رقم واپس کروائی جائے، مجرموں کو گرفتار کیا جائے اور شہر میں امن کی بحالی کے لیے سخت اقدامات کیے جائیں۔ صدر نیاز حسین ابڑو، جنرل

تھانہ گلشنِ اقبال پولیس نے اسٹریٹ کرائم کی وارداتوں میں ملوث ملزمان کو گرفتار کرلیا

ملزم عثمان عادی جرائم پیشہ اور قبل ازبھی موٹر سائیکل لفٹنگ کے مقدمات میں گرفتار ہو کر جیل جا چکا ہے۔

کراچی (بیورو چیف) موٹر سائیکل لفٹرز اسٹریٹ کرمنلز گرفتار ایسٹ زون، تھانہ گلشنِ اقبال پولیس نے اسٹریٹ کرائم کی وارداتوں میں ملوث ملزمان کو گرفتار کرلیا۔ پولیس نے دورانِ گشت راشد منہاس روڈ کے قریب کارروائی کر کے دو ملزمان کو گرفتار کیا۔ گرفتار ملزمان کے قبضے سے دو غیر قانونی اسلحہ پستول بمعہ ایمونیشن اور موٹر سائیکل برآمد۔ برآمدہ موٹر سائیکل نمبری KNZ-0286 تھانہ کورنگی کے علاقے سے سرقہ شدہ ہے۔ ملزمان کے خلاف سندھ اسلحہ ایکٹ کے تحت مقدمات درج کر لیے گئے ہیں مزید تفتیش جاری ہے۔ گرفتار ملزمان میں محمد عثمان ولد محمد صادق اور عزیر ولد عزیز الرحمٰن شامل ہیں۔ ملزم عثمان عادی جرائم پیشہ اور قبل ازبھی موٹر سائیکل لفٹنگ کے مقدمات میں گرفتار ہو کر جیل جا چکا ہے۔

یوم پاکستان کے حوالے سے ریلیاں اور تقریبات بھی منعقد کی جائیں گی

اور کسی بھی مشکوک سرگرمی کی فوری اطلاع قریبی پولیس اسٹیشن یا ہیلپ لائن 15 کو دیں۔ پولیس آپ کے تحفظ کے لیے ہمہ وقت تیار ہے۔

کراچی (بیورو چیف) 23 مارچ یوم پاکستان کے موقع پر زون ویسٹ کے تفریحی مقامات، پارکس اور دیگر عوامی مقامات پر شہریوں کا غیر معمولی رش متوقع ہے، اس کے علاوہ یومِ پاکستان کے حوالے سے ریلیاں اور تقریبات بھی منعقد کی جائیں گی۔ ڈی آئی جی ویسٹ زون عرفان بلوچ صاحب نے تمام فیلڈ افسران کو ہدایت جاری کی ہیں کہ: -اہم شاہراہوں، تفریحی مقامات اور رش والے علاقوں میں مؤثر سیکیورٹی انتظامات کو یقینی بنایا جائے۔ -پارکس اور عوامی اجتماعات کی جگہوں پر خصوصی نظر رکھی جائے۔ -یومِ پاکستان کے حوالے سے نکالی جانے والی ریلیوں کی مناسب مانیٹرنگ اور سیکیورٹی فراہم کی جائے۔ -مشکوک افراد اور سرگرمیوں پر کڑی نظر رکھتے ہوئے بروقت کارروائی عمل میں لائی جائے۔ -ٹریفک کی روانی کو برقرار رکھنے کے لیے ٹریفک پولیس کے ساتھ مکمل کوآرڈینیشن رکھا جائے تاکہ ٹریفک کی روانی میں خلل پیدا نہ ہو اور شہریوں کو پریشانی کا سامنا نہ کرنا پڑے۔ -ڈیوٹی کے دوران الرٹ رہتے ہوئے شہریوں کے جان و مال کے تحفظ کو یقینی بنایا جائے۔ عوام سے بھی گزارش ہے کہ وہ پولیس کے ساتھ مکمل تعاون کریں اور کسی بھی مشکوک سرگرمی کی فوری اطلاع قریبی پولیس اسٹیشن یا ہیلپ لائن 15 کو دیں۔ پولیس آپ کے تحفظ کے لیے ہمہ وقت تیار ہے۔

ارسلان کمپلیکس میں جدید طبی سہولیات اور جدید مشینری فراہم کی جارہی ہے

ملاقات کے اختتام پر باہمی نیک تمناؤں کا اظہار کیا گیا اور ملک و قوم کی ترقی و خوشحالی کے لیے دعا بھی کی گئی۔

بوریوالا (محمد نعیم سے) عید کے پرمسرت موقع پر عید کے تیسرے روز سی ای او ارسلان کمپلیکس شیخ فاضل ایم بی بی ایس ڈاکٹر غلام نبی عابد اور ان کے صاحبزادے محمد منیب قادر سے محسن مغل، حاجی وحید مرزا اور حمزہ وحید نے ملاقات کی اور عید کی دلی مبارکباد پیش کی۔ ملاقات کے دوران علاقائی ترقی اور عوامی فلاح کے حوالے سے تبادلہ خیال کیا گیا۔ اس موقع پر ڈاکٹر غلام نبی عابد نے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ ارسلان کمپلیکس میں جدید طبی سہولیات اور جدید مشینری فراہم کی جارہی ہے تاکہ عوام کو بہتر اور معیاری علاج میسر آ سکے۔ انہوں نے عید کے موقع پر قوم کو مبارکباد دیتے ہوئے کہا کہ یہ خوشیوں کا تہوار ہمیں اتحاد، محبت اور بھائی چارے کا درس دیتا ہے۔ اس موقع پر محسن مغل، حاجی وحید مرزا نے ڈاکٹر غلام نبی عابد کی شعبہ طب میں گراں قدر خدمات کو سراہتے ہوئے کہا کہ وہ نہ صرف ایک قابل معالج ہیں بلکہ انسانیت کی خدمت میں بھی نمایاں کردار ادا کر رہے ہیں جو قابل تحسین ہے۔ ملاقات کے اختتام پر باہمی نیک تمناؤں کا اظہار کیا گیا اور ملک و قوم کی ترقی و خوشحالی کے لیے دعا بھی کی گئی۔

گگومنڈی میں گھریلو ناچاقی پر شوہر کی جانب سے بیوی پر مبینہ تشدد کا واقعہ سامنے آیا ہے

پولیس حکام کا کہنا ہے کہ خواتین پر تشدد کے خلاف وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز کی ہدایات کے مطابق زیرو ٹالرنس پالیسی پر عمل کیا جا رہا ہے

گگومنڈی (نامہ نگار) شوہر کا بیوی پر مبینہ تشدد، ملزم گرفتار گگومنڈی کے نواحی علاقے بستی محمد پورہ میں گھریلو ناچاقی پر شوہر کی جانب سے بیوی پر مبینہ تشدد کا واقعہ سامنے آیا ہے۔ متاثرہ خاتون نے پولیس کو اطلاع دی کہ اس کے شوہر نے اسے تشدد کا نشانہ بنایا، جس پر اس نے فوری طور پر پکار 15 پر کال کی۔ اطلاع ملنے پر ایس ایچ او تھانہ گگومنڈی خالد محمود چوہان اپنی ٹیم کے ہمراہ موقع پر پہنچے اور کارروائی کرتے ہوئے ملزم کو گرفتار کر کے پابند سلاسل کر دیا۔ پولیس نے ملزم کے خلاف مقدمہ درج کر لیا ہے۔ پولیس حکام کا کہنا ہے کہ خواتین پر تشدد کے خلاف وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز کی ہدایات کے مطابق زیرو ٹالرنس پالیسی پر عمل کیا جا رہا ہے، اور ایسے واقعات میں ملوث افراد کے خلاف سخت قانونی کارروائی عمل میں لائی جائے گی۔

کراچی: سی ٹی ڈی کی بڑی کارروائی، ریلوے ٹریک دھماکوں میں ملوث 5 دہشت گرد گرفتار

تحقیقات میں یہ بھی انکشاف ہوا ہے کہ دہشت گردوں نے بلوچستان کے علاقے لہڑی سے ٹریننگ حاصل کی

کراچی (محمد خالد مغل) سی ٹی ڈی کی بڑی کارروائی، ریلوے ٹریک دھماکوں میں ملوث 5 دہشت گرد گرفتار کراچی میں سی ٹی ڈی، سویلین اور وفاقی حساس اداروں نے مشترکہ کارروائی کرتے ہوئے ریلوے ٹریک پر دھماکے کا منصوبہ ناکام بنا دیا، کالعدم تنظیم بلوچ ریپبلکن گارڈ کے 5 دہشت گرد گرفتار کر لیے گئے۔ گرفتار دہشت گردوں کے قبضے سے بارودی مواد، آئی ای ڈی اور اسلحہ ایمونیشن برآمد ہوا ہے، جبکہ گرفتار ملزمان میں کمانڈر جھنور، علی جان، نور محمد، جامک اور نیاز شامل ہیں۔ وزیر داخلہ سندھ ضیا الحسن لنجار نے کامیاب کارروائی پر ڈی آئی جی سی ٹی ڈی، وفاقی حساس اداروں اور ٹیموں کو شاباش دیتے ہوئے کہا ہے کہ دہشت گرد انسانیت کے دشمن ہیں اور ان کے خلاف کارروائیاں قابلِ ستائش ہیں۔ حکام کے مطابق گرفتار دہشت گرد کالعدم تنظیم بلوچ ریپبلکن گارڈ سے وابستہ ہیں اور دوران تفتیش انہوں نے متعدد کارروائیوں کا اعتراف کیا، جن میں 18 جون 2025 کو جیکب آباد، 28 جولائی، 7 اکتوبر (جعفر ایکسپریس)، 16 دسمبر 2025 اور 26 جنوری 2026 کو ضلع شکار پور کے مختلف علاقوں میں ریلوے ٹریک پر دھماکے شامل ہیں۔ تحقیقات میں یہ بھی انکشاف ہوا ہے کہ دہشت گردوں نے بلوچستان کے علاقے لہڑی سے ٹریننگ حاصل کی، جہاں انہیں اسلحہ چلانے اور آئی ای ڈی نصب کرنے کی تربیت دی گئی، جبکہ بارودی مواد بھی وہیں سے فراہم کیا جاتا تھا۔

اکادمی ادبیات اسلام آباد میں یوم پاکستان کے موقع پر پرچم کشائی کی تقریب ہوئی

انہوں نے اپنے دورِ قیادت میں مکالمے، فکری تبادلے اور ادبی سرگرمیوں کو فروغ دیا، جو موجودہ دور کی اہم ضرورت ہے

اسلام آباد (سارہ خان) اکادمی ادبیات پاکستان میں یومِ پاکستان کے موقع پر مارچ کو ایک پروقار تقریبِ پرچم کشائی کا اہتمام کیا گیا۔ تقریب میں محترمہ قیصرہ علوی، جناب جبار مرزا، محترمہ فریدہ حفیظ، محترمہ افشاں عباسی، جناب امداد آکاش، جناب اقبال حسین افکار اور صدرنشین اکادمی پروفیسر ڈاکٹر نجیبہ عارف کے علاوہ نائب ناظم جناب میر نواز سولنگی، نائب ناظم ڈاکٹر بی بی امینہ، افسرِ انتظامیہ محترمہ رفیقہ نازلی اور اکادمی کے عملے سمیت دیگر معززین شریک ہوئے۔ تقریب کا آغاز پرچم کشائی اور قومی ترانے سے ہوا، جس کے بعد جناب جبار مرزا نے ملک کی سلامتی، استحکام اور ترقی کے لیے خصوصی دعا کروائی۔ اس موقع پر شرکا نے وطنِ عزیز کے ساتھ اپنی وابستگی اور یکجہتی کا اظہار کیا۔ بعد ازاں چائے کے دوران میں ایک غیر رسمی نشست کا انعقاد ہوا، جس میں تاریخ کے مختلف ادوار اور متنوع ادبی و سماجی موضوعات پر گفتگو کی گئی۔ تقریباً ایک گھنٹے تک جاری رہنے والی اس نشست میں شرکا نے صدرنشین اکادمی پروفیسر ڈاکٹر نجیبہ عارف کے کردار کو بھی سراہا کہ انہوں نے اپنے دورِ قیادت میں مکالمے، فکری تبادلے اور ادبی سرگرمیوں کو فروغ دیا، جو موجودہ دور کی اہم ضرورت ہے۔ یہ تقریب خوشگوار اور باوقار ماحول میں اختتام پذیر ہوئی، جہاں قومی جذبے، فکری ہم آہنگی اور ادبی روایات کے فروغ کا واضح اظہار دیکھنے میں آیا۔

لاہور (وائس آف ایشیا) حاجی محمد طفیل ٹیپو وائس چیئرمین وائس آف ایشیا سینئر رہنما مسلم لیگ ن مظفر علی بھٹی ایم این اے مسلم لیگ ن محمد ابراہیم، محمد پرویز، وقار جانی سید رضوان محمد بلال اور محمد رضوان اللہ کی جامعہ مسجد گیلانی میں سید عمران علی شاہ گیلانی کی امامت میں نماز عید کے بعد دوستوں کے ساتھ گروپ فوٹو

شہدا قوم کا فخر ہیں اور ان کی قربانیاں ہمیشہ یاد رکھی جائیں گی آر پی او

اللہ تعالیٰ مہر عمران وینس شہید کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور پسماندگان کو صبر جمیل دے۔

بھاگٹانوالہ (محمد شفیق) عیدالفطر کے پرمسرت موقع پر ڈی پی او سرگودھا صہیب اشرف اور آر پی او سرگودھا شہزادہ آصف خان نے ماگنی شریف میں شہید مہر عمران وینس کے گھر جا کر ان کے اہل خانہ سے ملاقات کی۔ اس موقع پر انہوں نے شہید کی والدہ اور بھائیوں سے دلی ہمدردی اور تعزیت کا اظہار کیا اور شہید کی عظیم قربانی کو خراج عقیدت پیش کیا۔ پولیس افسران کا کہنا تھا کہ شہدا قوم کا فخر ہیں اور ان کی قربانیاں ہمیشہ یاد رکھی جائیں گی۔ انہوں نے یقین دلایا کہ محکمہ پولیس شہدا کے خاندانوں کو کبھی تنہا نہیں چھوڑے گا اور ہر ممکن تعاون جاری رکھا جائے گا۔ یاد رہے کہ مہر عمران وینس نے گزشتہ سال 21 رمضان المبارک کی بابرکت رات جام شہادت نوش کیا تھا۔ ان کی قربانی کو علاقہ بھر میں قدر کی نگاہ سے دیکھا جاتا ہے اور عوام انہیں سلام پیش کرتے ہیں۔ آخر میں شہید کے درجات کی بلندی کے لیے دعا کی گئی کہ اللہ تعالیٰ مہر عمران وینس شہید کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور پسماندگان کو صبر جمیل دے۔

پولیس اہلکاروں نے نہ صرف اپنی پیشہ ورانہ ذمہ داریاں احسن طریقے سے انجام دیں

ایس ایچ او اسامہ اسد کی قیادت میں پولیس ٹیم نے جرائم کی روک تھام اور امن و امان کے قیام میں اہم کردار ادا کیا

بھاگٹانوالہ (محمد شفیق) اہلِ علاقہ کی جانب سے پولیس کو خراج تحسین: عیدالفطر کے پرمسرت موقع پر اہلِ بھاگٹانوالہ نے تھانہ بھاگٹانوالہ کے ایس ایچ او اسامہ اسد اور ان کی ٹیم کو پرامن ماحول فراہم کرنے اور امن و امان کی بہترین صورتحال برقرار رکھنے پر زبردست خراجِ تحسین پیش کیا ہے۔ شہریوں کا کہنا ہے کہ عید کے دنوں میں بازاروں، مساجد اور عوامی مقامات پر پولیس کی مؤثر گشت اور سیکیورٹی اقدامات کے باعث عوام نے خود کو محفوظ محسوس کیا۔ پولیس اہلکاروں نے نہ صرف اپنی پیشہ ورانہ ذمہ داریاں احسن طریقے سے انجام دیں بلکہ شہریوں کے ساتھ خوش اخلاقی کا مظاہرہ بھی کیا۔ اہل علاقہ نے کہا کہ ایس ایچ او اسامہ اسد کی قیادت میں پولیس ٹیم نے جرائم کی روک تھام اور امن و امان کے قیام میں اہم کردار ادا کیا، جس کی بدولت عیدالفطر خوشیوں اور سکون کے ساتھ گزری۔ شہریوں نے اعلیٰ حکام سے مطالبہ کیا کہ ایسے محنتی اور فرض شناس افسران کی حوصلہ افزائی کی جائے تاکہ وہ مزید جذبے کے ساتھ اپنی خدمات جاری رکھیں گے

حلقہ کو پتھر کے دور سے نکال کر جدید بنیادی انسانی سہولیات دینا ہمارا مشن ہے

سردار حاجی امین نے آئندہ انتخابات میں مسلم کانفرنس کے نامزد امیدوار برائے LA 20 پونچھ ڈاکٹر عرفان کی حمایت کا اعلان کر دیا

کھائیگلہ (یشرف حسین خان) کھائیگلہ کہوکوٹ کی معروف سیاسی و سماجی شخصیت سردار حاجی امین نے آئندہ انتخابات میں مسلم کانفرنس کے نامزد امیدوار برائے LA 20 پونچھ ڈاکٹر عرفان کی حمایت کا اعلان کر دیا۔ ڈاکٹر عرفان کی وفد کے ہمراہ حاجی امین کی رہائش گاہ آمد حلقہ کو پتھر کے دور سے نکال کر جدید بنیادی انسانی سہولیات دینا ہمارا مشن ہے ڈاکٹر عرفان اس موقع پر سردار ذاکر حسین، بابر علی، سردار اسحاق، سردار وحید، سردار شوکت حسین ایڈووکیٹ اور دیگر موجود تھے۔

انسپکٹر پیرا فورس عائشہ سیف کے پٹرول پمپس پر چھاپے پمپس کو 30 ہزار روپے کا جرمانہ عائد کر دیا

اس موقع پر انسپکٹر پیرا فورس عائشہ سیف نے کہا کہ پٹرول کی عدم دستیابی اور پیمانہ کم رکھنے والے پٹرول پمپس کیخلاف کارروائیاں جاری رکھیں گے

ڈسکہ (چوہدری احسان بریار سے) پٹرول کی عدم دستیابی اور پیمانہ کم رکھنے والے پمپس کیخلاف پیرا فورس کی کارروائیاں، انسپکٹر پیرا فورس نے 2 پمپس کو مجموعی طور پر 60 ہزار روپے جرمانہ عائد کر دیا۔ تفصیلات کے مطابق اسسٹنٹ کمشنر ڈسکہ کی خصوصی ہدایت پر انسپکٹر پیرا فورس عائشہ سیف نے اپنی ٹیم کے ہمراہ مختلف پٹرول پمپس پر چھاپے مارے اور پیمانہ کم ہونے اور پٹرول کی عدم دستیابی پر رنجائی اور گلوٹیاں کے قریب پمپس کو 30، 30 ہزار روپے کا جرمانہ عائد کر دیا۔ اس موقع پر انسپکٹر پیرا فورس عائشہ سیف نے کہا کہ پٹرول کی عدم دستیابی اور پیمانہ کم رکھنے والے پٹرول پمپس کیخلاف کارروائیاں جاری رکھیں گے۔ انہوں نے مزید کہا کہ قانون کی خلاف ورزی ہرگز برداشت نہیں کی جائیگی۔

سینئر صحافی ایم اقبال انجم ڈھڈی راجپوت بہاول پور کو میڈیا کوارڈ نامزد کر دیا ہے

ہر محکمہ کی اچھی کارکردگی اور بدعنوانی کرپشن اور عوامی شکایات کی رپورٹ مرتب کر کے ہیڈ آفس اسلام آباد ارسال کی جائیں

بہاول پور (ایم اقبال انجم) گورنمنٹ آف پاکستان نیشنل کمیشن فار لاجسٹس اینڈ انٹر فیتھ ہرمنی ہیومن رائٹس اسلام آباد کے ایڈیشنل سیکرٹری ڈاکٹر عبدالحسیب نے ڈائریکٹر جنرل لاجسٹس کمیشن ڈاکٹر رانا جاوید اقبال فاروق کی مشاورت سے بہاول پور کے سینئر صحافی ایم اقبال انجم ڈھڈی راجپوت بہاول پور کو میڈیا کوارڈینیٹر نیشنل کمیشن فار لاجسٹس اینڈ انٹر فیتھ ہرمنی ہیومن رائٹس نامزد کرتے ہوئے تمام اعلیٰ افسران کو نوٹیفیکیشن جاری کر دیا ہے اس بارے میں ڈاکٹر فاروق جاوید رانا نے انہیں ہدایت کی ہے کہ ہر محکمہ کی اچھی کارکردگی اور بدعنوانی کرپشن اور عوامی شکایات کی رپورٹ مرتب کر کے ہیڈ آفس اسلام آباد ارسال کی جائیں

خیرپور پولیس کی بروقت کامیاب کارروائی 06 گھنٹوں کے اندر چوری شدہ کار برآمد

چیئرمین پرویز احمد بھٹی نے پولیس کو اطلاع دی کہ نامعلوم ملزمان ان کی گلکس کار بلال پارک سے چوری کر کے لے گئے

خیرپور (بیورو چیف) خیرپور پولیس کی بروقت کامیاب کارروائی 06 گھنٹوں کے اندر چوری شدہ کار برآمد ایس ایس پی خیرپور ڈاکٹر سمیع اللہ سومرو کے احکامات پر خیرپور پولیس کی بروقت اہم اور بہترین کارروائی ٹاؤن کمیٹی فقیر آباد کے چیئرمین پرویز احمد بھٹی نے پولیس کو اطلاع دی کہ نامعلوم ملزمان ان کی گلکس کار بلال پارک سے چوری کر کے لے گئے ہیں ایسی اطلاع موصول ہونے کے بعد خیرپور پولیس نے فوراً اس واقع کی اطلاع ضلعی وائرلیس کنٹرول کے ذریعے پورے ضلع کے تھانوں پہ دے دی پولیس نے اس گمشدہ کار کو اپنے ذرائع کے ذریعے بھی تلاش کرنا شروع کر دیا۔ خیرپور پولیس نے ٹھیک 06 گھنٹے کے اندر دوران ناکا بندی تھانہ رانیپور کی حدود سے چوری شدہ کار برآمد کر کے اصل مالک پرویز احمد بھٹی کے حوالے کر دی ایس ایس پی خیرپور ڈاکٹر سمیع اللہ کی جانب سے پولیس پارٹی کے لئے شاباشی کا پیغام۔

یوم پاکستان کے موقع پر ضلع کونسل وہاڑی میں پرچم کشائی تقریب منعقد ہوئی

پولیس اور ریسکیو 1122 کے چاک و چوبند دستوں نے قومی پرچم کو سلامی پیش کی قومی ترانہ پیش کیا گیا

وہاڑی (عبدالغفار) یوم پاکستان کے موقع پر ضلع کونسل وہاڑی میں پرچم کشائی تقریب منعقد ہوئی۔ ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر جنرل غلام مرتضی نے پرچم کشائی کی۔ پولیس اور ریسکیو 1122 کے چاک و چوبند دستوں نے قومی پرچم کو سلامی پیش کی قومی ترانہ پیش کیا گیا اسسٹنٹ کمشنر وہاڑی انعم اکرم، ڈی ایس پی رضوان خان اور دیگر افسران بھی موجود تھے ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر جنرل غلام مرتضی نے کہا کہ یوم پاکستان ہمارے قومی تشخص اور خودمختاری کی علامت ہے 23 مارچ 1940 کی قرارداد نے مسلمانوں کو ایک آزاد مملکت کے حصول کے لیے واضح سمت متعین کی۔ یوم پاکستان ہمیں اتحاد، ایمان اور تنظیم کے اصولوں پر عمل پیرا ہونے کا درس دیتا ہے ملکی ترقی کے لیے ہمیں بانی پاکستان قائداعظم کے نظریات کو اپنانا ہوگا اور ملک کی سلامتی، استحکام اور خوشحالی کے لیے سب کو مل کر کردار ادا کرنا ہوگا انہوں نے کہا کہ یوم پاکستان تجدید عہد کا دن ہے کہ ہم وطن عزیز کی ترقی کے لیے اپنی ذمہ داریاں نبھائیں۔ اس موقع پر ڈپٹی ڈائریکٹر پبلک ریلیشنز میاں نعیم عاصم، ڈپٹی ڈائریکٹر کالجز عزیز طاہر، اسسٹنٹ ڈائریکٹر سوشل ویلفیئر رائے محمد اشفاق، سنیئر ہیڈ ماسٹر گورنمنٹ اسلامیہ سکول ظفر جمیل، پرنسپل گورنمنٹ ماڈل ہائر سیکنڈری سکول چوہدری محمد یونس اور دیگر افسران موجود تھے

گوردوارہ بابے دی بیری سیالکوٹ میں بابا گرو نانک جی کی آمد

صوبائی وزیر برائے اقلیتی امور سردار رمیش سنگھ اروڑہ اور سردار جسکرن سنگھ نے خصوصی شرکت کی، جبکہ سکھ برادری کے مقامی و غیر ملکی یاتریوں کی بڑی تعداد بھی شریک ہوئی

سیالکوٹ (مرید حسین باجوہ) گوردوارہ بابے دی بیری سیالکوٹ میں بابا گرو نانک جی کی آمد کی یاد میں سالانہ تین روزہ مذہبی رسومات کی اختتامی تقریب عقیدت و احترام کے ساتھ منعقد کی گئیں۔ صوبائی وزیر برائے اقلیتی امور سردار رمیش سنگھ اروڑہ اور سردار جسکرن سنگھ نے خصوصی شرکت کی، جبکہ سکھ برادری کے مقامی و غیر ملکی یاتریوں کی بڑی تعداد بھی شریک ہوئی۔ صوبائی وزیر سردار رمیش سنگھ اروڑہ نے تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ پاکستان ہمیشہ امن، رواداری اور بین المذاہب ہم آہنگی کا داعی رہا ہے۔ انہوں نے کہا کہ وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کی قیادت میں اقلیتوں کے مسائل ترجیحی بنیادوں پر حل کیے جا رہے ہیں اور ان کے مذہبی و سماجی حقوق کے تحفظ کے لئے ٹھوس اقدامات اٹھائے جا رہے ہیں۔ انہوں نے اس امر پر بھی اطمینان کا اظہار کیا کہ حکومت نے مختلف مقدس مقامات کو قبضہ گروپوں سے واگزار کروا کر انہیں اصل حیثیت میں بحال کرنے کا عمل شروع کیا ہے، جس پر اقلیتی برادری حکومت کی شکر گزار ہے۔ رمیش سنگھ اروڑہ نے کہا کہ گوردوارہ بالی صاحب سیالکوٹ اور گوردوارہ فتح بھنڈر ڈسکہ کی بحالی اور تزئین و آرائش کا کام بھی جلد شروع کیا جائے گا تاکہ ان مقدس مقامات کو مزید بہتر سہولیات کے ساتھ یاتریوں کے لئے کھولا جا سکے۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان میں اقلیتیں اپنے مذہبی تہوار مکمل آزادی کے ساتھ مناتی ہیں اور حکومت کی جانب سے ہر ممکن تعاون فراہم کیا جاتا ہے۔ انہوں نے بتایا کہ 5 اپریل کو ایسٹر جبکہ 14 اپریل کو بیساکھی کا تہوار بھی پورے جوش و خروش سے منایا جائے گا۔ سردار جسکرن سنگھ نے اس موقع پر گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ بابا گرو نانک جی 1517 میں اس مقام پر تشریف لائے تھے، جس کی یاد میں ہر سال 21، 22 اور 23 مارچ کو یہ تہوار منایا جاتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ ان دنوں دنیا بھر سے سکھ یاتری سیالکوٹ آتے ہیں اور گوردوارہ بابے دی بیری میں مذہبی رسومات میں بھرپور شرکت کرتے ہیں، جس سے بین الاقوامی سطح پر پاکستان کا مثبت اور پرامن تشخص اجاگر ہوتا ہے۔ تقریب کے اختتام پر ملکی سلامتی، ترقی، خوشحالی اور بین المذاہب ہم آہنگی کے فروغ کے لئے خصوصی دعائیں کی گئیں، جبکہ شرکا نے اس عزم کا اعادہ کیا کہ پاکستان میں محبت، برداشت اور بھائی چارے کی فضا کو مزید مضبوط بنایا جائے گا۔

ڈی سی کمپلیکس میں یوم پاکستان کی مرکزی تقریب کا انعقاد کیا گیا

آج تجدید عہد کا دن ہے کہ ملکی دفاع پر کوئی سمجھوتا نہیں ہوگا، ڈپٹی کمشنر، نوجوان نسل کو نظریہ پاکستان سے آگاہ کرنا وقت کی اہم ضرورت ہے، ڈی پی او

سیالکوٹ (مرید حسین باجوہ) یوم پاکستان کے حوالے سے ضلع کی مرکزی تقریب ڈپٹی کمشنر کمپلیکس سیالکوٹ میں سادگی کے ساتھ مگر پروقار انداز میں منعقد ہوئی۔ تقریب میں ڈپٹی کمشنر صبا اصغر علی اور ڈی پی او کیپٹن (ر) دوست محمد نے خصوصی طور پر شرکت کی۔ جبکہ ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر ریونیو عباس ذوالقرنین، اسسٹنٹ کمشنر سیالکوٹ صفدر شبیر، ضلعی افسران، علما، تاجر برادری، طلبہ اور زندگی کے مختلف شعبوں سے تعلق رکھنے والے افراد بھی شریک ہوئے۔ تقریب کا آغاز پرچم کشائی سے ہوا جس کے بعد قومی ترانہ پیش کیا گیا۔ اس موقع پر فضا پاکستان زندہ باد کے نعروں سے گونج اٹھی۔ پنجاب پولیس، ریسکیو 1122 اور شہری دفاع کے دستوں نے سلامی پیش کی۔ تقریب سے خطاب کرتے ہوئے ڈپٹی کمشنر صبا اصغر علی نے کہا کہ یوم پاکستان تجدید عہد کا دن ہے کہ ملک کے دفاع پر کوئی سمجھوتہ نہیں کیا جائے گا۔ انہوں نے اس عزم کا اعادہ کیا جائے کہ وطن عزیز کے تحفظ کے لئے کسی قربانی سے دریغ نہیں کیا جائے گا۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان بے شمار قربانیوں کے بعد حاصل کیا گیا ہے، لہذا ہمیں اپنی آزادی کی قدر کرنی چاہئے۔ ڈی پی او کیپٹن (ر) دوست محمد نے اپنے خطاب میں کہا کہ نوجوان نسل کو نظریہ پاکستان سے آگاہ کرنا وقت کی اہم ضرورت ہے۔ انہوں نے کہا کہ یومِ پاکستان ہمیں اتحاد، ایمان اور تنظیم کا درس دیتا ہے، جن اصولوں پر عمل کر کے ہم ملک کو ترقی کی راہ پر گامزن کر سکتے ہیں۔ تقریب کے اختتام پر شرکا کی جانب سے ملکی سلامتی، ترقی اور خوشحالی کے لیے خصوصی دعائیں کی گئیں، جبکہ اس عزم کا اعادہ کیا گیا کہ پاکستان کو ایک مضبوط اور خوشحال ملک بنانے کے لیے ہر ممکن کردار ادا کیا جائے گا۔

اندھیر نگری چوپٹ راج با اثر افراد کی پشت پناہی یا چمک کا کمال کا ہو گیا

82 کروڑ روپے مالیت کی 82 کنال سرکاری شہری جائیداد پر ماسٹر عبدالستار لینڈ مافیا وغیرہ نے دوبارہ ناجائز قبضہ کر کے پلاٹس بنا کر فروخت شروع کر دیں

بہاولپور (نامہ نگار) اندھیر نگری چوپٹ راج با اثر افراد کی پشت پناہی یا چمک کا کمال اسسٹنٹ کمشنر سٹی بہاولپور اور محمد اقبال پٹواری موضع حمایتی شہر بہاولپور وغیرہ کی مبینہ پشت پناہی سے سابق اسسٹنٹ کمشنر سٹی بہاولپور ڈاکٹر ثنا رام چند کی جانب سے واگزار شدہ 82 کروڑ روپے مالیت کی 82 کنال سرکاری شہری جائیداد پر ماسٹر عبدالستار لینڈ مافیا وغیرہ نے دوبارہ ناجائز قبضہ کر کے پلاٹس بنا کر فروخت شروع کر دیں اسسٹنٹ کمشنر سٹی بہاولپور خلیل احمد پرہار کو متعدد بار ناجائز تعمیرات مسمار کرنے اور بحق سرکار واگزار شدہ شہری قیمتی سرکاری جائیداد واگزار کروانے کیلئے کہا گیا حتی کہ سابق ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر ریونیو بہاولپور نے لیٹرز لکھے مگر اسسٹنٹ کمشنر سٹی بہاولپور ٹس سے مس نہیں ہوئے مفاد سرکار کی بجائے لینڈ مافیا کے مفاد کو ترجیح دیتے رہے یہی وجہ ہے کہ شاداب کالونی موضع حمایتی تحصیل سٹی بہاولپور میں سرکاری ماسٹر عبدالستار کی سربراہی میں لینڈ مافیا دھڑلے سے پلاٹس فروخت کرنے اور ناجائز تعمیرات کا سلسلہ جاری رکھے ہوئے ہے اور ناجائز تعمیرات کا سلسلہ تیزی سے شروع کر دیا گیا ہے، نقشہ برانچ میونسپل کارپوریشن بہاولپور کے ایم او پی سنیئر بلڈنگ انسپکٹر عبدالرزاق اور علی اکبر کامران وغیرہ چیف آفیسر میونسپل کارپوریشن بہاولپور کی ملی بھگت سے ناجائز تعمیرات مسمار کرنے کی بجائے "حصہ بقدر جثہ" وصولی پر لگے ہوئے ہیں کمشنر بہاولپور مس مسرت جبیں اگرچہ دلیر خاتون کمشنر ہیں گروہ بھی کرپٹ عناصر کے آگے بے بسی کی تصویر بنی بیٹھی ہیں اگرچہ ڈپٹی کمشنر حسن رضا ضلع بھر میں سرکاری جائیداد کے کسٹوڈین ہیں مگر انہیں بھی لینڈ مافیا نے ناک آؤٹ کیا ہوا ہے وزیراعلیٰ پنجاب کی پیرا فورس اور بہاولپور انتظامیہ 82 کروڑ روپے مالیت کی سرکاری شہری جائیداد واگزار کروانے میں بری طرح ناکام بنادی گئی ہیں محمد اقبال پٹواری کی جانب سے لینڈ مافیا کی سرپرستی کی جا رہی ہے قانون کے مطابق پٹواری گرداور و ریونیو افسر اس بات کے پابند ہیں کہ علاقے میں ہونے والی لینڈ مافیا کی وارداتوں کی نسبت تحریری طور پر رپٹ روزنامچہ میں اندراج کریں اور افسران بالا کو بروقت آگاہی دیں اور ناجائز تعمیرات کرنیوالوں سے ثبوت ملکیت حاصل کریں اور سروے لسٹ مرتب کر کے افسران بالا کو مطلع کریں غلام رسول خان چیئرمین نیشنل پریس کلب بہاولپور چیئرمین پاکستان عوامی احتساب پارٹی بہاولپور نے وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف چیف سیکرٹری پنجاب ایڈیشنل چیف سیکرٹری پنجاب اور ساؤتھ پنجاب ملتان سینئر ممبر بورڈ آف ریونیو پنجاب لاہور سمیت کمشنر مس مسرت جبیں ڈپٹی کمشنر بہاولپور حسن رضا اور ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر ریونیو بہاولپور سے مطالبہ کیا ہے کہ فوری طور پر 82 کنال سرکاری شہری جائیداد ملحقہ شاداب کالونی موضع حمایتی تحصیل سٹی بہاولپور دوبارہ واگزار کروائی جائے اور سرکاری زمین پر تعمیرات مسمار کی جائیں اسسٹنٹ کمشنر سٹی بہاولپور اور محمد اقبال پٹواری چیف آفیسر میونسپل کارپوریشن بہاولپور اور ایم او پلاننگ اور عبدالرزاق بلڈنگ انسپکٹر سمیت علی اکبر کامران اور دیگر ذمہ داران کو معطل کیا جائے اور انکے خلاف تحقیقات کروائی جائیں۔

ہم قائداعظم محمد علی جناح کے سنہری اصولوں ایمان اتحاد اور نظم و ضبط کو اپنی زندگیوں کا مشعلِ راہ بنائیں

23 مارچ 1940 محض ایک قرارداد کی منظوری کا دن نہیں بلکہ یہ برصغیر کے مسلمانوں کے اس غیر متزلزل عزم اور خواب کی تعبیر کا نقطہ آغاز تھا

اسلام آباد (عباس ملک) یوم پاکستان کے تاریخی موقع پر روبینہ کوثر پبلک ریلیشنز آفیسر و اسکالر نے اپنے خصوصی پیغام میں پوری قوم کو مبارکباد پیش کی ہے۔ انہوں نے اس دن کی اہمیت پر روشنی ڈالتے ہوئے کہا کہ 23 مارچ 1940 محض ایک قرارداد کی منظوری کا دن نہیں بلکہ یہ برصغیر کے مسلمانوں کے اس غیر متزلزل عزم اور خواب کی تعبیر کا نقطہ آغاز تھا جس نے دنیا کے نقشے پر ایک آزاد اسلامی ریاست کو جنم دیا۔ روبینہ کوثر نے اپنے بیان میں زور دیا کہ آج کے دن ہمیں اپنے اسلاف کی قربانیوں کو یاد کرنے کے ساتھ ساتھ اس عہد کی تجدید کرنی چاہیے کہ ہم اپنی تمام تر صلاحیتیں پاکستان کی تعمیر و ترقی، امن اور استحکام کے لیے وقف کریں گے۔ انہوں نے مزید کہا کہ ایک ذمہ دار شہری اور سرکاری افسر کے طور پر ہم سب پر یہ ذمہ داری عائد ہوتی ہے کہ ہم قائداعظم محمد علی جناح کے سنہری اصولوں "ایمان، اتحاد اور نظم و ضبط" کو اپنی زندگیوں کا مشعلِ راہ بنائیں۔ انہوں نے اس امید کا اظہار کیا کہ تعلیم، تحقیق اور سماجی انصاف کے فروغ کے ذریعے ہم پاکستان کو عالمی سطح پر ایک باوقار اور ترقی یافتہ مقام دلانے میں کامیاب ہوں گے۔ آخر میں انہوں نے مادر وطن کی سلامتی، خوشحالی اور استحکام کے لیے خصوصی دعا بھی کی ہے

یہ دن محض ایک تاریخ نہیں بلکہ ایک عہد ایک نظریہ اور ایک جدوجہد کی روشن علامت ہے

یومِ پاکستان ہمیں یہ سبق دیتا ہے کہ قومیں صرف نعروں سے نہیں بلکہ کردار، قربانی، دیانت اور سچائی سے بنتی ہیں۔ عالمگیر خان

رکن پور (نامہ نگار) یوم پاکستان: عہدِ وفا کی تجدید، سچ، استحاد اور قومی یکجہتی کا پیغام پاکستان فلاح پارٹی جنوبی پنجاب کے صدر عالمگیر خان نے 23 مارچ یومِ پاکستان کے موقع پر جاری خصوصی پیغام میں کہا کہ یہ دن محض ایک تاریخ نہیں بلکہ ایک عہد، ایک نظریہ اور ایک جدوجہد کی روشن علامت ہے۔ یہ وہ دن ہے جب برصغیر کے مسلمانوں نے اپنی شناخت، آزادی اور خودمختاری کے حصول کے لیے ایک واضح اور تاریخی فیصلہ کیا، جس نے ایک عظیم مملکت کی بنیاد رکھی۔ عالمگیر خان نے مزید کہا کہ یومِ پاکستان ہمیں یہ سبق دیتا ہے کہ قومیں صرف نعروں سے نہیں بلکہ کردار، قربانی، دیانت اور سچائی سے بنتی ہیں۔ اگر آج بھی ہم ان اصولوں کو اپنی زندگی کا حصہ بنا لیں تو وہی خواب، جس کے لیے ہمارے اسلاف نے بے مثال قربانیاں دیں، دوبارہ حقیقت بن سکتا ہے۔

ساہیوال یوم پاکستان کے موقع پر کمشنر آفس ساہیوال میں پروقار تقریب کا انعقاد کیا گیا

یوم پاکستان کے موقع پر ساہیوال پولیس اس عزم کا اعادہ کرتی ہے کہ شہریوں کے جان و مال کے تحفظ اور امن و امان کے قیام کے لیے ہر ممکن اقدامات جاری رکھے جائیں گے

ساہیوال (منیر ساجد ارائیں سے) ڈی پی او ساہیوال محمد عثمان ٹیپو نے کمشنر آفس ساہیوال میں یومِ پاکستان کے حوالے سے منعقد ہونے والی پروقار تقریب میں شرکت کی۔ اس موقع پر آر پی او ساہیوال محمد ایاز سلیم، کمشنر ساہیوال ڈاکٹر آصف طفیل، ڈپٹی کمشنر ساہیوال سمیع اللہ فاروق سیاسی و سماجی شخصیات اور ممبران امن کمیٹی بھی موجود تھے۔ تقریب کا آغاز پرچم کشائی سے ہوا، جس کے بعد پنجاب پولیس، جیل پولیس اور پیرا فورس کے چاق و چوبند دستوں نے قومی پرچم کو سلامی پیش کی۔ اس موقع پر ملک کی سلامتی، ترقی اور خوشحالی کے لیے خصوصی دعا بھی کی گئی۔ مقررین نے یوم پاکستان کی تاریخی اہمیت کو اجاگر کرتے ہوئے اس عزم کا اعادہ کیا کہ وطن عزیز کی حفاظت اور عوام کی خدمت کے لیے تمام وسائل بروئے کار لائے جائیں گے۔ یوم پاکستان کے موقع پر ساہیوال پولیس اس عزم کا اعادہ کرتی ہے کہ شہریوں کے جان و مال کے تحفظ اور امن و امان کے قیام کے لیے ہر ممکن اقدامات جاری رکھے جائیں گے

یوم پاکستان کے موقع پر قومی پرچم کشائی اور کیک کاٹنے کی ایک باوقار تقریب کا انعقاد کیا گیا

تقریب کا آغاز قومی ترانے اور پرچم کشائی سے ہوا۔ اس موقع پر کیک کاٹا گیا اور ملک کی ترقی و سلامتی کے لئے خصوصی دعا کروائی گئی

ساہیوال (منیر ساجد ارائیں سے) پنجاب آرٹس کونسل ساہیوال ڈویژن کے زیر اہتمام یوم پاکستان کے موقع پر قومی پرچم کشائی اور کیک کاٹنے کی ایک باوقار تقریب کا انعقاد۔ مسلم لیگ (ن) کے سنئیر رہنما پیر احسان الحق ادریس تقریب کے مہمان خصوصی تھے۔ تقریب کا آغاز قومی ترانے اور پرچم کشائی سے ہوا۔ اس موقع پر کیک کاٹا گیا اور ملک کی ترقی و سلامتی کے لئے خصوصی دعا کروائی گئی۔ پیر احسان الحق ادریس نے اپنے خطاب میں کہا کہ 23 مارچ کا دن ہمیں ان عظیم قربانیوں کی یاد دلاتا ہے جو ہمارے اسلاف نے ایک آزاد ریاست کے حصول کے لیے دیں۔ آج ہمیں پہلے سے کہیں زیادہ اتحاد اور نظم و ضبط کی ضرورت ہے تاکہ پاکستان کو استحکام اور معاشی خوشحالی کی راہ پر گامزن کیا جا سکے۔ تقریب کے مہمان اعزاز ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر جنرل ڈاکٹر نیاز احمد مغل نے کہا کہ نوجوان نسل کو تحریک پاکستان کے اصل مقاصد سے آگاہ کرنا وقت کی اہم ضرورت ہے اور ہم سب کو مل کر ملک کی نظریاتی و جغرافیائی سرحدوں کی حفاظت کا عہد کرنا ہوگا۔ اسسٹنٹ کمشنر ساہیوال ماہم واحد نے کہا کہ آرٹس کونسل اپنی ثقافتی اور ادبی سرگرمیوں کے ذریعے نظریہ پاکستان کی ترویج کے لیے بہترین کام کر رہی ہے۔ انہوں نے کہا کہ قومی دنوں پر تقریبات کا انعقاد حب الوطنی کے جذبے کو جلا بخشنے کے لیے ناگزیر ہے تاکہ ہم اپنی منزل کی جانب ثابت قدمی سے بڑھ سکیں۔ تقریب میں ڈائریکٹر پبلک ریلیشنز محمد عقیل اشفاق، ڈائریکٹر آرٹس کونسل ڈاکٹر ریاض ہمدانی، اسسٹنٹ ڈائریکٹر الیاس اکبر سگلہ، حذیفہ ارشد ساؤتھ ایشین کراٹے چیمپین، استاد منور علی اور دیگر اہم سیاسی و سماجی شخصیات نے بھی شرکت کی اور ملک کی سلامتی کے لیے دعا کی۔

انچارج سی سی ڈی ملک محمد سلیم ڈرگھ عمرے کی سعادت حاصل کرنے کے بعد واپس اپنے آبائی وطن پہنچ گئے

دوست احباب عمائدین علاقہ اور ڈرگھ برادری کی بڑی تعداد ملک محمد سلیم ڈرگھ کو عمرے کی ادائیگی پر مبارکباد پیش کرنے کے لئے انکی رہائش گاہ پر آ رہے ہیں

رکن پور (نمائندہ خصوصی) CCD انچارج سرکل صادق آباد ملک محمد سلیم ڈرگھ عمرے کی سعادت حاصل کرنے کے بعد واپس اپنے آبائی وطن پہنچ گئے دوست احباب عمائدین علاقہ اور ڈرگھ برادری کی بڑی تعداد ملک محمد سلیم ڈرگھ کو عمرے کی ادائیگی پر مبارکباد پیش کرنے کے لئے انکی رہائش گاہ پر آ رہے ہیں۔ نامور سینئر صحافی عبدالحکیم آزاد، راشد چانڈیو، جاوید بلوچ و فرید کورائی نے عمرے کی ادائیگی پر مبارکباد پیش کی۔ اور ملک محمد سلیم ڈرگھ اور ان کے والد ملک محمد شمس ڈرگھ کو انکی رہائش گاہ پر پھولوں کے ہار پہنائے اور مبارکباد پیش کی گئیں۔ تفصیل کے مطابق ڈسٹرکٹ رحیم یار خان کی تحصیل صادق آباد سرکل انچارج ملک محمد سلیم ڈرگھ اور انکے والد ملک محمد شمس ڈرگھ سعودی عرب میں عمرے کی ادائیگی کے بعد واپس اپنے وطن پہنچ گئے۔ مبارکباد پیش کرنے کے لئے نامور سینئر صحافی عبدالحکیم آزاد، راشد چانڈیو، جاوید بلوچ اور فرید کورائی نے پھولوں کے ہار پہنائے اور مبارکباد پیش کیں، اس موقع پر سی سی ڈی انچارج ملک محمد سلیم ڈرگھ نے صحافیوں سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ حرمین شریفین مسجد نبوی صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم میں سکون کی کیفیت بیان کیں۔ تمام مسلمانوں کو حج اور عمرے اور روضہ رسول صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم پر حاضری اور سلام پیش کرنے کی سعادت حاصل کرنے کی دعا کی ملک محمد سلیم ڈرگھ نے مظلوم فلسطینیوں کی مدامت مسلمہ کی ترقی اور خوشحالی اور مسلم ممالک کے درمیان اتحاد قائم کرنے مسلمانوں کے مسائل کے حل زخمیوں مریضوں کی صحت یابی تمام انسانوں اور جنوں کی خواہشات پورا کرنے کی خصوصی دعائیں مانگی۔ اور اپنے وطن عزیز ملک پاکستان اور تمام امت مسلمہ کے لیے خصوصی دعا بھی کی فرمائی کہ اللہ پاک ہمیشہ پاکستان کی حفاظت فرمائے اور ہمارے ملک پاکستان کے تمام معزز اداروں کی ہمیشہ خیر اور حفاظت فرمائے اور ترقی عطا فرمائے، آپ سب کو خوش رکھے آمین۔ ملک محمد سلیم ڈرگھ کو عمرے کی بہت بہت مبارکباد پیش کی گئی

دارالامان میں بھی عید کی خوشیاں وقار اور مسرت کے ساتھ منائی گئیں

ڈپٹی کمشنر اور ڈی پی او نے دارالامان میں مقیم خواتین اور بچوں میں عید گفٹس، مٹھائی، جوسز اور چاکلیٹس تقسیم کیں

وہاڑی (عبدالغفار) دارالامان میں بھی عید کی خوشیاں وقار اور مسرت کے ساتھ منائی گئیں۔ ڈپٹی کمشنر وہاڑی خالد جاوید گورائیہ اور ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر تصور اقبال نے دارالامان کا دورہ کیا۔ ڈپٹی کمشنر اور ڈی پی او نے دارالامان میں مقیم خواتین اور بچوں میں عید گفٹس، مٹھائی، جوسز اور چاکلیٹس تقسیم کیں۔ انہوں نے صفائی، رہائشی سہولیات، سیکیورٹی اور تعلیم و تربیت کے انتظامات کا بھی جائزہ لیا جبکہ دارالامان میں مزید بہتری کے لیے ضروری ہدایات جاری کیں۔ اس موقع پر ڈپٹی کمشنر خالد جاوید گورائیہ نے کہا کہ وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کے وژن کے مطابق دارالامان میں مقیم خواتین کو عید کی خوشیوں میں شامل کرنا ہماری ذمہ داری ہے۔ دارالامان میں مقیم خواتین کا خصوصی خیال رکھا جا رہا ہے اور انہیں نفسیاتی سپورٹ بھی فراہم کی جا رہی ہے تاکہ وہ معاشرے کا باوقار حصہ بن سکیں۔ ڈپٹی کمشنر نے کہا کہ دعا ہے کہ اللہ تعالیٰ دارالامان میں مقیم خواتین کی مشکلات آسان کرے۔ ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر تصور اقبال نے اس موقع پر کہا کہ دارالامان میں مقیم خواتین کو مکمل تحفظ فراہم کیا جا رہا ہے اور انہیں عید کی خوشیوں میں شامل کرنا ہماری ذمہ داری ہے۔ اس موقع پر ایس ڈی ای او پیرا وقاص انجم، ڈی ڈی پی آر میاں نعیم عاصم، سپرنٹنڈنٹ دارالامان آصفہ مجید اور دیگر افسران بھی موجود تھے۔

پارک میں لگے خستہ حال جھولے شہریوں کے لیے خطرہ بن گئے

انتظامیہ با اثر مالکان کے سامنے بے بس، کسی بڑے سانحہ کا انتظار، قیمتی جانوں کے ضیاع کا خطرہ۔

گگومنڈی (نمائندہ خصوصی) پارک میں لگے خستہ حال جھولے شہریوں کے لیے خطرہ بن گئے۔ انتظامیہ با اثر مالکان کے سامنے بے بس کسی بڑے سانحہ کا انتظار، قیمتی جانوں کے ضیاع کا خطرہ تفصیلات کے مطابق گگومنڈی کے جملیرا روڈ پر واقع زین ٹاؤن کے پارک کے اندر نصب جھولے فٹنس سرٹیفکیٹ کے بغیر اور انتہائی خستہ حالت میں موجود ہیں جس کے باعث بچوں اور شہریوں کی قیمتی جانیں داؤ پر لگ گئی ہیں مقامی رہائشیوں کے مطابق جھولوں کی زنجیریں زنگ آلود ہو چکی ہیں جبکہ سیٹیں بھی ٹوٹ پھوٹ کا شکار ہیں لیکن اس کے باوجود انتظامیہ کی جانب سے کوئی توجہ نہیں دی جا رہی ہے شہریوں محبوب عالم محمد اکرم محمد افضل، ندیم بھٹی، فرزند علی و دیگر کا کہنا ہے کہ روزانہ کی بنیاد پر بڑی تعداد میں بچے اور خواتین ان جھولوں پر سوار ہوتے ہیں اور کسی بھی وقت کوئی بڑا حادثہ پیش آ سکتا ہے والدین شدید تشویش کا اظہار کرتے ہوئے مطالبہ کر رہے ہیں کہ فوری طور پر جھولوں کا معائنہ کر کے فٹنس سرٹیفکیٹ جاری کیا جائے یا ناقابل استعمال جھولوں کو ہٹا دیا جائے شہریوں نے ڈپٹی کمشنر وہاڑی اسسٹنٹ کمشنر اور متعلقہ حکام سے اپیل کی ہے کہ وہ فوری نوٹس لے کر پارک میں موجود جھولوں کی مرمت یا تبدیلی کو یقینی بنائیں تاکہ کسی ممکنہ حادثے سے بچا جا سکے یاد رہے کہ تین روز قبل انتظامیہ کی طرف سے پارک میں لگے جھولوں کو بند کروا دیا گیا تھا لیکن ایک گھنٹے ہی زین ٹاؤن مالکان نے زبردستی جھولے چالو کر دیے ہیں